مسیحی گیت کی کتاب

نظر ثانی کی ہوئی جلد

آگرہ

سکندرہ یتیموں کے چھاپہ خانہ میں چھاپی گئی

سنہ ۱۸۹۹ع

فہرست
مضمون کی

فہرست پہلی سطروں کی

گیت

فہرست پہلی سطروں کی

نمبر

فہرست پہلی سطروں کی

فهرست پهلي سطرون كي

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

نمبر

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

بھجن اور غزل

نمبر

فہرست پہلی سطروں کی

فہرست پہلی سطروں کی

صبح کے گیت

پہلا گیت

۱
صبح کے وقت کریم خدا
سن میری دعا کی آواز
میں تیری طرف تاکونگا
قبول کر بندے کی نیاز +

۲
جس جگہہ ہے مسیح شفیع
خدا کے تخت کی پاک درگاہ
خدا کے دہنے ہاتھ رفیع
اُس طرف میری ہے نگاہ +

۳
جو ہیں شریر اور بےشعور
کہ جھوٹھے لوگ اور بدکردار
نہ آتے تیرے پاک حضور
ہیں تیرے سامھنے ناگوار +

۴
تیری توجّہ کی بہتات
اور میں مشتاق ہوں ای خدا
ہے میری طرف دن اور رات
تیری مقدّس ہیکل کا +

۵
پس تیرے گھر میں جاؤنگا
میں خوف سے کرونگا سجود
اور تیری ثنا گاؤنگا
تیرے حضور ای پاک معبود +

(2) دوسرا گیت (۲)

۱
اندھیارا گیا ہے
ہم شکر کرنے کو
نوروں کے باپ پروردگار
اور روشنی ہے نمود
ہیں حاضر ای معبود
ہم تیرے ہیں شکرگذار +

۲
تاریکی دلوں کی
اور اپنے منہہ کا نور
نوروں کے باپ پروردگار
جو ہم میں ہے مٹا
اب بندوں پر چمکا
ہم تیرے ہیں شکرگذار +

اور دن بھر کریں ہم ۳ حقیقی نور کا کام
اور دل سے مانیں بھی سب تیرے پاک احکام
نوروں کے باپ پروردگار ہم تیرے ہیں شکرگذار +

عمر کی شام کے وقت ۴ خوف سے بچانے کو
تو موت کی وادی میں ہمارا حامی ہو
نوروں کے باپ پروردگار ہم تیرے ہیں شکرگذار +

اور تو قیامت میں ۵ اپنے خاص رحم سے
تو نور آسمانی میں ہم سبکو فضل دے
نوروں کے باپ پروردگار ہم تیرے ہیں شکرگذار +

(۳) تیسرا گیت (ق3)

آسمانی باپ ہم تیرے ۱ ہیں دل سے ثناخوان
کہ اٹھے ہیں سویرے بخوشی اور امان +
رات بھر تو نے حفاظت ۲ اور نگہبانی کی
اب مزید کو دی ہے طاقت آواس کو تازگی +
ممدوح ہو تیری رحمت ۳ اور الفت ای خدا
ہم سب پر اپنی برکت اور فضل نت فرما +
دل کی تو دے صفائی ۴ بدچالی سے بچا
اور دن بھر رہنمائی تو کر خداوندا +

صباح کے گیت

(۴) چوتھا گیت (۴)

۱
تیار ہے دل خداوندا
ای بین ای بربط جاگ تو جا
میں دل و جان سے گاؤنگا
میں صبح کو جگاؤنگا +

۲
میں امتوں میں ای خدا
میں گاؤنگا بدل و جان
شکرانہ تیرا کرونگا
حمد تیری اُن کے درمیان +

۳
کہ تیری رحمت سبھوں پر
اور تیری وفاداری بھی
آسمانوں سے ہے بالا تر
تا ابد قائم رہیگی +

۴
آسمانوں پر ہے تیرا تخت
روئے زمین پر سراسر
سب تیرے بندے ہیں نیکبخت
تیرا جلال ہے جلوہ گر +

(۵) پانچواں گیت (۵)

۱
خدا کا شکر ہو
اور دن کا بھی ہو مددگار
جو رات کا ہے رکھوال
سُن عاجز کا سوال +

۲
میں رات کو سو رہا
حفاظت کرنے کو تو نے
آرام اور چین کے ساتھ
بڑھایا اپنا ہاتھ +

۳
تعریف اور شکر ہو
سلامت رکھ دن بھر مجھے
ای ربّ العالمین
جو بندہ کمترین +

۴
پناہ میں مجھے لے
سب خطروں اور گناہوں سے
ہدایت میری کر
حفاظت میری کر +

۵
سب بدی سے بچا
کہ عمر بھر اور آخر کو
دینداری میں بڑھا
نیکبخت رہوں سدا +

(6) چھٹھواں گیت (6)

۱
اب اندھیارا گیا ھی
میرا من اجیالا کر
پھر اُجالا آیا ھی
پربھو من کو پریم سے بھر +

۲
پاپ کی اِچھا آج جو ھو
یسُو تو سہارا دے
شکتی دے۔ ناش کرنے کو
کر میں بچوں پاپوں سے +

۳
من کے برے سوچ مٹا
کہیں مجھے تو نہ چھوڑ
مجھے جوکھم سے بچا
اپنا منہہ نہ مجھ سے موڑ +

۴
آویگا جب مرن کال
پربھو تو ھی سرپامی
مجھ بلہین کو تب سمبھال
ھو انت کال تو مرتیون جی +

(7) ساتواں گیت (7)

۱
ھے پران جاگ اُٹھ کے پوری کر
آلسیہ اُتار کر ستنگان
اِس دِن کی دوڑ کو شکتی بھر
اور چڑھا بھور کا بلدان +

۲
کاٹ اپنا سمی بدھ سے
ایشور کے وان کا کر بچار
ھر دِن کو پچھلا سمجھ لے
نیای کے لیئے ھو تیار +

۳
جاگ اُٹھو ھے پران اور گا تارہ
دوتوں کی نائیں جو سدا
ایشور مہان کو دھنیہ کہہ
نیش گاتے ھیں یہوواہ کا +

۴
میرے منورتھ ھوویں شدھ
کر مجھ پر ساری پربھتا
نہ تیری اِچھا کے برودھ
من میرا تجھ سے ھو بھرا +

۵
جو کروں من بچ کایا سے
جس میں تیری مہما
آج مجھے پرسن ھو رہے
پرگٹ کرسکوں سربدا +

شام کے گیت

(۸) آٹھواں گیت (8)

اب دن گذر گیا	۱	شام جلد آتی تھی
اور تاریکی رات کی		پھیلتی جاتی تھی
اُوپر سے ستارے	۲	روشن ہوتے ہیں
اور چرند پرند سب		چین سے سوتے ہیں
یسوع جتنے ماندے	۳	خواب دے پُرتسکین
بخش تو ہیں برکت		اور آرام شیرین
جوکہ بیچ سمندر	۴	سفر کرتے ہیں
اُنکی کر حفاظت		امن دے اور چین
دکھ میں جو تڑپتے	۵	اُنکو فرصت دے
جو بدکاری کرتے		روک لے بدی سے

(۹) نواں گیت (9)

اب شام کے وقت خداوند کو	۱	دن بھر کی خیر کا شکر ہو
اور اے بادشاہوں کے بادشاہ		اِس رات میں میری ہو پناہ
مسیح کی خاطر اے غفور	۲	بخش دے تو میرے سب قصور
ہر بوجھ سے میں فراغت پا		بیخوف وخطر سوؤنگا
تو موت کے خوف کو یوں ہٹا	۳	کہ گور ہو مجھے بستر سا
اور جیسے اُٹھتے صبح کو		میری قیامت ویسی ہو
رکھ میری جان کو اپنے ہاتھ	۴	رہ سوتے وقت بھی میرے ساتھ
اور نیند سے نئی طاقت ہو		کہ تازہ دم ہوں مجبر کو

شام کے گیت

۵
جو نیند نہ آوے آج کی رات
بدخوابی اور خرابی سے
تو دل میں ڈال آسمانی بات
اور خطروں سے پناہ تو دے ✣

۶
جب آویگا وہ روز جلیل
تب گاوینگا خداوند کو
جو لازوال اور بے تبدیل
ہمیشہ حمد و ثنا ہو ✣

۷
سب رحمتوں کے بانی کو
کہو آسمان کی فوج شریف
سب آدمیوں سے ثنا ہو
باپ بیٹے روح کی ہو تعریف ✣

(10) دسواں گیت (۱۰)

۱
بندے کو تو نے اے خدا
اور کھانا پینا روزی کا
دن بھر سمبھالا ہے
بخشش کرکے پالا ہے ✣

۲
رب تیری مہربانیاں
پس شکر کی قربانیاں
ہیں بندے پر مبذول
تو میری کر قبول ✣

۳
تو بخش دے میرے سب گناہ
تو میرے اوپر رکھ نگاہ
اور دل کا نجس دھو
اور میرا حامی ہو ✣

(11) گیارھواں گیت (۱۱)

۱
تیری برکت ہم پر آوے
بدخیال اور سوچ دور جاوے
گرچہ آسپاس خطرے ہوویں
خاطر جمع ہو ہم سوویں
آج کی رات خداوندا
حافظ ہو تو بندوں کا
گرچہ چلیں موت کے تیر
جو تو ہووے خبرگیر ✣

۲
ہر چند ہووے رات اندھیری
آنکھ نہ کبھی سوتی تیری
آج کی رات میں موت جو آوے
کاش آسمان پر ہر ایک جاوے
ہم نہ چھپے ہیں تجھ سے
یکساں رات اور دن تجھے
اُٹھے پھر نہ بستر سے
اور سعادت میں رہے ✠

بارھواں گیت (۱۲) (12)

۱
عزیز مسیحا جان کے نور
تو ساری ظلمت کو مٹا
جو تو ساتھ ہو تو رات ہے دور
اور چہرہ بندہ پر چمکا ✠

۲
جب سونے کو میں جاتا ہوں
تجھی پر تکیہ کر مدام
تو تجھ پر دل لگاتا ہوں
میں پاتا چین اور خوش آرام ✠

۳
تو صبح شام رہ ساتھ ہر حال
اور رات بھر ساتھ رہ حامی پاک
بن تیرے جینا ہے محال
بن تیرے موت ہے ہیبتناک ✠

۴
گر کوئی بندہ تیری راہ
تو اُسے ڈھونڈھ کے پاس بُلا
آج چھوڑ کر ہوا ہو گمراہ
اور پھیر کے اپنے جھنڈ میں لا ✠

۵
بیماروں کا ہو نگہبان
غمگین جو ہیں اور بے آرام
غریبوں کا پروردگار
اِس رات کو اُنھیں دے آرام ✠

۶
جب صبح اُٹھکر ہوں راہگیر
جب تک ہم تیرے پاک حضور
اے حافظ ساتھ رہ ہو نصیر
سب سے مِلکے سدا ہوں مسرور ✠

تیرھواں گیت (۱۳) (13)

۱
رہ میرے ساتھ جلد ہوا چاہتی شام
دل ہو بے چین نہ کوئی رہے ساتھ
خداوندا رہ میرے ساتھ مدام
بیکس کے حامی رہ تو میرے ساتھ ✠

یہہ زندگی جلد گذر جاتی ہی	۲	اور اُسکی خوبی جلد مرجھاتی ہی
سب کچھ ہی باطل اُس سے کھینچوں ہاتھ		تُو بےتبدیل ہی رہ تُو میرے ساتھ +
تیری ضرورت ہی ہر وقت ہر حال	۳	شیطان کے جال سے تُو ہی ہو رکھوال
مجھے سنبھالتا سدا تیرا ہاتھ		دُکھ ہو خواہ سُکھ ہو رہ تُو میرے ساتھ +
پس تیری قربت بخشتی اطمینان	۴	دُکھ و تکلیف میں رہوں باامان
ہاں موت سے بھی بچاتا تیرا ہاتھ		خوشحال رہونگا گر تُو میرے ساتھ +
اپنی صلیب کو مرتے دم دِکھلا	۵	تلخی کر دور آسمان کے در بتلا
آسمان کا نور ہٹاتا سب ظلمات		زیست بھر اور موت میں رہ تُو میرے ساتھ +

(14) چودھواں گیت (۱۴)

کام سے ہاتھ اُٹھاتا ہوں	۱	سونے کو میں جاتا ہوں
باپ آسمانی ای اللہ		میرے اُوپر رکھہ نگاہ +
بھول و چوک سب ای خدا	۲	آج کے دِن کی معاف فرما
خون مسیح کا سب بہا		دھوتا دِل مجھ عاصی کا +
گھر کے چھوٹے بڑے سب	۳	سونپے تیرے ہاتھ میں اب
رحم کر کے ای رحمان		سب کا ہو تُو نگہبان +
شفا بخش بیماروں کو	۴	دے آرام دُکھیاروں کو
ہر ایک جگہہ ای اللہ		ہو تُو اپنوں کی پناہ +

(۱۵) پندرھواں گیت

۱

تمام ہوئی دن کی روشنی
آج رات تو سب گناہ سے
یسوع رات بھر ہو نگہبان
خدایا شکر ہو
محفوظ رکھ بندے کو
اور چین سے رکھ تو میری جان +

۲

تمام ہوئی دن کی خوشی
اس رات کے سب وسواس سے
یسوع رات بھر ہو نگہبان
ٹھیک رکھتا ہوں تجھ پر
حفاظت میری کر
اور چین سے رکھ تو میری جان +

۳

تمام ہوئی دن کی محنت
اس رات کے سارے خوف کو
یسوع رات بھر ہو نگہبان
حمد میری ہو منظور
تو بندے سے کر دور
اور چین سے رکھ تو میری جان +

۴

کر میرے دل کو روشن
تا میرا جانی دشمن
یسوع رات بھر ہو نگہبان
مٹا سب ظلمت کو
نہ مجھ پر غالب ہو
اور چین سے رکھ تو میری جان +

۵

اے میری جان کے محافظ
مسکین کو ہر جا گھیرتے
تو حامی ہو اور نگہبان
جو خطرے بے شمار
سو تجھ پر ہیں آشکار
سن دعا میری اے چوپان +

(16) سولھواں گیت (۱۶)

۱
رہ مسیحا میرے ساتھ
آپکو سونپتا تیرے ہاتھ
سب تاریکی تو مٹا
آپ سے مجھے تو ملا
شام اب ہوا چاہتی
رات اب چلی آتی
ای خداوند تعالی
دل کو دے اُجالا +

۲
یسوع ای جہان کے نور
رحم سے تو ہی معمور
ہر کہیں اندھیرا ہی
خطرہ تو بہتیرا ہی
تو نہ ترک کر مجھے
میں نہ چھوڑوں سب تجھے
روشنی ہو پاس تیرے
پر تو ساتھ ہو میرے +

۳
ای مسیح خداوندا
نیند روحانی سے جگا
ہم سب تیرے آنے تک
جاگتے رہیں اور تیار
ہمکو فضل کرکے
تا ایمان میں بڑھ سکے
جس وقت خبر آوے
تو تب ہمکو پاوے +

۴
روح کا مسح بندوں کو
کہ وہ دل میں جاری ہو
اور ہماری مشعلیں
کہ ہم اِس تاریکی میں
ایسا دیا جاوے
گم نہ ہونے پاوے
روشن ہوکے جلیں
راہِ حق پر چلیں +

۵
تب مسیحا تیرے ساتھ
داخل ہو تیرا جلال
تب ای یسوع تیرے ہاتھ
اور مقدسوں کے ساتھ
شادی کے مکان میں
دیکھیں ہم آسمان میں
کامل برکت پاویں
ہللویاہ گاویں +

(۱۷) سترھواں گیت (17)

دھیمے آئی ٹھنڈی پون تو جو شوک سے تھکا ھوا ہے پردیسی۔ شوک نہ کرنا	۱	جان بھی پڑتا سانجھ پہر جاگے پرارتھنا کر ہے پردیسی شوک نہ کرنا

ندی پار بشرام ھی ہے

ھی تو گھڑی جب دھیان ہیں ھی تو گھڑی شانتی ایک	۲	چھوٹتے سارے بھرم اور ڈر جاگے پرارتھنا کر

کورس ہے

آس پاس ھوویں جال شیطان کے تیری بنتی وہ سن لیگا	۳	یسو پر تو آس دھر جاگے پرارتھنا کر

کورس

(۱۸) اٹھارھواں گیت (18)

بخشش سے یسو دیا کر تو ھم میں پریم اور جیسٹا بھر جیون کے دن اور سندھیا کال	۱	اور بچن سبھوں میں جما کر من ھو ہٹ نہ گنگنا ھماری جوت ھو کھرسٹ۔ دیال
یہہ دن اب ھواھی سماپت کر رہا ہے جو کچھ ھوا پراپت	۲	اور دیکھے تو نے سارے کرم اور سب بھول چوک اور ادھرم

جیون کے دن وغیرہ

ہے پربھو چھما کر سب پاپ اور اگلے دنوں کا پرتاپ	۳	کینتھ سے ہمیں نت بچا پوترتا اور سکھ بڑھا

جیون کے دن وغیرہ

تُو شرمی تھا اب شرم ہی سکھ
نہ ہووے بیر اور پاپ سے دُکھ
۴ اُتارا تُو نے سوچ کا بھار
نہ من میں چھل وا اہنکار
جیون کے دن وغیرہ

ہر بہتر دُکھی اور کنگال
دے ہم کو آنند سے کرپال
۵ اور پاپی رحمت سُن پکار
اسے یسُو پر ہیں تارنہار
جیون کے دن وغیرہ

اِتوار

(۱۹) اُنیسواں گیت (19)

ہو چکا چھ دن کا کام
سبت مبارک روز عزیز
۱ آیا ہی پاک روز آرام
تیری نعمت کیا لذیذ

دنیا دل سے بڑے ہو
یسوع مجھ پر رحم کر
۲ جگہ دے عبادت کو
میرا دل ہو تیرا گھر

دعا مانگنا تُو سکھا
وعظ کو سُنیں دل ہی سے
۳ بائبل کا مضمون دکھا
سبھوں کو تُو طاقت دے

روح القدس تُو ہادی ہو
سبت کا حاصل خاص و پاک
۴ دے ہدایت بندے کو
میری روح کی ہو خوراک

(20) بیسواں گیت (۲۰)

اے روزِ نور مبارک
ہم خوش و خرم ہوویں
کل تخت کے آگے
تعریف تثلیث کی گاتے
۱ آرام کے روز شیریں
دلگیر کا ہو تسکین
جہاں کرتا تُو جلوس
قدوس قدوس قدوس

٢ آج اوّل پیدائش — نور ہوا تھا نمود
آج موت پر غالب آکے — جی اُٹھا ربّ محمود
آج اُترا ہے آسمان سے — روح پاک جو جان افروز
یوں آج سرچند جلالی — مبارک ہے یہہ روز÷

٣ آسمانی مَن آج پڑتا — اقوام پر تازہ کار
اور پاک اِنجیل کی روشنی — چمکتی رونقدار
آج تازگی بخش نہریں — بہاتیں زیست کا آب
کہ کُل زمین پر ہوتی — کلیسیا شاداب ÷

٤ آسمانی سبت ہے باقی — اُسکے ہم ہوں مُشتاق
مقدسوں سے کریں — بخشش اِتفاق
اب تجھے باپ اور بیٹے — اور روحِ قدس خدا
بزرگی ہو اور عزت — کلیسیا سے سدا ÷

(21) اِکیسواں گیت (۲۱)

١ اب آیا ہے آرام کا روز — خدا کا فضل ہے ہنوز
اب چھوڑیں سب دنیاوی کام — اور کریں دِل سے پاک آرام ÷

٢ وہ جو صلیب پر مُوا تھا — اِتوار کو زندہ ہوا تھا
آج اُسنے موت پر زبر ہو — جی اُٹھکے چھوڑا قبر کو ÷

٣ آج بند ہو دنیاوی کام کاج — خدا کر فضل ہم پر آج
کہ یہہ نہ خالی قاعدہ ہو — پر ہمیں دین کا فائدہ ہو ÷

٤ پھر بڑا سبت ایک آویگا — جہاں آرام جب پاویگا
سب محنت ہوگی تب تمام — اور کامل ہوگا تب آرام ÷÷

(22) a بائیسواں گیت (ا) (۲۲)

اِتوار ھی روز پُر نور
اَی شمس اُس صدق تو جاری کر
اُجالا جابجا
اور ظلمت کو ہٹا +

۲
آج روز ھی پُر آرام
تو برکتوں کی اوس برسا
سب تھکے دلوں پر
اور ترو تازہ کر +

۳
آج روز ھی پُر سلام
خداوندا سب دکھ ہٹا
ہمارے دلوں سے
قرار اور امن دے +

۴
آج روز ھی دعا کا
اور فانی عالم سے چھڑا
ہمارے بیچ میں آ
دل اپنی طرف لگا +

۵
آج خاص روز اوّل ھی
سب مردے دل ای موت ستاں
بہا روح الحیات
جلا اور دے نجات +

(22) B. بائیسواں گیت (ب) (۲۲)

۱
جیوتی کا دن یہہ ھی
ہے پربھو آج ھی ہو اُدہی
جیوتی ہو سبھوں پر
اندھیرا دور تو کر +

۲
یہہ دن بشرام کا ھی
من چنتت ویاکل تھکا ھی
بل بنا ہمیں دے
دے شانتی تجھی سے +

۳
یہہ میل کا دن بھی ھی
سب پھوٹ اور جھگڑا ہوویں چھی
میل اپنا ہم میں بھر
سہایت تو اُنھیں کر +

۴
یہہ دن ھی پرارتھنا کا
تو ہمیں اپنی اور اُٹھا
من آدرکاری دے
اور بیٹھ ہو تجھی سے +

۵
یہہ سب سے اُتم دن
بشرام نہ ہوگا تیرے بن
یہہ تیرا بشراموار
ہے میرے پراناَدھار +

(23) تیئیسواں گیت (۲۳)

۱
مسیح کلیسیا کے سر
اِس تیرے دن میں خاوندا
ھم آئے ھیں اب تیرے گھر
جب گور میں سے تو نکلا تھا +

۲
یہوواہ یسوع تیرا نام
خداوندا تو ھم سے بول
اور بیبل تیرا ھی کلام
اور اپني باتیں ھم پر کھول +

۳
روح تیرا ھو پاسبان کے ساتھ
کہ جو کلام سناویگا
ھاں اُس پر رکھ تو اپنا ھاتھ
وہ ھووے تیري طرف کا +

۴
اور کھول ھمارے دِل اور کان
کہ بندگي میں ھوں مشغول
روحاني سمجھہ دے اور گیان
اور کریں تیري بات قبول +

(24) چوبیسواں گیت (۲۴)

۱
یہہ تیرا دن مسیح
عبادت سچّي کرنے کو
مبارک روز اتوار
تو ھمیں کر تیّار +

۲
جو کام ھیں دنیا کے
ھم اُن سے پھیریں اپنا دِل
اور باتیں دنیا کي
اور کریں بندگي +

۳
واعظ درستي سے
ھر مجلس بھي درستي سے
سُناوے تیرا نام
اب سُنے پاک کلام +

(25) پچیسواں گیت (۲۵)

۱
خداوند تیرے فضل سے
ھم سبھوں کو یہہ طاقت دے
ھی آج تک ھم کو زندگي
کہ کریں تیري بندگي +

کورس ۔ خوشی سے خوشی سے
ہم دیکھتے روز خداوند کے
یسوع مسیح کی خاطر سے
گناہ ہمارے بخش تو دے
خوشی سے خوشی سے
ہم دیکھتے روز خداوند کے +

۲ ہم جائیں تیری پاک درگاہ
اور کریں پاک عبادت کو
خدایا ہم پر کر نگاہ
اور ہم پر متوجہ ہو +

۳ خدایا ہم پر ظاہر ہو
اور سبھوں کی تو کر تعلیم
جو غافل ہوں جگا اُن کو
اور اپنا دین پھیلا رحیم +

۴ اور اگر ہمیں مرنا ہو
خدایا بخش دے یہ انعام
کہ تجھ پاس ہمیں جانا ہو
کہ کریں تیری حمد مدام +

(۲۶) چھبیسواں گیت (26)

۱ اب آئی ہے اتوار کی شام
اور آخر ہوتا روز آرام
خدایا تیرے پاک حضور
میں شکر کرتا پُرسُرور +

۲ تو نعمتیں تو دے بیشمار
نت دیا کرتا ہر اتوار
تو بھی میں غافل ہوتا ہوں
اور نعمتوں کو کھوتا ہوں +

۳ بندے کی ساری بھول گناہ
بخش فضل سے تو اے اللہ
تو مجھے روح کے اثر سے
دینداری میں ترقی دے +

۴ کلام ہمارے واعظ کا
ہمارے دلوں میں جما
کہ اُس کا فائدہ حاصل ہو
جماعت کے شریکوں کو +

(۲۷) ستائیسواں گیت (27)

۱ نجات دہندہ پھر بدل و جان
ہم تیرے نام کے ہوتے ثناخوان
ہماری بندگی اب ہوئی تمام
سو گھٹنے ٹیک کر جاتے ہیں سلام +

٢
بخش گھر کی راہ پر اپنا پاک سلام
جو سجدہ کرنے آئے تیرے گھر
تا آج کا روز مقدس ہو تمام
تو ان کو بدی سے بچایا کر

٣
اس رات کو بھی دے سلام
کر دور تو اپنوں سے دکھ و نقصان
اور دل روشن کر کے دے آرام
کہ تیرے پاس ہیں دن و رات یکساں

٤
تو ہمیں عمر بھر بخش دے سلام
جب تیرے حکم سے جنگ ہی تمام
دکھ و تکلیف کے وقت دل کو قیام
عنایت کر تو ابدی سلام

مسیح کی آمد

(٢٨) اٹھائیسواں گیت (١) (28)

١
میں تیرے استقبال کو
تو ہی جہان کا نور ہو
اے یسوع یسوع مجھے
کر جو ہی پسند تجھے
اب کیونکر ہوں تیار
اے میری جان کے یار
تو اب منور کر
میں کروں عمر بھر

٢
صیہون نے تیری راہ میں
سو میں بھی اپنے دل میں
مقدور بھر تیرے نام کا
دل میرا ہو شگفتہ
چھترائیں ڈالیاں
نت ہونگا ثناخوان
میں کرونگا بیان
تیرے حضور ہر آن

٣
میں قید میں گرفتار تھا
دکھ غم میں میں لاچار تھا
غریب بیکس کمبخت کو
مجھ سے عاصی اور ذلیل کو
تو ہی چھڑاتا ہی
تو خوشی دیتا ہی
تو کرتا دولتمند
تو کرتا ہی بلند

کہ تو آسمان سے آیا
محبت سے تو آیا
تا دنیا کو بچاوے
گناہ کا بوجھ اٹھاوے

۴
اس کی کیا وجہہ ہی
جو سب بے نہایت ہی
ہزاروں دکھوں سے
ہمکو خلاصی دے ☩

(28) اٹھائیسواں گیت (ب) (۲۸)

۵
ای تم سب جو غمزدہ
خستہ و تن دل شکستہ
وہ آتا ہی وہ آتا
میراث آسمانی دیتا
اور بوجھ سے دبے ہو
رہائی چاہتے ہو
تسلی دینے کو
خستہ و بیندار بندے کو ☩

۶
کیوں دشمنوں کے شور سے
ربّ الافواج کے نام سے
وہ آتا ہی وہ آتا
اُس کو جو اُس پاس جاتا
اور زور سے ڈرتے ہو
اُن کو شکست تم دو
بادشاہوں کا بادشاہ
وہ دیتا ہی پناہ ☩

۷
وہ آتا ہی اِنصاف کو
بہشت وہ دیتا اُن کو
جلد آ جلد آ مسیحا
تو اپنے راج میں لیجا
نیست ہونگے سب شریر
جو اُس کے دامنگیر
اپنے سب لوگوں کو
ہوشعنا تجھے ہو ☩

(29) اُنتیسواں گیت (۲۹)

۱
ہوشعنا ہوشعنا خداوند کو ہو
یہوواہ کے نام سے وہ آتا ذی شان
مبارک خداوند ہی آتا ہی جو
خداوند مسیح کو تم کہو پہچان ☩

۲
خداوند خدا میں سب ہوؤ مسرور
پس دل کی قربانی ای خلق خدا
تاریکی مٹا اُس نے بخشا ہی نور
تم تسبیح پر لاکر کے گاؤ ثنا

۳
خداوند مسیح کے ہو جتنے مرید
سب ملکے تم کہو مبارک خدا
ہوشعنا سب گا گا کر کے کرو تمجید
عنایت ہی تیری تو لا انتہا ☩

(30) تیسواں گیت (۳۰)

۱
تم کرو تیاری خداوند اب آتا
لڑائی موقوف ہو کہ صلح وہ لاتا
سپہ شاہنشاہ دیکھکے سب دشمن لجاتے
جو موت سکے غلام تھے بند اپنے گراتے
جہان کے دروازوں کو کرو بلند
بادشاہت ہے اُسکی سب ہوویں خرسند
نہ قبر نہ موت ہے اب ہو ہیبتناک
اور بیڑیاں توڑکے ہوجاتے بیباک ✤

۲
ہتھکڑی کے بدلے دے ڈالیاں لاکے
اب غم و آہ مارنا اور رونا بھول جاکے
غمگین و مجبور کو پیام دیا جاتا
رہائی اسیروں کی اپنے ساتھ لاتا
منتظر بادشاہ کے ہیں کھڑے خوشحال
سب گاتے ہیں ثنا بجوشی کمال
کہ خوش ہو اب آتا جو دنیا کا نور
اب موت و مصیبت جلد ہوینگی دور ✤

۳
ہزاروں ہوں شکر یسوع تُو آیا
ہماری تاریکی میں نور تُو ہی لایا
مسیحا مبارک ہم گاتے ہو ثنا
تا تیرے حضور میں ہم شکر و ثنا
پہنچا ہے سال مقبول تیرے ساتھ
ہم بیکس لاچاروں کی ہوئی نجات
ہم بندوں کے دل میں تُو آکر مقام
آسماں کی بادشاہت میں گاویں مدام ✤

(31) اِکتیسواں گیت (۳۱)

۱
جاگ اُٹھو ایماندارو
اندھیرا ہوا جاتا
تم کان اور دل لگاکے
دولہا ہی آنیوالا
اور ہاتھ میں لو مشعال
آزماؤ اپنا حال
پہرو کی سنو بات
جلد ہوگی آدھی رات ✤

۲
مشعلیں تم سدھارو
مسیحا چلا آتا
دولہے کے اِستقبال کو
آواز اور دل ملاکے
اور ڈالو اُن پر تیل
جلد ہوگا اُس سے میل
اب نکلو خوش نگاہ
تم گاؤ حمد اللہ ✤

اب اُس کو دیر نہ ہوگی	۳	پس رہو تم ہوشیار
ہر جگہ نظر آتے		برائے آثار
ہوشیار کنواریوں میں		کون ہوئی ہیں شریک
ہاں اِس کو سچ تم جانو		کہ دولہا ہے نزدیک +
پس ای مسیح کے پیارو	۴	تم ہوؤ خوش نگاہ
اپنی صلیب اُٹھا کے		جو چلے ہو تنگ راہ
اب اپنے آنسو پونچھو		اور سنو خوش پیام
مخلص چلا آتا		اور آتے خوش ایام
اب جاگو ایماندارو	۵	اور ہاتھ میں لو مشعال
آراستہ ہو کے کرو		دولہے کا اِستقبال
وہ کہتا ہے یقیناً		میں جلدی آؤنگا
اور روح اور دولہن کہتیں		خداوند یسوع آ +

(32) بتیسواں گیت (۳۲)

جاگ اُٹھو آواز بلند کر	۱	صیحون کے پہرو برج سے بلند پر
یوں کرتے آدھی رات پکار		ای یروشلم کے لوگو
کنواریو جو عقلمند ہو		جلد اُٹھکے اب تم ہوشیار
لو شادی کا لباس		لو دولہا آیا پاس
ہلیلویاہ		لیئو مشعل
نکلو خوش سال		اور کرو اُس کا اِستقبال +
یہہ بات سُن صیحون کی بیٹی	۲	نہایت خوش و خرم ہوئی
وہ جاگ کے اُٹھتی ہے شتاب		دولہا آتا اب آسمان سے
شاہانہ قدرت کرم و شان سے		صیحون کا ہے طلوع آفتاب
ای یسوع ابن خدا		عزیز بادشاہ تو آ
ہلیلویاہ		ہم خوشی کر
شادی کے گھر		سب جاکے بیٹھیں دعوت پر +

آدمی اور فرشتے گاویں	۱۲	اور بین و بربط خوب بجاویں
حمد ثنا تیری اور سپاس		در شہر بارہ موتی
فرشتوں کی واں مجلس ہوتی		ہم اُن سے ملتے تخت کے پاس
نہ آنکھ سے نے دیکھی تھی		نہ کان سے نے سُنی تھی
ایسی خوشی		پس شاد دل ہو
گاویں تجھکو		ہم ہللویاہ سداکو ✣

(33) a تینتیسواں گیت (ا) (۳۳)

دیکھ حاکم دنیا کا مسیح	۱	آسمان سے آتا ہی
پورب سے لیکے پچھم تک		سب کو بلاتا ہی ✣
صیحون میں سے اب ظاہر ہو	۲	مسند عدالت پر
بیٹھکے کریگا انصاف		اور ہوگا جلوہ گر ✣
وہ فرشتوں کو فرماویگا	۳	کہ میرے بندوں کو
جو میرے خون خریدے ہیں		تم جمع کیجیو ✣
پھر بے ایمان جو اُٹھے ہیں	۴	مسیح کے برخلاف
اُن سبھوں کا صداقت سے		وہ کریگا انصاف ✣

(33) b تینتیسواں گیت (ب) (۳۳)

سُن مُکتیداتا آتا ہی	۱	جو آنیوالا تھا
ہر من سنگھاسن اُس کا ہو		ہر شبد ہوستتی کا ✣
وہ آتا ہر ایک بندی کو	۲	چھڑانے پاپوں سے
ٹوٹ جاتے اُس کے آنے پر		سب بندھن لوہے کے ✣
وہ آتا چورن منوں کو	۳	باندھو دینے کرپا سے
اور وحشی کرنے دلوں کو		دعن سے آنند سے کر ✣

۴
وھی تو ھے کشل کے پردھان
اور تیرے جی جیکار کے گنج
ھم وھی نت سے کہنگے
سب سورگ میں ھووینگے ؞

(34) چونتیسواں گیت (۴۴)

۱
جلد آ نہ دیری کر
ھم تیری راہ کو تکتے ھیں
مسیح خداوند
آہ کب تو آویگا ؞

۲
جلد آکہ تیری قوم
غیر ملکوں کی اسیری سے
یعقوب کی خاص اولاد
تب ھوویگی آزاد ؞

۳
جلد آکے دنیا کی
تمام جہان میں تیرا نام
اب فصل ھی تیار
اب ھوتا ھی آشکار ؞

۴
جلد آ اور اپنا زور
سب تیرے جو مخالف ھیں
دکھلا ای شاھنشاہ
سو ھوویں روسیاہ ؞

۵
جلد آکے خلقت کو
دکھ گناہ کی غلامی سے
پھر بخشش آراستگی
تو دے آزادگی ؞

۶
جلد آکے اپنا راج
گناہ اور سب ناراستی کو
اس دنیا میں پھیلا
نور اپنے سے مٹا ؞

(35) پینتیسواں گیت (۴۵)

۱
لو وہ بادلوں پر آتا
دیکھو لاکھوں لاکھ مقدس
یسوع آتا
وہ جو پہلے تھا پست حال
اسکے ساتھ ھیں باجمال
آتا ھی وہ پر جلال ؞

۲
ھر ایک آنکھ اسے دیکھیگی
اور جنھوں نے اسے چھیدا
تب تا سینگے
آتے باشاہانہ شان
تائب ھو اور پشیمان
یسوع ھی مسیح سلطان ؞

واسطے مخلصی مخلص
اُس سے ہوائیں اب ملنے
اُسکے پاس ہی
۳
شوکت شان سے آتا ہی
ہرایک مومن جاتا ہی
اپنی جگہہ پاتا ہی ؁

پھر وہ اپنے دشمنوں کو
انھیں اپنے پاؤں کے نیچے
ظاہر ہوگا
۴
کریگا شکستہ حال
کریگا یکسار پامال
اُس کے عدل کا کمال ؁

ای خداوند قادر یسوع
جلدی اپنے اختیار میں
یا مسیحا
۵
راج شیطان کا کر تاراج
لا جہان کا تخت و تاج
قائم کر تو اپنا راج ؁

(۳۶) چھتیسواں گیت (36)

کیا دیکھتا ہوں اللہ کریم
لو حاکم جہان عظیم
نرسنگا پھونکتا مردوگان
۱
اب آیا روز آخر
ہی بادلوں پر ظاہر
سب اُٹھتے اُس سے میری جان
تو ملنے کو تیار ہو ؁

دیندار مسیح میں جو موئے
اور اپنے رب سے ملنے کو
سب خوف ہی اُنکے دل سے دور
۲
اول قیامت پاتے
بدلیوں پر اُٹھ جاتے
رب کے حضور سے ہیں پُرنور
جو ملنے کو تیار ہیں ؁

بے دینوں کو ہی دن ہولناک
کہ اُٹھتے سزا کو غمناک
دن گذرا فضل کا خشکرو
۳
وے خوف کے مارے کانپتے
عبث واویلا کرتے
انصاف کے تخت کے روبرو
ہیں کھڑے سب بے تیاری ؁

کیا دیکھتا ہوں اللہ کریم	۴	اب آیا روزِ آخر
اور حاکمِ جہان عظیم		ہی باولوں پر ظاہر
سب عالم کا جب ہی آخر		مسیح مصلوب کا دامنگیر

میں ہو کر خوب تیار ہوں ❊

(37) سینتیسواں گیت (۳۷)

نگہبان اب رات میں کیا	۱	خبر دے کچھ ہی نشان
راہی دیکھ اور خوش ہو جا		ایک ستارے کی اٹھان
نگہبان کیا اُس کا نور		خوشی کا کچھ ہی پیام
راہی لاتا ہی ضرور		اسرائیل کے خوش ایام
نگہبان اب رات میں کیا	۲	دیکھ ستارے کی چڑھان
راہی دن اور روشنی کا		چین اور سکھ کا دہ نشان
نگہبان کیا اُسکی تاثیر		ایک ہی ملک کو خوش آثار
راہی کل زمین کی خمیر		اُس سے ہوئی ہی آشکار
نگہبان اب رات میں کیا	۳	دیکھو تو اب پھٹتی ہی
راہی ہاں اندھیرا سا		خوف اور دہشت ہٹتی ہی
نگہبان گھر اپنے جا		دِن کا نور اب پایا ہی
راہی دیکھ سلامتی کا		شاہنشاہ اب آیا ہی ❊

(38) اٹھتیسواں گیت (۳۸)

شکر کرے کل جہان	۱	ہو خدا کا ثنا خوان
جسنے بھیجا یسوع کو		تا انسان کا منجی ہو ❊

انتظار باپ دادوں کا	۲	اشتیاق بزرگوں کا
اور قدیم نبوتیں		پوری ہوئیں یسوع میں
ہو مبارک ابن داؤد	۳	اور ہوشعنا شاہ محمود
اپنے لیئے راہ ہموار		میرے دل میں کر تیار
مجھ میں اُتر آ ذی شان	۴	تیرا ہوں بدل وجان
اور گناہ سے پاک تو کر		میرے دل کو سرفراز
سانپ کے سر کو کچل ڈال	۵	اُس کے خوف سے ہو رکھوالی
تا ایمان میں قائم ہو		تیرا رہوں سدا نو
جب تو شاہ پھر اُتریگا	۶	اور جلال سے آویگا
میں راستبار ہو اور مسرور		جاؤں تیرے پاک حضور

(۳۹) اُنتالیسواں گیت (39)

دیکھو وے سورگ سے اُتر آتے	۱	لاکھوں لاکھ کی بانی ہی
جی جی کار کا گیت وے گاتے		گاتے ہیں مسیح کی جی
میگھوں سے دیکھ پربھو آکے	۲	ستھاپت کرتا اپنا راج
اپنے دُکھ کا پھل وہ پاکے		ہوگا جگ کا ادھراج
اُسکے بیری ڈر کے مارے	۳	کانپتے تھرتھراتے ہیں
اُسکے سنت لوگ اُسکے پیارے		جی جی کار مناتے ہیں
پربھو کو ہم ونڈوت کرتے	۴	اپنا سر نواتے ہیں
پربھو کا ہم آسرا دھرتے		جی جی یسوع گاتے ہیں

(۴۰) چالیسواں گیت (40)

دیکھو پربھو آتا ہی	۱	سن پہرو کی پکار
سنتے ہے میرے بھائی جاگتا رہ		اور اُٹھکے ہو تیار

دیکھ پربھو آتا ھی	٢	کون سیوک سو ویگا
سنسار کے لوگ تو سو رھیں		تو بھی سو کے کھو ویگا
دیکھ پربھو آتا ھی	٣	اندھیرا بڑا ھی
اور آدھی رات کی بذرامیں		سب جگت پڑا ھی
دیکھ پربھو آتا ھی	۴	وہ دیر نہ کریگا
مشعال کو بھائی ھاتھوں میں تھام		اور بھینٹ کو نکل جا
دیکھ پربھو آتا ھی	۵	اٹھکے تیار ھو جا
آتا اور دولہن کہتیں آ		ھاں پربھو یسوع آ

مسیح کی پیدائش

اکتالیسواں گیت (41) (۴۱)

ای سب ایماندارو	١	خوش و خرم ھو کے
اب آؤ ھم چلیں تا بیت لحم		دیکھو نوزادہ
مالک کل جہان کا		ھم اسے سجدہ کریں
ھم اسے سجدہ کریں		ھم اسے سجدہ کریں رب محمود
خدا سے خدا ھی	٢	نور سے سچا نور ھی
جو مریم کنواری سے ابھی ہولیو		برحق خدا ھی
باپ سے متولد		ھم اسے سجدہ کریں وغیرہ
ای سارے فرشتو	٣	خوش آواز سے گاؤ
آسمان کے باشندو سب شامل ھو		ور عالم بالا
ھو تعریف خدا کی		ھم اسے سجدہ کریں وغیرہ
خداوند مسیحا	۴	آج تو پیدا ھوا
مبارک مبارک ھو تیرا نام		باپ کا کلام اب
جسم میں ھی ساکن		ھم اسے سجدہ کریں وغیرہ

(۴۲) بیالیسواں گیت (42)

۱
سُن آج فرشتے گاتے ہیں
اور اوپر سے چمکتا نور
افلاک تعریف سُناتے ہیں
کہ جس سے دنیا ہے معمور

۲
قدوس گروہ سُناتے گان
تعریف بزرگ۔ خدا کی ہو
میدان میں سنتے ہیں چوپان
جو صلح بخشتا آدمی کو

۳
اب بڑی رضامندی سے
یہ سب آوازیں گاتی ہیں
خدا انسان بحال کرے
اور ربّ کی حمد بجاتی ہیں

۴
غائب ہوئے جب فرشتگان
تا دیکھیں عجب حال جس کی
جلد گئے شہر میں چوپان
خدا نے اُن کو خبر دی

۵
اور دیکھ ایک چرنی میں غریب
عمانوئیل ہے جسکا نام
تھا پڑا وہ مشیر عجیب
اور بادشاہ دائم الایام

۶
وے سجدہ کر کے جاتے ہیں
خوشخبری کی یہہ بات صحیح
اور خبریں پھیلاتے ہیں
آج پیدا ہوا ہے مسیح

(۴۳) تیئنتالیسواں گیت (43)

۱
سُن آسمانی فوج شریف
صلح اب زمین پر ہو
ای سب قومو خوشی سے
بیتلحم میں اب صحیح
سُن آسمانی فوج شریف
ربّ کی گاتی ہے تعریف
خوشی بھیجی آدم کو
گاؤ ساتھ فرشتوں کے
پیدا ہوا ہے مسیح
ربّ کی گاتی ہے تعریف

۲
لو مسیح برحق معبود
اب مقرر وقت پر آ
لو مجسم ہے اللہ
اب عمانوئیل رحمان
سُن آسمانی فوج شریف
ربّ جو ابدی محمود
فرزند ہے کنواری کا
سجدہ کر ای خلق اللہ
ہے انسانوں میں انسان
ربّ کی گاتی ہے تعریف

ہو مبارک ابنُ اللہ	۳	ای سلامتی کے بادشاہ
تُو آفتاب صداقت کا		زیست و نور مرآمت کا
تُو نے چھوڑی اپنی شان		تا ہلاک نہ ہو انسان
بنی خاک تو جسم سے		وارث تبہیں جنت کے
سُن آسمانی فوج شریف		رب کی گاتی ہی تعریف ✠

(44) چوالیسواں گیت (۴۴)

فرشتوں کے گروہ شریف	۱	عرش پر اُترتے ہیں
وہ اللہ تعالی کی تعریف		اور ثنا کرتے ہیں ✠
تعریف ہو باری تعالی کی	۲	زمین پر صلح ہو
اور اب خوشوقتی ہو دیگی		سب بنی آدم سکو ✠
جہان کا منجی جو موعود	۳	سو پیدا ہوا ہی
اور بیتلحم میں وہ معبود		ہویدا ہوا ہی ✠
سو ہم بھی ساتھ فرشتوں کے	۴	حمد اُسکی گاتے ہیں
اور اُسکی ثنا گانے سے		خوشوقتی پاتے ہیں ✠

(45) پینتالیسواں گیت (۴۵)

جاگو مسیحیو اور ہو خوشنود	۱	آج آدمزاد کا منجی ہی مولود
کرو سجود عجیب ہی اُسکا پیار		جسکو فرشتے کرتے ہیں آشکار
کنواری سے جو بیٹا ہی مولود		خدا مجسم ہی برحق معبود ✠
سنو آسمان کی بڑی فوج شریف	۲	بلند آواز سے گاتی ہی تعریف
آسمان پر حمد خدا تعالی کی		روئے زمین پہ ہو سلامتی
اور آدمیوں سے رضامندی ہو		ای خلق اللہ سب ملکے حمد کرو ✠

۳
کاش کہ اِس عجیب پیار پر کریں دھیان
اِس چرنی میں جو فرزند ہے محبوب
تا ہمکو کرے فضل سے بحال
جس سے خلاصی پاتے سب اِنسان
وہی دُکھ سہکے ہوا ہے مصلوب
اور اپنے ساتھ آسمان پر دے جلال

۴
پس ہم آسمانی فوج کے ہمزبان
نیز اِس خوش روز میں ہوا تھا مولود
پیارے سے ہم بچے ای آسمانی شاہ
سب دِل لگاکے گاویں خوش الحان
بڑے جلال سے ہوگا پھر نمود
ابدالآباد ہم گاویں حمدُ اللہ

(۴۶) چھیالیسواں گیت (۴۶)

۱
خوش ہو عمانوئیل
وہ جسکا اِنتظار
قدیم سے کرتے تھے
سب اُسکے تھے مشتاق
اب آیا ہے آسمان سے
باپ دادے دِل وجان سے
نبی بھی اور بادشاہ
خوش ہو ای خلقُ اللہ

۲
خوش ہو عمانوئیل
وہی نور قوموں کا
اب آیا ہے برحق
کون مانند اُسکے ہے
جو چرنی میں موجود ہے
وہی مسیح موعود ہے
مسکینوں کی پناہ
شکران کر خلقُ اللہ

۳
ہمارے ساتھ خدا
اور مردوں کو قیام
وہ بخشتا ہے برحق
ای گنہگارو سب
دیکھ اندھوں کو بینائی
غریبوں کو دانائی
خدا اب ہے اِنسان
خوش دِل ہو باایمان

۴
ہمارے ساتھ خدا
سب دوسرا آسرا چھوڑ
اب عاجز ہے مقبول
خوش ہو ای خلقُ اللہ
حمد شکر ادا کریں
اُسی پر آسرا دھریں
اور کھلا ہے آسمان
جھک سب جھکے کر شکران

سینتالیسواں گیت (47) (۴۷)

۱ خدا کا دیکھو کیسا پیار — مسیح نے لیا ہی اوتار
اب مُنجی ہوا ہی نمود — اور بیت‌لحم میں ہی موجود*

۲ خدا مجسم کیا عجیب — تونگر ہوا ہی غریب
سب خلقت کی جو اصل ہی — سو عورت کی اب نسل ہی*

۳ یہہ بات قیاس سے باہر ہی — تو بھی صریح اور ظاہر ہی
کہ چرنی میں جو ہی موجود — سارے جہان کا ہی معبود*

۴ گر تجھے جانیں لوگ ناچیز — مسیح تو مجھے ہی عزیز
کر میرے دل میں اپنا گھر — اور سدا اُس میں رہا کر*

اڑتالیسواں گیت (48) (۴۸)

۱ خوشی کی خبر ہی آشکار — کہ یسوع آیا ہی
ہمارا ہوسکے فداکار — نجات وہ لایا ہی*

۲ اہی یارو اپنے دلوں کو — تم کرو خوب تیار
مسیح کو دل میں جگہ دو — وہ یار ہی وفادار*

۳ تاریکی وہ مٹاتا ہی — وہ ہی جہان کا نور
گناہ سے وہ بچاتا ہی — ہی مُنجی فیض معمور*

۴ شیطان کی سخت غلامی سے — ہمیں چھُڑاتا ہی
اور ساری بے آرامی سے — آرام دلاتا ہی*

۵ سو پاس مسیح کے آویں اب — سب قومیں خاص و عام
موجودہ وقت کو جانیں سب — مقبولیت کے ایّام*

اُنچاسواں گیت

(۴۹) (49)

۱

خوش هو خوش هو مسیح اب پیدا هوا
نجات دہندہ آیا هی
خوش هو خوش هو مسیح اب پیدا هوا
آسمان پر حمد اللہ کی هو
اِنسان سے رضامندی هو
خوش هو خوش هو مسیح اب پیدا هوا

خوش هو خوش هو اى سارى سرزمین
گناہ کا بوجھ اُٹھایا هی
خوش هو خوش هو اى سارى سرزمین
زمین پر بھی سلامتی هو
سب آؤ سجدہ کرنیکو
خوش هو خوش هو اى سارى سرزمین ؛

۲

خوش هو خوش هو عمانوئیل اب آیا
مجسّم هوا هی خدا
خوش هو خوش هو عمانوئیل اب آیا
بادشاهونکا بادشاہ محمود
محبت اُسکی کیا عجیب
خوش هو خوش هو عمانوئیل اب آیا

خوش هو خوش هو اى بھائیو گاؤ گیت
تا لوگ هو ساری دنیا کا
خوش هو خوش هو اى بھائیو گاؤ گیت
لوچرنی میں اب هی موجود
کہ خالق هوا هی غریب
خوش هو خوش هو اى بھائیو گاؤ گیت ؛

پچاسواں گیت

(۵۰) (50)

۱

دیکھو فرشتے هیں شادمان
معمور سرود سے هی آسمان
دیکھو وے سب آسمان پر سے
اِس عالم کو وہ گیتوں سے

اور گاتے خوش اِلحان
هی خوشی کا نشان
زمین پر آتے هیں
آسمان ناتے هیں ؛

۲

اب سنو بات فرشتوں کی
هم یسوع کی پیدائش کی
آسمان پر جب فرشتگان
زمین سے بھی ضعیف زبان

جو وہ سُناتے هیں
خوشخبری لاتے هیں
کہیں هوشعنا هو
کہے هوشعنا هو ؛

۳
اب ہم بھی ساتھ فرشتوں کے
پیدائش میں مسیحا کی
تحسین خداوند یسوع کو
تحسین پکارو بھائیو
خوشخبری لاتے ہیں
ستائش گاتے ہیں
جو پیدا ہوا تھا
کہ شافعی ہوا ہے ✣

۴
اے گنہگار اب توبہ کر
مسیح آسمان سے اُتر کر
خوشی سے گاؤ مومنو
مسیح کے پیدا ہونے کو
اور اب شرمندہ ہو
بُلاتا تجھی کو
خوشی سے سب جھکو
مبارک سب کہو ✣

اکیاونواں گیت

(۱۷) (۵۱)

۱
ہے پرمیشر تیرے مکھ کو
دیکھنے کی نہ سکتی منکھ کو
سورگ کے راجا
جو پرتاپ میں ہی انوپ
آتما ہی تو بن سوروپ
جگ کا تو ہی مہا بھوپ ✣

۲
اُترا تیرا پوت نام عیسیٰ
آیا پریم سے جگدیسا
ہے پرمیشور
سے تجھے پرگٹانے کو
بھرشٹوں کے بچانے کو
تو ہمارا ترائی ہو ✣

۳
تیرے گن کا تیج پھیلانے
جگ کا پاپ سنتاپ مٹانے
کرپا ساگر
جگت کرنے کو اُدھار
یسوع آیا اس سنسار
کر ہمارا بھی نستار ✣

۴
کاٹنے کو ہمارے دکھ کو
دینے ہمیں دھرم اور سکھ کو
یہاں تو آیا
یسوع تو نے پایا کشٹ
جو دشٹ آتما سے ہوئے بھرشٹ
پاپ سنتاپ کو کرنے نشٹ ✣

ہمیں گرہن کر سے پرکھ
تو ہم آسروں کو سونپھو
مرن کال تک

۵

من کشور ہمارے توڑ
دکھ کے ساگر میں مت چھوڑ
ہم سے اپنا منہ مت موڑ ✢

(۵۲) باونواں گیت (52)

گڈریئے جب بھیڑوں کو
ایک دوت تو بیچ میں اترا

۱

رات میں چرا رہے
ساتھ بڑے بھوکے ✢

"گھبراؤ مت" اُس نے کہا
اب آیا ہوں سب لوگوں کو

۲

تین کرنے کو پرچار
بڑا سماچار ✢

تمہارے لیئے جنما ہی
ایک تارنکرتا آج کے دن

۳

داؤد کے کل ہی سے
تم اُسے دیکھو گے ✢

ایک بالک کو تم پاؤ گے
کپڑے میں لپٹا ہوا ہی

۴

داؤد کے نگر میں
اور پڑا چرنی میں" ✢

جب یوں ہی بولا اُس کے سنگ
دوت بہتیرے جو یہہ گیت

۵

اچانچک آ گئے تھے
آنند سے گاتے تھے ✢

گن نباد ہو پرمیشور کا
پرستا منشوں پر

۶

جگ میں شانتی بھی ہو
ابھی اور سدا کو ✢

مقدس استفان کا دن

(۵۳) ترپنواں گیت (53)

ای خداوند تیرا سچا
اُس کے سبب دکھ مصیبت
اور لعن : طعن . بھی

۱

جب کلام سناتے ہیں
وقت بوقت اٹھاتے ہیں
تیرے واسطے سہتے ہیں ✢

ایسا جب کہ دکھ جنجال ہو
تاکتے رہیں اُس جلال کو
ظاہر ہوگا

۲ بخشش کہ تب ہم باایمان
جو جب آویگا زمان
وہ جلال ہے بے پایان +

۳ بخشش کہ اِستیفان کی مانند
دعائے خیر ہم دیویں اُنھیں
ایسے پیار سے

روحُ القدس سے ہو معمور
جن سے ہوتے ہیں رنجور
دِل ہمارا ہو بھرپور +

مقدّس یوحنا کا دن

(۵۴) چونواں گیت (54)

۱ خدایا پاک و عالیشان
اور سن اے ربّ رحیم رحمان
ہم پر نگاہ فرما
ہماری اِلتجا +

۲ کلیسیا پر تو اپنے نور
تب کیسی کیوں نہ ہو مجبور
کہ اجلّ جھلک ڈال
پر ہوگی پھر بحال +

۳ رسول یوحنا کی تعلیم
اور یوں تو اے خدا رحیم
پُر نقش کلیسیا پر
منوّر ہمیں کر +

۴ ہماری دُعا سن اے باپ
کلیسیا کو نت سنبھال
مسیح کی خاطر سے
اور اُس کی خبر لے +

مقدّس معصوموں کا دن

(۵۵) پچپنواں گیت (55)

۱ اے ساری قدرت کے خدا
تو اُن کے منھ سے جو شیرخوار
جو مالک ہے سب عالم کا
تعریف کراتا ہے آشکار +

۲
ہاں تو نے ننھے بچوں سے
کروائی اپنے نام کی حمد
اور اُن کے قتل ہونے سے
کروا بھی ہم سے اپنی حمد +

۳
جو ہیں ہمارے اندروں
تو انھیں مار کے نیست کر ڈال
ہر رنگ کی خواہشیں زبون
اور دل سے سب گناہ نکال +

۴
پھر ہم کو اپنے فضل سے
کہ پکڑے رہیں ہم ہر حال
ہمیشہ ایسی طاقت دے
انھیں معصوموں کی سی چال +

۵
خدایا ہمیں پائیدار
ہم کریں تیرا پاک جلال
ایمان میں کر کہ یوں آشکار
ہر جگہ میں ہر آن ہر حال +

مسیح کا ختنہ

چھپنواں گیت (۵۶) (56)

۱
تیرا اکلوتا ای خدا
ہمارے لیئے ہو مختون
آخر کے آدمی بنا تھا
بہایا پہلے اپنا خون +

۲
مختون ہوکر وہ پاک معصوم
تا تیرے ایمانداروں کو
شریعت کا ہوا محکوم
شریعت سے خلاصی ہو +

۳
تو روح کے اصل ختنہ سے
ہمارے دل اور ہر ایک بند
ولادت ثانی ہم کو دے
اُس ختنہ کے ہیں حاجتمند +

۴
تو سب جسمانی خیالات
ہمارے دل سے کر دے دور
اور سب بیہودہ بری بات
روح قدس سے ہمیں کر معمور +

نوروز

ستاونواں گیت (۵۷) (57)

۱
دن و سال شتاب سے جاتے
جب مر کر خاک میں سب مل جاتے
جلدی آتا وقت اخیر
کیا امیر اور کیا فقیر +

جلد ہماری جان پھر جاتی	۲	جہاں خالق ہی اُس کا
کاش ہماری جان بچ جاتی		جب تک وقت ہی فضل کا +
اے مسیح نجات دہندہ	۳	پھر کر ہمکو سکھلا
تاہم سوچیں جب تک زندہ		آخر کو کیا ہووےگا +
سوچیں کہاں سے ہم آتے	۴	اور کہاں ہم جاتے ہیں
اُن کے پاس آرام جو پاتے		یا عذاب جو پاتے ہیں +
یسوع مسیح وقت وفات	۵	پھر سے رہ تو میرے پاس
فضل سے بخش سب مجھے نجات		فردوس میں رکھ تو اپنے پاس +

(58) اٹھاونواں گیت (۵۸)

کوچ باکوچ میں سفر کرکے	۱	بڑھتا جاتا روز بروز
معلوم نہیں ہی خداوند		کتنے رہے ہیں ہنوز
میں روزمرہ کی تکلیف کو		سفر میں اُٹھاتا ہوں
پر یہہ میری ہی تسلی		اپنے گھر کو جاتا ہوں +
اے خداوند تیرا بندہ	۲	ہی آرام کا اُمیدوار
تجھ پاس جانے کی اُمید سے		دل کو ہوتا ہی قرار
حمدالله کہ اِس جہان میں		میں ہمیشہ نہ رہونگا
گھر کو جانے کی اُمید سے		حال کے دُکھ کو سہونگا +
سفر بھر میں اے خداوند	۳	مجھ مسافر کو سنبھال
میرے پانو کو طاقت بخش دے		کہ نہ ہوؤں تباہ حال
اور جب پچھلا کوچ ہو چکا		تجھ پر کروں جب نگاہ
تب میں دل و جان سے گاؤں		گھر کو پہنچا حمدالله +

انسٹھواں گیت

(۵۹) (59)

اے عزیز مالک میرے
پھر ایک سال بھر تیرے فضل سے
دکھ و سکھ جو میں نے پایا
میرے سر کا نہ ایک بال بھی
جتنی میری ہیں خطائیں
اور سب نعمتوں کے لیئے
روز بروز تو نئے سال میں
اور جو باتیں ناگوار ہوں
یا مسیح جو تیرا آنا
تو تو بخش دے ہوشیاری

۱ تو نے میری مدد کی
رہی میری زندگی +
۲ سب کچھ تو نے بھیجا تھا
تیرے بنا گرنے کا +
۳ اپنے پیچھے پھینک تو دے
شکر کو قبول کرلے +
۴ خداوند میری خبر لے
ان میں مجھکو صبر دے +
۵ اسی نئے سال میں ہو
اپنے خون خریدوں کو +

ساٹھواں گیت

(۶۰) (60)

اب گذرا ہے پرانا سال
ہزاروں شکر ہو
معاف کر تو میرے سب گناہ
ہاں میرے سب گناہوں کو
مجھ کو قبول کرلے
جو کچھ کہ مجھے ہے ضرور
اور آگے میرے سب گھربار
سبھوں پر کر نگاہ
تو روز کی روٹی مجھے دے

۱ پر تسلیم خدا کا ہے بجال
خداوند مجھ پر کر نگاہ
بخش فضل بندے کو +
۲ مسیح کے لہو سے تو دھو
محبت سے تو ہی معمور
مسیح کی خاطر دے +
۳ اور دوستوں کا ہو مددگار
تو میری جان کی خبر لے
اور دکھ میں ہو پناہ +

اکسٹھواں گیت

(۶۱) (61)

اب شکر ہو ہزار ہزار
سب خوف سے ای پروردگار
کہ تو گذشتہ سال
ہمارا تھا رکھوال +

۲ اب مجھے سب آپ کو سونپتا ہوں
کہ داہنے بائیں نہ مڑوں
سنبھال مجھ عاجز کو
تُو ہی میرا ہادی ہو +

۳ ای یسوع اپنی رحمت سے
تُو اپنے خون بیشقیمت سے
تُو ہوا ہی انسان
کر پاک ہماری جان +

۴ ای روح پاک تُو اُتر آ
تاریکی ہم میں سب مٹا
ہمارے دلوں پر
اور ہم کو اپنا کر +

۵ ای باپ اور بیٹے اور پاک روح
ہم سبھوں سے تُو ہو ممدوح
تثلیث میں واحد جو
اب اور ہمیشہ کو :

باسٹھواں گیت (۱)

(۶۲) (62) a

۱ باپ کریم یہ نیا سال
تیرے ہاتھ میں چھوڑتا ہوں
جو کچھ تجھے پسند ہو
آوے سو پر پُرجلال
تیرا ہی انعام
اپنے سب ایام
دُکھ ہو یا آرام
ہووے تیرا نام +

۲ باپ ہی کون جو فرزند کو
کون ہی فرزند باپ کا جو
باپ آسمانی تیرا پیار
کاش ہر بات میں پُرجلال
اچھی چیز نہ دے
کہنا مان نہ لے
رہتا ہی مدام
ہووے تیرا نام +

۳ اگر تیری مرضی ہو کہ فرزندوں کو
خوشی اور آسائش ہو اپنے بندوں کو
فضل بخش کہ یاد کریں تیرا پیار مدام
اور نت چاہیں تیرا جلال ہووے تیرا نام

۴ تو اے یسوع گیا ہی دکھ صلیب کی راہ
دکھ اور تکلیف میں تو ہی ہو بندوں کی پناہ
دکھ کے بعد ہم تیرے ساتھ پاوینگے آرام
ابد تک تیرا جلال ہووے تیرا نام

(62) باسٹھواں گیت (ب) (۶۲)

۱ آرپن مجھے کرنے دے سارا برس تجھی کو
مجھ پر جو کچھ آپڑے تیری اچھا سدا ہو
چھوٹنا دکھوں سے سدا میں نہ مانگتا ایسا بر
کیول یہی بنتی ہی اپنا نام پوتر کر

۲ کیا میں لڑکا ہوسکے چرن سکتا اپنی دشا کو
کیا ایک پریمی رہتا سن سر پر بپتا نہ ہو
تو ہی سب کچھ دیتا ہی میری ساری اچھا بھر
جو کچھ تونے لیتا ہی اپنا نام پوتر کر

۳ جو تو سکھ کو دیا کر میرے لیئے چھوڑیگا
جو تو مجھ پر ادھک بر چمک جانے دیویگا
تیری ستتی میں گاؤنگا من لگا کے تجھی پر
جو کچھ آگے پاؤنگا اپنا نام پوتر کر

۴ مجھے دکھ بھی آپڑے گردش کی چھایا مجھ پر ہو
لابھ کی ستتی ہانی سے ملے میرے دل اور گھر ہی کو
تیرے دکھ کی سدھی کروں تیرے بنتی پر آسرا دھر
پرارتھنا کرتا میں رہوں اپنا نام پوتر کر

مسیح کا ظہور

(۶۳) ترسٹھواں گیت (ا) (63) a.

ایک ستارہ خوشنما جو مسیح کو ڈھونڈتے تھے یوں مسیحا آخر کو	۱	اُن کا ہوا رہنما خوش تھے اُسکی روشنی سے تو ہمارا رہبر ہو ✣
تب وہ گئے خُرم ہو چرنی میں جو تھا موجود ویسے ہم بھی ای غفور	۲	اُسے سجدہ کرنے کو عالموں کا ہی معبود جھکتے تیرے پاک حضور ✣
جیسے وہ باخوشدلی تیرے لوگ بھی اب سبھی اپنے تئیں بادل و جان	۳	تحفے لائے قیمتی حسن تقدس سے نذر کرتے ای سلطان ✣
پاک مسیح ہمکو سدا اور جب فانی عالم سے وہاں پُر جلال ہم پر	۴	راہِ راست پر تو چلا رخصت ہوں تو جگہہ دے اپنا جلوہ ظاہر کر ✣
ملک آسمان نورانی ہی تو ہی تاج و نور کیا خوب تیری حمد میں ای بادشاہ	۵	اُسکا نور غیرفانی ہی تو آفتاب ہی بے غروب گاوینگے ہللویاہ ✣

(۶۳) ترسٹھواں گیت (ب) (63) b

جس پرکار کہ جیوتشی جس پرکار کی عرشت تھے اس پرکار ہم تیرے واس	۱	دیکھ رہے جیوتی تارے کی اس کی جھلک دیکھنے سے سدا چلیں تیرے پاس ✣

جس پرکار کہ چلے بھی
کرنے کو پرتاہم ایک ساتھ
اس پرکار ہم شرن میں
جس پرکار کہ انھوں نے
اس پرکار ہم کریں تلاش
اپنا دھن دھر دیں صحیح
راہ سکیت میں سدا کو
اور اس جگ سے چلیں جب
جاں نہ تارا چاہیئے
آ چلے دیس میں سورگ کے
جیوتی ہی تیرا آکار
دھن ہم مانیں اسی کو

۲ تیری اور یسوع مسیح
تیرے سامھنے دینہ ناتھ
ساتھ آنند کے نت آویں +
۳ بھولیہ دان دیئے
تیرے دین اور سچے واس
تیرے سامھنے ہے مسیح +
۴ اگوا ہمارا ہو
ہمیں لے تو وہاں تب
تیرے تیج کے کارن سے +
۵ سوریہ چاند نہ چاہیئے
سوریہ تو نہ ڈوبنیہار
جی مسیح کی سدا ہو +

چونسٹھواں گیت

(۶۴) (۶۷)

کیا خوب چمکتا ہی پُرنور
اب صبح کا ستارہ
آسمانی تخت کے شاہ محمود
خوشی
لطف و رحمت
جاہ و نور کی

۱ اور حق وفضل سے معمور
عزیز چوپان ابن داؤد
تو میری جان کا پیارا
خوبی
حسن و عظمت
تجھ میں کامل ہی معموری +

ہی قیمت تیری بے قیاس
تو آیا ہی آسمان سے
خوب میرے دل میں کر آشکار
تجھ سے
چین و راحت
کامل برکت

۲ ابن خدا ہمارے پاس
الٰہی نور تو اپنا پیار
حمد کریں دل وجان سے
تجھے
زور و طاقت
ملتی ہی اور دل کی فرحت +

جب تیرے چہرے کا پاک نور	۳	ہی مجھ پر روشن تب بھرپور
ہی خوشی سے جان میری		کلام اور بدن اور خون پاک
مسیح تجھ غیر فانی ہی خوراک		ہی جس سے دل کی سیری
دھر		سرگرم سر
مکان		
مجھ غریب		کر تو تنظر
تجھ پاس آتا		پیار سے مجھے تو بلاتا +
اب خوشی سے تعریف کے گان	۴	اور حمد کے گیت بدل وجان
خداوند کے ہم گا دیں		وہ آج اور کل اور سدا کو
یکساں ہی اسکی ثنا ہو		بین بربط بھی بجاویں
آئیو		گائیو
دلی پیار سے		جی جی کار سے
خوش الحان ہو		ذوالجلال کے ثناخوان ہو +

پینسٹھواں گیت

(۶۵) (۶۵)

خوش ہو صیحون کے فرزندو	۱	اب آیا خوش زمان
مقرر وقت آ پہنچا ہی		رب ہوا مہربان +
کہ اسنے اپنے تخت پر سے	۲	زمین پر کی نگاہ
آہ قیدیوں کی سنی ہی		نجات کی کھولی راہ +
مسیح جو آپ یہوواہ ہی	۳	صیحون جب ہو بحال
بیچ اسکے ظاہر ہووےگا		پر شوکت اور جلال +
اسکا جلال صیحون میں دیکھ	۴	سب بادشاہ ڈرینگے
اور رب کو سب لوگ جمع ہو		تب سجدہ کرینگے +

چھیاسٹھواں گیت

(66) (۶۶)

خدایا اپنی برکت	۱	تو ہم پر نازل کر
اور کر تو اپنا چہرہ		بندوں پر جلوہ گر
کہ ساری قومیں جانیں		تیری عجیب نجات
زمین پر سب پہچانیں		تیرے طریق کی بات +
جب تیرا راج خداوند	۲	زمین پر قائم ہو
تب قومیں شکر کرکے		مانینگی شرع کو
تو کریگا باراستی		کل قوموں کا انصاف
مٹاویگا تو حق سے		سب ضد اور اختلاف +
ہر امت تیرے نام پر	۳	تب شکر بھیجیگی
زمین تب اپنا حاصل		بخوبی دیویگی
برکت پر برکت پاکے		حمد قومیں کرینگی
زمین کی سب سرحدیں		تب تجھ سے ڈرینگی +

سڑسٹھواں گیت

([illegible]) (۶۷)

ہللویاہ خوش الحانی	۱	خوش آوازی جو مدام
ہللویاہ انکا گیت ہی		جو خدا کے پاک مقام
حاضر رہکے دلی پیار سے		گاتے اسکی حمد مدام +
ہللویاہ ما تمہاری	۲	اے یروسلم پرنور
ہللویاہ تیرے لڑکے		تجھ میں گاتے پرسرور
تو آزاد ہی ہم پردیس میں		اب تک ہیں اسیر رنجور +

٣
یہاں ہللویاہ گاتا
اِس اسیری کے جنجال سے
اور گناہ کے غم اور دکھ سے
ممکن نہیں ہے ہر آن
باربار ہوتا دل حیران
آنسو بہتے فراوان +

٤
پس ہم دل سے منّت کرتے
کہ اُس وطن میں عید کریں
وہاں تجھے ہللویاہ
بخشش دے ای تثلیث محمود
جو آسمان پر ہی موجود
سدا گاوینگے خوشنود +

لینٹ-توبہ وفریاد

(٦٨) اڑسٹھواں گیت (68)

١
ای مسیح ہماری خاطر
چالیس دن اور چالیس رات تک
بیابان میں جب رہا
تو نے روزہ رکھا تھا +

٢
بخش کر ایسی پرہیزگاری
جس سے جسم ہوں ہمارے
ہم لوگ کریں اختیار
سدا روح کے تابعدار +

٣
بخش کر جیسی تیری چال تھی
اپنی بول چال نت سدھاریں
ویسے چلیں ہم ہر دم
دل کو پاک صاف رکھیں ہم +

٤
راہِ حق سے ہم نہ ٹلیں
سدا ہم دیکھ بھال کے چلیں
کیسا ہی ہو اِمتحان
اب سے لے تا مرتے آن +

(٦٩) اُنہتّرواں گیت (69)

١
گنہگارو چلے آؤ
یسوعؔ پاس تم جلدی آؤ
شک مت کرو
سست و گھایل و بیمار
کرم وقدرت ہے اپار
سب کو کرتا ہے وہ پیار +

بهوکهے پیاسے لوگو آؤ
توبہ اور ایمان سے آؤ
ربنا نقدی

۲
توخدا کی نعمت کو
برکتوں کی دولت کو
مفت مسیح سے مول لیجیو *

تهکے ماندے اور زیربار جو
نیند سے اٹهکے اب بیدار هو
مجهه پاس آؤ

۳
اور گناه سے بے آرام
سنو یسوع کا کلام
تمهیں دونگا میں آرام *

ستروان گیت

(۷۰) (70)

۱
اى خطاکارو جتنے هو
اور کہاں جاؤگے
گناه اور سب خرابی سے

پناه مسیح کی جلدی لو
آؤ اس پاس شتابی سے
نجات تم پاؤگے *

۲
گناه کے سبب موئے هو
عذاب کے سزاوار
کہ اسکا پیار هی بے قیاس

راه راست سے پهرے هوئے هو
اب لوٹکے آؤ یسوع پاس
اور فضل بے شمار *

۳
دریا میں غم کے ڈوبے جو
صرف وه بچاتا هی
اپنی امان بہشتی میں

تم هاتهه مسیح کا پکڑلو
جہاں وه نجات کی کشتی میں
تمهیں پہنچاتا هی

اکہتروان گیت

(۷۱) ([illegible])

۱
دانش سیکهو اى نادانو
آج کا وقت غنیمت جانو

دیری کیوں تم کرتے هو
کل کی دیری مت کرو *

٢ توبہ کرو گنہگارو — کرو آج کہ جیتے ہو
موت نزدیک ہے سچ تم جانو — کل کی دیری مت کرو +

٣ آج تو ہے تمہارا سواسا — آج مسیح کی اور پھرو
جب تک سواسا تب تک آسا — کل سبھی دیری مت کرو +

۴ بے بہا نجات کی پہنچی — گنہگارو مفت میں لو
یسوع کو تم جانو منجی — کل کی دیری مت کرو +

بہترواں گیت

(٧٢) (۷۴)

١ میں گناہ سے اٹھونگا — اپنے باپ پاس جاؤنگا
اٹھ اے جان اب دیر مت کر — اجل ہے دروازے پر +

٢ باپ میں بڑا گنہگار — غضب کا ہوں سزاوار
تیرے فرزند ہونے کے — لائق نہیں بخشش تو دے +

٣ دیکھ یہہ عاجز آتا ہے — جس کو تو بلاتا ہے
آنے کو اے مہربان — تیرا ہوں بدل و جان +

۴ باپ تو میرا ہو دستگیر — تیرا ہو کے دامنگیر
راہ صلیب کی چلونگا — دنیا سے منہہ موڑونگا +

۵ اس جہان کی اچھی چیز — تیری نسبت ہے ناچیز
تجھے سب ناپسند جو — مجھے بھی ناپسند ہو +

٦ راہِ راست پر تو چلا — حافظ ہو اور رہنما
تاکہ رہوں استوار — اور آخر تک ایماندار +

٧ میں گناہ سے اٹھونگا — اپنے باپ پاس جاؤنگا
اٹھ اے جان اب دیر مت کر — اجل ہے دروازے پر +

تہترواں گیت

(۷۳) (73)

۱
گہرائوں سے خداوند کو پکارتا ہوں رو رو کے
تو مجھ پر متوجہ ہو اور میری دعا سن لے
ای یاہ گر تو گناہوں کا حساب لے تو خداوندا
کون تیرے سامھنے ٹھہرے +

۲
تو کرم و رحم سے معمور گناہوں کی معافی
ہی تیری بخشش ای غفور اور تیری بخشش کافی
ثواب ہمارے اور نیک کام لاحاصل ہیں اور ناتمام
پس فخر کرنا چھوڑیں +

۳
میں جان و دل سے انتظار خداوند ہی کا کروں
اُس کے کلام پر میں ہر بار پورا بھروسا دھروں
وہی پناہ ہی اور چٹان دلاسا بخشتا اور امان
یہہ میری ہی تسلّی +

۴
گناہ ہمارے بےبیان نہایت ہی بُرائی
پر تیرے پاس ای ربِّ رحمان ہی کثرت سے رہائی
تو ہی اسرائیل کا ہی چوپان چھٹکارا دینے کو توان
تجھ پر توکّل کرتے +

چوہتترواں گیت

(۷۴) ([illegible])

۱
گناہ وغم کے غار میں سے میں کرتا ہوں فریاد
خدایا میری سن آواز فرما تو مجھے یاد +

۲
کہ آدمی کے گناہوں کا
تو ٹھہرے کون تیرے حضور
جو کرے تو حساب
سب دنیا ہی خراب +

۳
پر تیرے پاس معافی ہی
اور یسوع کے کفارے پر
گناہ کی ای خدا
ایمان ہی عاصی کا +

۴
پس ڈر کے ساتھ اور تائب ہو
میرے گناہ خدایا بخش
میں آتا تیرے پاس
سن میری التماس +

(۷۵) پچھترواں گیت (75)

۱
تنبیہہ نہ دے تو قہر سے
نہ غضب کر کے سزا دے
سے مجھے ای رب رحیم
خداوندا کریم +

۲
گناہوں کا جو میرا بار
اور میرا دل جو خوار لاچار
سب مجھے دباتا ہی
آرام نہ پاتا ہی +

۳
امید ہی مجھ کو تجھی سے
میری فریاد کو سن تو لے
کریم خداوندا
اور مجھے جلد بچا +

۴
دل کھول کے اپنے سب گناہ
کر مجھ پر رحم کی نگاہ
میں کرتا ہوں قبول
اور عاصی کو نہ بھول +

۵
خدایا مجھے ترک نہ کر
میری نجات تو جلدی کر
نہ ہو تو مجھ سے دور
بخش میرے سب قصور +

(۷۶) چھہترواں گیت (76)

۱
خدایا میں گناہ کو چھوڑ
تو مجھ سے اپنا منہ نہ موڑ
اور اپنی روح کی قدرت کو
اب پھرتا طرف تیری
کر کرم سے مدد میری
دل میرا جس سے نیا ہو
کر فضل سے عنایت +

افسوس میں کیسا گنہگار	۲	شرمندہ ہو میں مانتا
خطائیں میری بیشمار		نہ نام سے سب کو جانتا
گر سب مجھے اُنکے سبب سے		تو دوزخ میں ہلاک کرے

تو واجب سزا پاتا +

یسوع قبول تو مجھے کر	۳	صرف تیرے پاس میں آتا
بڑے خدا کے تجھی پر		دلی ایمان میں لاتا
صلیب پر تو ہی ٹنگا تھا		تو زخمی اور غمزدہ تھا

تا مجھ پر دکھ نہ آوے +

بیشقیمت لہو سے تو دھو	۴	جان دیکے جو بہایا
گناہ کے سارے داغوں کو		کہ جنھیں مجھ میں پایا
اور سب مجھے تو لباس پہنا		پاکیزگی اور راستی کا

صلیب پر جو کمایا +

ای یسوع تیرے باپ کے پاس	۵	وہ پہن کے میں جاتا
جب دیکھتا یہہ نفیس لباس		جلد اُسکو رحم آتا
اب روحِ قدس کی طاقت سے		گناہوں پر تو غلبہ دے

میں تجھ پر آس لگاتا +

ستتروان گیت (۷۷)

افسوس کہ اکثر میں کمبخت	۱	دور رب سے رہا تھا
گناہ نے دل کو کیا سخت		سب بے سوچ اور بے پروا +
تو بھی تو پھر بلاتا ہی	۲	سب مجھے خداوندا
ای میری بھولی ہوئی بھیڑ		تو لوٹ کے مجھ پاس آ +

شرمندہ ہو میں آتا ہوں	۳	کر رحم کی نگاہ
اور دیکھ مجھ دل شکستہ کو		بخش میرے سب گناہ +
نہ غضب سے پر رحم سے	۴	تو دیکھ مجھ عاصی کو
اپنے بیشقیمت لہو سے		تو میرے دل کو دھو +
ہزاروں شکر بھیجونگا	۵	میں تیری پاک درگاہ
اور گاؤنگا بدل و جان		ہمیشہ حمد اللہ +

(۷۸) اٹھہترواں گیت (78)

حال میرے دل کا سراسر	۱	خداوندا تو نیا کر
تو اپنا منہہ نہ مجھ سے موڑ		نہ غصہ ہو کے مجھے چھوڑ +
گناہ جو ہیں اس بندے کے	۲	معاف فرما تو رحم سے
اور میرے دل کے نجس کو		مسیح کے لہو سے تو دھو +
جو دل کو پہلے تھی تسکین	۳	سو گئی ہے دل ہے غمگین
مٹا تو میرے دل کا ڈر		اور خوشی پھر عنایت کر +
تب انکو بھی جو ہیں گمراہ	۴	بتاؤنگا نجات کی راہ
کروں انجیل کے تابعدار		بہشت کے سچے امیدوار +

(۷۹) اُناسیواں گیت (79)

پاک اور صاف دل میرے اندر	۱	پیدا کر تو اے خدا
مستقیم اور نئی روح تو		میرے باطن میں بنا
روح القدس تو مجھے بخش دے		اپنے پاس سے نہ نکال
مجھے دے نجات کی خوشی		روح رضا سے سنبھال +

تب دل سے تقصیرواروں کو	۲	تیری راہ دکھاؤنگا
جب تو میرے ہونٹھ کھولیگا		تیری حمد میں گاؤنگا
دل شکستہ کا ذبیحہ		سب تجھے ہی ای رب منظور
توبہ سے دل کچلا ہوا		سب تجھے ہی پسند ضرور

(۸۰) اسیواں گیت (۸۰)

پاک دل مجھ میں خدا	۱	تو کرم سے پیدا کر
گناہ سے میں آلودہ ہوں		اور نجس سراسر
تو میرے باطن میں	۲	ڈال روح مستقیم
پھر نئے سر سے تا مجھ پر		نہ غالب ہو غنیم
اپنی حضوری سے	۳	نہ ہانک سب مجھے غفور
میں تو نالائق بچہ ہوں		تو رحم سے معمور
تو اپنا روح قدس	۴	نہ جدا مجھ سے کر
پر دل و جان ہمیشہ کو		ہو تیری روح کا گھر
شکستہ دل و جان	۵	نہ جانتا تو ناچیز
ذبیحہ جو گذرانتا ہوں		قبول کر باپ عزیز

(۸۱) اکیاسیواں گیت (۸۱)

میں گرتا تیرے قدم پر	۱	اور زار زار روتا ہوں
بدکار ناپاک ہوں سراسر		شرمندہ ہوتا ہوں
خرابی میری ہی اتھاہ	۲	میں سر تا پا بدخو
جہان میں کون سا ہی گناہ		کہ مجھ میں جڑ نہ ہو

۳ میں حکم تیرے جانتا ھوں — کہ راست وہ ھیں اور پاک
تو بھی میں اُن کو ٹالتا ھوں — اور ھوتا ھوں غمناک +

تو دیکھتا ہے انسان کی چال	٣	سب لوگوں کا تو جانتا حال
تو سنتا ہر ایک کی بات		اور جانتا ساری واقعات +
عالم الغیب تو ہے کمال	٤	عجیب غریب ہے تیرا حال
سب باتوں کو تو جانتا ہے		ہم کو بالکل پہچانتا ہے +

(167) ایک سو سڑسٹھواں گیت (١٦٧)

اے خدا نادیدہ ہے	١	سب آنکھوں سے پوشیدہ ہے
تو روح قدوس لا ابتدا		عظیم حکیم لا انتہا +
جو جسم میں سو ٹلینگے	٢	وہ مر کے سڑ کے گلینگے
پر تیری ذات غیرفانی ہے		سب باتوں میں لاثانی ہے +
جب تیری نہیں ہے شبیہ	٣	تب کس سے تجھے دیں تشبیہ
ہم کس سے تجھے دیں مثال		کہ تو بیشک ہے ذوالجلال +
غیر قوموں کے جو ہیں خدا	٤	سو بت بناوٹ ہیں ہرجا
پر تو یہوواہ زندہ ہے		سب کا پیدا کنندہ ہے +
اے میری جان جھکا تو سر	٥	اس روح جلیل کو سجدہ کر
عبادت کی تو طاقت دے		کہ کروں روح اور راستی سے +

(168) ایک سو اڑسٹھواں گیت (١٦٨)

ہر آندھی میں ہے ایک آواز	١	ہر پھول میں ایک زبان
جو تیری ثنا کرتی ہے		خدایا عالیشان +
پرند سب اپنے خالق کی	٢	ستائش گاتے ہیں
اور موسم بھی سب ہم آواز		تعریف سناتے ہیں +
کیا میں اکیلا عالم میں	٣	چپ رہونگا مدام
کیا میں نہ اپنے دل سے لوں		تیرا مبارک نام +

جہان کا قرض تو تھوڑا ہی ہے ۴ پر تو نے مجھے بخشی ہی ہے چیز کل حیات ابدی ہی جاودانی +

(۱۶۹) ایکسو انہترواں گیت (169)

۱ رب کی تعریف ہو وہ قدرت اور شوکت کا مالک خوشی کرو
سارے فرشتوں کے ساتھ ثنا گاویں سب سالک گاتے بجاتے رہو
رب ہی سلطان ممالک +

۲ رب کی تعریف ہو کہ اسنے کی تیری ہدایت کرم سے معمور
پر عقاب تلے اڑ تجھے کی جو ہی عنایت جو کچھ کہ تجھے ضرور
بخشتا ہی وہ باکفایت +

۳ رب کی تعریف ہو کہ حکمت سے تجھ کو بنایا آفتوں سے
جسم و روح کو آرام دیکے علم سے چلایا تجھ کو خداوند ہی نے
بارہا پناہ دے بچایا +

۴ رب کی تعریف ہو کہ تجھ پر کیا برکت پہنچائی خدا رحیم
بارش سی اپنی محبت آسمان سے برسائی قدرت ہی تیری عظیم
الفت بھی کتنی دکھائی +

۵ رب کی تعریف ہو جان میری کر حمد اسکے نام کی گاؤ زبور
سب کچھ جو مجھ میں اور تم جو اولاد ابرہام کی اسکا جو راست و پرنور
رب کی تعریف ہو وے آمین +

(۱۷۰) ایکسو سترواں گیت (170)

۱ حمد اللہ خدا ہی الفت جس نے تخت کو پیار سے چھوڑ کے
اس نے بیٹا دیا ہی ہم میں ڈیرہ کیا ہی
حمد اللہ +

۲ حمد اللہ خدا ہی رحمت سزا یسوع نے اٹھا کے
موت نہ چاہتا آدمی کی اپنی جان صلیب پر دی
حمد اللہ +

۳ حمدُ اللہ خدا ہی صلح
اچھی جنگ جو یہاں کرے
یسوع میل کرواتا ہی
تاج آسمانی پاتا ہی
حمدُ اللہ +

۴ حمدُ اللہ خدا حیات ہی
ساری خلقت بے ثبات ہی
رہتا اُسکا حق مُدام
دائم اُسکا پاک کلام
حمدُ اللہ +

ایکسو اکہتروان گیت (۱۷۱) (171)

۱ ہے پرمیشور رکشک میرے
پایا کرتا ہوں دان تیرے
تیرا پریم میں جانتا ہوں
تیرا دھن میں مانتا ہوں +

۲ بھوجن بستر تو نے دیا
رکشن میرا تو نے کیا
دیا سب کچھ ویندیال
سدا رکشن کر رکھوال +

۳ سب کچھ میں نے تجھ سے پایا
اب میں پاپوں سے لجایا
تو بھی تیرا کیا پاپ
اُن سے مجھے ہی سنتاپ +

۴ پربھو یشو رُدھر تیرا
من پوتر کر تو میرا
مجھے شُدھ کر سکتا ہی
کرونگا میں تیری جی +

۵ سب کے کرتا میری پرمیشور
روپ میں تین - تت میں ایک ایشور
پتا پُت اور آتما سو
شکتی دھن بڑائی ہو +

ایکسو بہتروان گیت (۱۷۲) (172)

۱ پرمیشور کے گاویں ہم گن اور دھنباد
سوئمبھو پرمیشور درشٹ نراکار
وہ ہی پُرم آتما اننت اور اناد
جگت کا ادھپت اور سب کا آدھار +

۲ سرشٹ کرتا سرب رکشک اور سرب شکتمان
وہ اسم اور اگم گن ساگر اپار
سرب گیانی پوتر اور نیائی مہان
وہ سب کا ہی داتا اور تر آنکر تیھار +

۳ کون پربھو کے بھید کا کب ہوا سگیان
دیال اور کرپال ہو بچانے سنسار
مسیحا سے پرگٹا پرمیشور مہان
نر روپ دھارن کر کے وہ ہوا اوتار +

٤
پاپ سے چھوٹن اور مکتی اب یسوع کے ہاتھ
سو رکھیں ہم یسوع پر من سے بسواس
یہہ کھوجی کو دیتا ہی باپ کرپا ناتھ
ہے باپ اُسکے دوارا دیسے مکتی کی آس ✢

ایکسو تہتروان گیت (١٧٣)

١
اِس جگ کے اول بدل میں
کیوں ایشور کا میں دھنیہ باد
جب سُکھ یا دُکھ میں ہوں
نت کرتا نہ رہوں ✢

٢
دھن اُسے کہو میرے ساتھ
وہ جب ہی میں پکارتا تھا
جی اُسکے نام کی ہو
آیا بچانے کو ✢

٣
ایشور کے سینا ٹکتے ہیں
وہ اُنکی رکشا کرتا ہی
سب سنت لوگوں کے پاس
جو اُس پر رکھتے آس ✢

٤
پریم اُسکا جانچو چاہنے سے
کرو سے ہی دھن جو بھاگی ہیں
تم جانتے پاؤ گے
اُسکی سچائیاں سے ✢

٥
جب اُس سے ڈرتے کارن پھر
جو لگے اُسکی سیوا میں
نہ کسی چیز کا ڈر سکا ہی
نہ اُنکی گھاٹا ہی ✢

ایکسو چوہتروان گیت (١٧٤)

١
ہے ایشور تو انوکھا ہی
پرتاپی تیرا شین ستھان
یہہ واہ تیرا نام
اور اُجلا تیرا دھام ✢

٢
ادبھت تو تیرے پرس ہیں
ہر دن اور رات میں تجھی کو
ہے پربھو تو اننت
نت مانتے تیرے سنت ✢

٣
درشن کو تیرے پانا یہہ
کہ تیرے بل اور بدھ اور پریم
سُکھ ہوویگا اپار
سب ہوتے نروکار ✢

٤
بھی تیرا میرے من میں ہی
میں تیری سیوا کرتا ہوں
ہے ایشور جیوتے
پچھتا کے پاپوں سے ✢

٥
پر تجھے پیار بھی کرتا ہوں
کیونکہ تو چاہتا مجھی سے
ہے سرشکتمان
پریم ہی کا بلدان ✢

نہ ماتا پتا تیرے تلیہ تُو اپنے پاپی بچّوں کو	۶	پریم ایسا کرنیھار بھول چوک کا سہنیھار +
جب تجھی پر میں دیکھ رہوں تب کیسا ہوگا پر ماننند	۷	پریم اور بھکتی سے تیرے پتا یشو کے +

(۱۷۵) ایکسو پچھترواں گیت (175)

اِس جگ کے رہنیوالو سب اُسکا سُناؤ سماچار	۱	پربھو کی ستُتی کرو اب اور اُسکا کرو جی جی کار +
یہوواہ ایشور ہی سچ مُچ وہ ہم بھیڑوں کا ہی رکھوال	۲	سرشٹ اُسنے کی ہی سب کچھ وہ سدا کرتا پرتپال +
پاس آؤ اُسکے پھاٹک کے نِت اُسکے نام کی کرو جی	۳	گیت گا کے بڑے آنند سے کہ یوں ہی کرنا اُچت ہی +
ہمارا ایشور کھرا ہی اُسکی سچائی رہتی نِت	۴	دڑھ ہوئی اُسکی دیا ہی اور سدا رہیگی نشچیت +
پتا اور پوت اور آتما کو جی اُسکی کریں مانش جات	۵	سب سورگ اور جگ میں دھنی ہو اور سورگ کے دوتگن دِن و رات +

مسیح کی تعریف

(۱۷۶) ایکسو چھہترواں گیت (176)

خدا کے بندو خداوند کا نام مسیح کا نام جانو اور اُسکی بادشاہت	۱	تم کرو مشہور قدوس اور پُرنور بزرگ سر بُلند جلیل فتحمند +

مسیح کی تعریف ۱۰۵

آسمان پر خدا	۲	ھی تخت پر پُرشان
پر اپنوں پاس بھی		ھی اُسکا مکان
اور بڑی جماعت		سب ھی ثناخوان
وہ جانتی مسیح کو		جلال کا سُلطان +
"جو ھی تخت نشین	۳	اب ھووے محمود
اور برّہ کو بھی		سب کرو سجود
تعریف ھو اور عزت		بزرگی و شان"
یوں جھککے پکارتے		زمین و آسمان +
فرشتوں کے ساتھ	۴	ھم اُسکے حضور
با عاجزی آ		اور دل سے مسرور
اب سجدے کو جھکیں		اور کریں تعریف
اور برّہ کے پیار کی		ھم کریں توصیف +

ایکسو ستروان گیت (۱۷۷)

ای یسوع تُو عجیب بادشاہ	۱	بہادر بھی مشہور
تُو خوبیوں کا چشمہ ھی		شیرینی سے معمور +
جب دل میں آ تُو ساکن ھو	۲	تب حق ھی رونقدار
الٰہی پیار تب ھی پیوست		چیز فانی ناگوار +
ای یسوع تُو جہان کا نور	۳	آفتاب صداقت کا
سب لذتوں سے تُو لذیذ		چشمہ سعادت کا +
یسوع سب تیرے طالب ھوں	۴	اور تیرے واقفکار
نام تیرے کے سب مُقرّ ھوں		اور جانیں تیرا پیار +
ای یسوع ھم صرف تیرے پیار	۵	اور حمد سے ھوں خوشحال
ھم کریں عمر بھر آشکار		صرف تیرا ھی جلال +

(178) ایکسواٹھہتّرواں گیت (۱۷۸)

۱
آدمی سارے گنہگار تھے
یسوع اُنکی حالت دیکھکے
یسوع آیا
بے بھروسا اور ناچار
ھوا اُنکا مددگار
آدمی کے بچانے کو +

۲
یسوع ھی نجات دھندہ
اُس سے ھوؤں کیوں شرمندہ
یسوع ھوا
میرے دِل کا وہ محبوب
گرچہ ھوا ھی مصلوب
آدمی کے بچانے کو +

۳
سب گناہ اور غفلت میری
دیتا ھوں دھائی تیری
تُو اُٹھا جی
اے خداوند تُو مٹا
فضل کر سب مُجھے بچا
آدمی کے بچانے کو +

۴
یسوع پر ایمان گر لاویں
اُس سے سب نجات کو پاویں
یسوع جیتا
سارے آدمی بیچ جہان
جاویں آخر بیچ آسمان
آدمی کے بچانے کو +

(179) ایکسواناسیواں گیت (۱۷۹)

۱
حمد و جلال اُس برّہ کو
اور اپنا خون مبارک دے
جو ذبح ھوا ھی
ھم کو خریدا ھی +

۲
جس حال ھم سب ھو نااُمید
مصیبت بپت آفت میں
اندھیرے میں پڑے تھے
دِن رات تڑپتے تھے +

۳
مسیح نے دیکے اپنی جان
اور اپنی خاص حضوری میں
ھم کو چھُڑایا ھی
ھم کو بُلایا ھی +

۴
آسمان زمین اور کُل مخلوق
کہ اُسنے اپنی اُلفت سے
مسیح کے ھوں مدّاح
ھم کو کیا فتّاح +

۵
حمد اور جلال اُس برّہ کو
اور اپنی جان صلیب پر دے
جو ذبح ھوا ھی
ھم کو خریدا ھی +

(۱۸۰) ایکسواسّیواں گیت (180)

۱
خدا کی ثنا گاتے ھیں
اب ھم بھی اُن میں مِلکے ھوں
سب پاک فرشتگان
خدا کے ثناخوان +

۲
"برّہ سب حمد کے لائق ھی"
"برّہ سب حمد کے لائق ھی"
وہ گا سُناتے ھیں
ھم مِلکے گاتے ھیں +

۳
سب جو زمینی ھی گروہ
سب ھم آواز ھو گاویں اب
آسمانی فوج شریف
خداوند کی تعریف +

۴
حق تعالیٰ کو اور برّہ کو
ھم سجدہ کرتے ھیں اسوقت
سب دِل بدِل و جان
اور کریں ھر زمان +

(۱۸۱) ایکسواکیاسیواں گیت (181)

۱
کیا عمدہ ھی ھی یسوع نام
بس گاویں ھم لوگ خاص اور عام
سب ناموں میں شریف
اُس نام کی پاک تعریف +

۲
گناہ سے ھو جو پریشان
دِل کیسا کیوں نہ ھو حیران
اور لیوے یہی نام
پر پاویگا آرام +

۳
ھر وقت میں لونگا اُسکا نام
وہ دُکھ اور سُکھ میں آتا کام
کہ عجب اُس کی شان
ھر جا ھر حال ھر آن +

۴
میرے مسیح کا عمدہ نام
دُکھ درد میں دینے کو آرام
ھی دِل میں پُر تاثیر
ھی شِفا بخش اکسیر +

۵
پھر آب حیات ھی اُسکا نام
وے جیتے ھیں اب اور مُدام
جو اُسے کرتے بیان
اور پاتے اطمینان +

(۱۸۲) ایکسوبیاسیواں گیت (182)

۱
ایمان کی نیو مسیحا ھی
عمارت جو کلیسیا ھی
وہ ثابت دائم ھی
سو اُس پر قائم ھی +

2 مسیح بزرگ اور بالا ھی بذات ھی خدا
راہ راست بتانیوالا ھی اور منجی دنیا کا +

3 صلیب پر ایذا پا کرکے خداوند ہوا تھا
نمونہ پاک دکھا کرکے ھی پیشوا بندوں کا

4 ھماری پیاس بجھانے کو حیات کا سوتا ھی
اور دل کا عیب مٹانے کو آپ ھمیں دھوتا ھی +

5 ھم تیرے پاس محتاج ناچار مسیحا آتے ھیں
نجات کی دولت بیشمار ھم تجھ سے پاتے ھیں +

(183) ایکسو ترایسواں گیت (۱۸۳)

1 ایمان کا لنگر ھی مسیح سلامتی میری ھی صریح
اگر چلا کریں بھی طوفان اور دشمن ھو تمام جہان
تو میں کب جنبش کھاؤنگا جو اُس پر آسرا دھرونگا +

2 مسیح ھماری ھی پشاہ ھی اُسی سے نجات کی راہ
اُس پر بھروسا میرا ھی کہ اُسکا فیض بہتیرا ھی
اور خاص تسلی کی یہہ بات مسیح کی موت سے ھی حیات +

3 اوتار وہ بنکے آیا ھی ھمارا بوجھ اُٹھایا ھی
گناہ کو میرے کیا دور بخشائے میرے سب قصور
ایمان جو اُس پر لاتا ھی خلاصی وھی پاتا ھی +

(184) ایکسو چوراسیواں گیت (۱۸۴)

1 یسوع پیارے بالک ھمارے
حق انسان اور حق خدا تو میرا یار ھی
سر و سردار ھی محبوب تو ھی دل میرے کا +

۲
باغ اور گلزار هیں
اُن کی بڑی هی بہار
سب سے خوشرو هی
خوشبودار هیں
خوش یسوع تو هی
تو میرے دِل کا هی گلزار +

۳
سورج چمکتا
اور ستارے بیشمار
سب سے جمالی
چاند بھی جھلکتا
یسوع جلالی
سب خلقت سے هی رونقدار +

(185) ایکسو پچاسیواں گیت (۱۸۵)

۱
کلیسیا کا نگہبان
ناچار کو بخشتا هی امان
اور دولہا هی مسیح
کمزور کو زور صحیح +

۲
تو صبح کا ستارہ هی
حقیقی نور تو سب کا هی
جلیل آفتاب جہان
کر روشن میری جان +

۳
تجھ بنا پریشانی سے
پر تیرے نور آسمانی سے
دِل میرا هی مجبور
اندھیرا هوتا دور +

۴
کون کرے تیرے پاک کمال
جلال سے تو هی مالامال
اور خوبی کا بیان
پر هم هیں ناتوان +

۵
کروڑوں میں تو هی سردار
هی تیرا سب پر اختیار
اور اُلفت سے بھرپور
جلال سے تو معمور +

(186) ایکسو چھیاسیواں گیت (۱۸۶)

۱
مسیح جہان کا هی حبیب
هم روگی دکھی هیں غلام
وهی اکیلا هی طبیب
تجھی سے پاتے هیں آرام +

۲
تو بہرے کا کھول دیتا کان
نجات کی بات سُناتا هی
اور بخشتا گونگے کو زبان
اور پاک تعریف کرواتا هی +

۳
جو لنگڑے لولے هیں ناچار
تو راستی پر چلاتا هی
تو اُنکو کرتا اُستوار
اور نیکی بھی کرواتا هی +

تُو اندھوں کو بھی دیتا نور تُو کوڑھ سے بھی ۔ جو مرض ھولناک	۴	اور دِل کا پردہ کرتا دور ھاں دِل کے کوڑھ سے کرتا پاک *
جِلانیوالا مُردوں کا گناہ کی مَوت سے تُو جِلا	۵	اور جا پہنچنیوالا گردوں کا اور آپ سے سب کو جلد بُلا *

ایکسوستاسیواں گیت (۱۸۷) (187)

تیری ثنا گانے کو ای مسیحا میرے یار	۱	حمد کے گیت سُنانے کو کر تُو میرا دِل تیار *
میں گناہ کا تھا غلام پھرتا تھا گمراہ ناچار	۲	بھولا بھٹکا بے آرام بے تسلّی بے قرار *
کھوجتا تھا میں مددگار کرتا تھا انیک تدبیر	۳	سب کو پاتا تھا ناچار پاتا تھا سب بے تاثیر *
سوچتا تھا میں دِن اور رات کرے کون گناہ کو معاف	۴	کیونکر میری ھو نجات میرا دِل کون کرے صاف *
میرے اُوپر یسوع نے ھوا میرا مددگار	۵	نظر کی تب رحم سے اور اُتارا میرا بھار *
یسوع میرے دِل کے یار اب سے لے ھمیشہ کو	۶	شکر اب ھزار ھزار تیرے بڑے نام کا ھو *

ایکسواٹھاسیواں گیت (۱۸۸) (188)

یسوع نام تیرا دِل پسند حمد اُسکی کر آسمان بلند	۱	اور کان کو ھی شیرین اور ساری سرزمین *
تُو میری جان کا ھی عزیز سب تیری نسبت ھی ناچیز	۲	اور آس اور یار مقبول اور سونا چاندی دھول *
جس بات کا میں ھوں آرزومند روشنی بن تیرے ناپسند	۳	سو تجھ میں ھی موجود اور دوستی نامقصود *

جو فضل تیرا بے بہا ۴ سو دل میں ٹھہرا ہی
بلسان۔ وہ میرے زخموں کا اور درد کی دوا ہی +
گا رہونگا میں یسوع نام ۵ اور جب آوے میری موت
تب مجھے دیگا تو قیام کہ تجھ سے موت ہی فوت +

(۱۸۹) ایکسو نواسیواں گیت (89)

۱ ایماندارو دل سے گاؤ یسوع کو ہلیلویاہ
وہی ہی نجات دہندہ ازل سے جو ابن اللہ
جو کلام مجسم ہوا ہی آسمانوں کا بادشاہ +

۲ کلوری پر زیست کا مالک ہوا برہ سا قربان
اُس نے اپنا خون بہا کے دی صلیب پر اپنی جان
موت اور گور پر غالب آ کے اب آسمان پر ہی ذی شان +

۳ اُس کے خون ہی سے نجات ہی اُسکی موت سے ہی حیات
اب جلال کے تخت کے سامھنے گاتی ساری قوم اور ذات
جتنے خون کے ہیں خریدے ہلیلویاہ دن اور رات +

۴ بین و بربط کو ہمساز کر خوب بجاؤ سُر لطیف
کل آسمان زمین سے ملکے گاوے اُسکا نام شریف
برہ کو جو ذبح ہوا ہو بزرگی اور تعریف +

۵ حمد اور عزت ہووے باپ کی حمد اور عزت بیٹے کی
حمد اور عزت روح پاک کی پاک تثلیث خدا ایک ہی
ذات و شان و قدس برابر تا زمان الابدی +

(۱۹۰) ایکسو نوّیواں گیت (1[illegible])

۱ ایک ہی گڈریا اچھا ایک حقیقی ہی چوپان
اپنی بھیڑوں کا ہی سچا دوست عزیز اور نگہبان

کیا تو جانتا اُس چوپان کو — کہاں سے وہ آیا ھی
باپ نے اُسے کُل انسان کو — بڑے لطف سے بخشتا ھی +
۲ جب کہ جھنڈ سے الگ ھو کے — ایک بھی بھیڑ بھٹکتی ھی
وہ چوپان سب گلّہ چھوڑ کے — اُسے ڈھونڈنے جاتا ھی
اور جب ملی وہ بیچاری — کاندھے پر رکھ لاتا ھی
خوشی سے اُس تھکی ھاری — بھیڑ کی خبر لیتا ھی +
۳ کہو کیا تمہارا ایسا — ھی ایک دوست اور نگہبان
جو کہ دُکھ اور سُکھ میں ویسا — خاطردار اور مہربان
جو مسیح کی بھیڑ ھو جاتا — اُسکا ھی ایک گلّہ بان
اپنوں کو جو خوب چراتا — اور بچاتا ھی ھر آن +

(۱۹۱) ایکسو اکیانویواں گیت (۱۹۱)

۱ تو راہ ھی جسسے ھم گناہ — اور موت سے ھیں خلاص
تجھی سے باپ کے طالب جو — آسکتے اُس کے پاس +
۲ تو حق ھی تیرا پاک کلام — حق دانش بخشتا ھی
انسان کا فہم روشن کر — دِل صاف کر دیتا ھی +
۳ تو ھی حیات کر موت کا زور — نیست کرتا تیرا ھاتھ
جو موت میں تیرے ھیں شریک — سو جیتے تیرے ساتھ +
۴ تو راہ ھی حق اور زندگی — بخش کہ اِس راہ پر ھو
حق مانگے پاویں زندگی — اور ابدی خوشی سکو +

(۱۹۲) ایکسو بانویواں گیت (۱۹۲)

۱ خداوندا تو میری جان — تو سب کچھ میرا ھی
تو میری اُلفت ھی اور شان — تو سب کچھ میرا ھی +
۲ تجھے تجھے پکارتا ھوں — تو سب کچھ میرا ھی
تجھ بن نہ زندہ ھو سکوں — تو سب کچھ میرا ھی +

میں دنیا میں جب تک رہوں	٣	تو سب کچھ میرا ہی
آسمان پر جب میں جا بسوں		تو سب کچھ میرا ہی +
تجھ بن نہ خوشی نہ امان	٤	تو سب کچھ میرا ہی
تجھ بن بہشت بھی ہی ویران		تو سب کچھ میرا ہی +

(١٩٣) ایکسو ترانویواں گیت (١٩٣)

یسوع تو کریم ہی	١	ہمدرد و حلیم ہی
حامی پاک لحاظ کر		عاجز کی آواز پر +
زندگی بخشندہ	٢	اور نجات دہندہ
تو مسیح مصلوب ہی		جان کا تو محبوب ہی +
تیری پاک صلیب پر	٣	نظر میں غریب کر
جھکتا ہوں ایمان سے		مانگتا دل اور جان سے +
واسطے اپنے دکھ کے	٤	مجھ بے چین کو سکھ دے
خون پاک جو کافی		سب مجھے دے معافی +
اپنے بڑے پیار سے	٥	بیکس کو قرار دے
غم اور خوف سب دور کر		مجھے پھر مسرور کر +
رہبری کر میری	٦	چاہوں قربت تیری
دیکھ غریب راہگیر کو		حافظ اور دستگیر ہو +

(١٩٤) ایکسو چورانویواں گیت (١٩٤)

ای خدا کے بیٹے	١	نرم دل اور حلیم
بندوں کی فریاد سن		ای یسوع کریم +
سب گناہ معاف کر	٢	قید سے کر آزاد
ہر ایک چھپے بت کو		دل کے کر برباد +
ہم کو دے خلاصی	٣	دل میں پیار بڑھا
ہم کو کھینچ ای یسوع		اپنے پاس چڑھا +

۴ سفر بھر دستگیر ہو
تو ہی راہ اور نور
یہاں کی ظلمات سے
اپنے پاک حضور ✣

۵ اے خدا کے بیٹے
نرم دل اور حلیم
بندوں کی فریاد سُن
اے یسوع کریم ✣

(۱۹۵) ایکسو پچانویواں گیت (195)

۱ تھوڑی دیر میں تھوڑی دیر میں
میں مسیح کو دیکھونگا
جب تک اُسکا نہ دیدار ہو
تب تک مجھے کیوں قرار ہو
وہ قرار ہی بخشیگا ✣

۲ دل کا قبلہ دل کا قبلہ
تو ہی یسوع ابن اللہ
قبلہ نما میری روح ہی
روح القدس سے جو ممسوح ہی
تجھ پر ہی ہر وقت نگاہ ✣

۳ اپنے یار کی اپنے یار کی
کرتا ہوں میں جستجو
مجھے ہوگی سب تسلی
جب ہم دونوں بر تجلی
ایک ساتھ کریں گفتگو ✣

(۱۹۶) ایکسو چھیانویواں گیت (196)

۱ خداوند یسوع مالک ہی
سلطانوں کا سلطان
سب چیزوں کا وہ خالق ہی
ذات اُسکی عالیشان ✣

۲ "عمانوئیل" ہی اُسکا نام
"خدا ہمارے ساتھ"
عجیب ہیں اُسکے سارے کام
نجات ہی اُسکے ہاتھ ✣

۳ انسانوں کے بچانے کو
انسان وہ ہوا تھا
اور دُکھ اور موت ہٹانے کو
وہ دُکھ میں مُوا تھا ✣

۴ وہ مومنوں کا جوہر ہی
اور موتی بے بہا
کلیسیا کا وہ شوہر ہی
اور منجی دنیا کا ✣

۵ باغ میرا خوش اور تازہ ہی
وہ ہی حیات کا آب
بہشت کا وہ دروازہ ہی
اور راستی کا آفتاب ✣

(۱۹۷) ایکسو ستانویواں گیت (۱۹۷)

میری جان تو کان لگا
پوچھتا وہ ای گنہگار
تھا تو قید میں ناامید
گھایل تھا گمراہ ناچار
ما بھی بھولے بچے کو
لیکن مجھے تیری یاد
میرا ہی سبے بدل پیار
وہ آسمان سے اونچا ہی
دیکھیگا تو میری شان
میرے تخت کے حصہ دار
یسوع میرا ہی اقرار
ای مسیح خداوندا

۱ سن کلام تو یسوع کا
کیا تو مجھ سے کرتا پیار +

۲ میں نے کھولی تیری قید
میں تب ہوا مددگار +

۳ اسکے دل میں پیار نہ ہو
ہوگی ابدالآباد +

۴ موت میں بھی ہی پایدار
اور پاتال سے نیچا ہی +

۵ جو عظیم ہی بے پایان
کیا تو مجھ کو کرتا پیار +

۶ اب تک کم ہی میرا پیار
میرے دل میں پیار بڑھا +

(۱۹۸) ایکسو اٹھانویواں گیت (۱۹۸)

یسوع نام کی دے دھائی
اس سے چین اور دل جمعی
کورس۔ نام عزیز کیا شیرین
یسوع نام کی دے دھائی
اس سے مجھے توانائی
کیا بیشقیمت یسوع نام ہی
اسکی حمد دلپسند کام ہی
یسوع نام عظیم الشان ہو
کل زمین اور کل آسمان ہو

۱ تو جو دکھ سے ہی رنجور
تجھے ملیگی ضرور
ای جمال العالمین +

۲ وہی ڈھال ہی اور چٹان
ہو جب پڑے امتحان +

۳ اس سے خوش ہیں دل اور جان
اسکا پیار ہی بے پایان +

۴ سلاطین کا ہی سلطان
اسکے نام کا ثناخوان +

(۱۹۹) ایکسو ننانویواں گیت (۱۹۹)

۱
مُنجی پیارے مُنجی سُن جب گائیں ہم
تیرے پاس ہم لاتے سب کچھ تیرا ہی
دل اور راگ اُٹھا کے شاہ کی حمد ہر دم
تیری طرف پاتے برکت خاص جو ہی +

۲
پیشتر کیسے دور تھے زخمی پہلو سے
آیا تو مسیحا ڈھونڈھنے کو ہمیں
لاپروا آوارہ پاس نہ آتے تھے
اپنے پیار سے لایا ہم کو گلہ میں +

۳
تیری قُربت پاتے روز بروز زیاد
تو کفارہ ہوا واسطے سب اِنسان
تیرے سامنے جھکتے تجھ سے دِل ہی شاد
اب جلال میں بیٹھا بیچ فرِشتگان +

۴
رحمت تیری وافر ہر جا دنیا میں
واں نہ دُکھ اور رنج ہی مٹے سب گناہ
قائم دائم رہتیں تیری نعمتیں
پاک فرشتے گاتے تخت کے گرد لولاح +

۵
آگے بڑھتے جائیں راہ خدا پر ہم
سب کو پیچھے چھوڑیں رحمت دِل میں ہو
جس پر سب مُقدّس چلتے تھے ہر دم
اپنے آگے دیکھیں تاج آسمانی کو +

۶
اپنی طرف کھینچ لے مُنجی مہربان
تا مُقدّسین ساتھ اور فرِشتگان
دِل کو مائل کر کے اندر لا آسمان
رب کی حمد میں گائیں خوشی کے اِلحان +

(۲۰۰) دو سوواں گیت (۲۰۰)

۱
جتنے ہو دیں جگ کے بیچ
آؤ سب اور کرو گان
چھوٹے بڑے اُونچ اور نیچ
ہوتا ہی یشو سے تران +

۲
پاپ کا راج مٹانے کو
پاپیوں کو دینے سُکھ
سورگ کا پھاٹک کھولنے کو
آیا وہ اور سہا دُکھ +

۳
اپنا رُدھر دیا ہی
یشو ہی سب گرھنیوگ
اپنا پران بَل کیا ہی
بھجن کرو سارے لوگ +

۴
بھائی بولو یشو نام
بولو سارے جھوٹھ کی چھی
دیکھو سدّھ ہی مُکت کا کام
بولو سب یشو کی جی +

دو سو پہلا گیت (201) (۲۰۱)

آنندتا سے ہے میرے پران
کیول ایک نام کو آتم جان
یہہ نام ہی یشو تیرا نام
ستیاتن یوں ہو میرا کام
تو مجھ سے دور ہوئے سنسار
یشو جو میرا تارنہار
اندھکار میں میرا دیا ہی
ہر سمے اتی پریا ہی
ہے میرے پران آنند ہو جا
یشو کے نام کی ستتی گا

۱ ایک نام کو نت اُچارہ
وہ سریشٹھ ہی پریت اور سارہ +

۲ سو اُسکا دھنیہ باد
اور میرا پورن اہلاد +

۳ سب تیرا دھن ہی دھول
ہی میرے ہرش کا مول +

۴ مرت کال میں میری ڈھال
اور سب کچھ سدا کال +

۵ اور بڑہی بانی سے
اور جی جی کار شبد وے +

دو سو دوسرا گیت (202) (۲۰۲)

کس پاس جاوے پاپی جن
کس سے سٹے من کا دکھ
نہ نشچنت تو کہیں ہی
پاپی کو جو آسرا دے
مورت مندر دیوتا ستھان
ان سے پراپت نہیں کچھ
پربھو یشو دیاونت
اُس پر کرے جو بسواس
پربھو یشو جیون بھر
ستتی تیری گاؤنگا

۱ کس سے پاوے مکت کا دھن
کس سے ملے پران کا سکھ +

۲ سو رگی دوت بھی نہیں ہی
اُسکو پاویں کہاں سے +

۳ تیرتھ درشن پن اور دان
ٹھہرے سب بے ارتھ اور تچھ +

۴ اُس سے جیون ہی اننت
سو ہی رکھے مکت کی آس +

۵ آس میں رکھوں تجھی پر
تجھ سے شانتی پاؤنگا +

(203) دوسو تیسرا گیت (٢٠٣)

١
یشو کرُنا ندھان
گڑگڑاتا ھی سدا
تیرے لیئے میرا پران
میرے من میں اُتر آ +

٢
بیر بیر میں پکارتا ھوں
ای پیارے اُتر آ
دِن اور رات کراھتا ھوں
کب آہ کب تو آویگا +

٣
جیسا گرشم کے سمی
پربھو تیرے لیئے یوں
دھرتی پیاسی ھی
میں بھی ڈھیر ترستا ھوں +

٤
جیون تیرے بنا کیا
میرا سُکھ ھی ھر سمی
تیرے بنا سُکھ کہاں
تو جو میرا جیون ھی +

٥
پربھو میرے ھاتھوں سے
تجھے قبول میں سدا
جو کچھ میرا ھی سولے
اپنا سب کچھ کھوؤنگا +

٦
اپنا کان مُتبندہ دھر
تب تو تیرے سنگ سدا
میرے من میں ڈیرہ کر
میں سورگ دھام میں رھونگا +

مسیح کی محبت

(204) دوسو چوتھا گیت (٢٠٤)

١
یسوع تو ھی میری آس
آب اور خون جو بہے تھے
وہ گناہ کی دوا ھو
آتا ھوں میں تیرے پاس
تیرے چھدے پہلو سے
دوزخ سے بچانے کو +

٢
میری محنت ھی سب بے کام
ملتی ھیں صرف تکلیفات
محنت میری ھی بے کار
رونے سے دِل بے آرام
اِن سے نہیں ھی نجات
جو نہ ھو تو مددگار +

٣
خالی ھاتھ میں آتا ھوں
ننگا ھوں فقیر بدحال
دے تو مجھے صاف پوشاک
کچھ بھی نہیں لاتا ھوں
مجھ ناچار کو کر نہال
کر تو میرے دِل کو پاک +

۴
اندھا ہوں تُو فضل سے
نجس ہوں نجاست کو
ناتوان کو رحم سے
بندے کو بینائی دے
دھو ای یسوع اُسے دھو
توانائی بخش تُو دے +

۵
جب تک رہے مجھ میں دم
جب قیامت برپا ہو
یسوع مجھے تب بچا
جسوقت آوے موت کا غم
اور تُو آوے حشر کو
اپنی آڑ میں تب چھپا +

(205) دوسو پانچواں گیت (۲۰۵)

۱
مسیح مصلوب تُو میرا جان عزیز
اِس بات پر قائم ہوں اور برقرار
سب تیری نسبت جانتا ہوں ناچیز
مسیح مصلوب ہی میرا جانی یار +

۲
ہر چند ضرور کہ یسوع کے حبیب
ہاں جان کو بھی ہوں دینے کو تیار
ساتھ اُسکے دُکھ اُٹھاویں اور صلیب
مسیح مصلوب ہی میرا جانی یار +

۳
مسیح کی بہتر ہی لعن طعن اور دُکھ
رب کو ناپسند جو سو ناگوار
کہ پاؤں دنیا کا چندروزہ سُکھ
مسیح مصلوب ہی میرا جانی یار +

۴
میں کیونکر ہوؤں قوی اور دلیر
تقویت بخشتا ہی مسیح کا پیار
تا جسم اور شیطان کو کروں زیر
مسیح مصلوب ہی میرا جانی یار +

۵
وہ پیار پہنچاتا آخر تا آسمان
کاش ہر انسان یہہ کہتا برقرار
غیر فانی تاج تب پاتے بندگان
"مسیح مصلوب ہی میرا جانی یار" +

(206) دوسو چھٹواں گیت (۲۰۶)

۱
یسوع مسیحا اگر تُو نہ آتا
اِس خوار ناچار پر کِس کو رحم آتا
اور تیرا لہو مجھے نہ بچاتا
کِس پاس میں جاتا +

۲
تیرے بغیر غم میرا بے نہایت
تجھ پر مسیحا میری نت نگاہ ہی
پر تیرے پیار سے میری ہی کفایت
صرف تُو پناہ ہی +

۳
تیرا میں رہوں عمر بھر مسیحا
تُو میرے ساتھ ہو آخر تک مسیحا
تجھ پر میں دھروں اپنی آس مسیحا
آمین مسیحا +

دوسوساتواں گیت (207) (٢٠٧)

	نمبر	
مسیح کو یاد کر میری جان	١	اور اُس پر سوچتی رہ ھر آن
وہ تیرا ھی گناہ بردار		اُٹھا لیے گیا تیرا بار ✣
پیار سے اُس نے جسم لے	٢	بچایا تجھے گناہ سے
قرض تیرا ادا کیا ھی		چھٹکارا تجھے دیا ھی ✣
بیحد سچائی رحمت پیار	٣	ھی اُس میں جو ھی تیرا یار
اُس کو نہ بھولنا میری جان		یاد تیری کرتا وہ ھر آن ✣
مسیحا تیرا نام شریف	٤	دلکش شیرین ھی اور لطیف
نام تیرا میری ھی پناہ		حمد تیری ھو اے ابن اللہ ✣

دوسوآٹھواں گیت (208) (٢٠٨)

	نمبر	
مسیح میرے اُوپر رحم ھوا	١	جس کے میں لائق نہیں ھوں
مسیح انسان کی خاطر مُوا		اِس بات کو دِل میں جگہہ دوں
ھاں اُس کا رحم ھی لطیف		میں اُس کی کرتا ھوں تعریف ✣
کہاں سے سب کچھ تُو نے پایا	٢	جب کوئی کرے یہہ سوال
جواب یہہ ھی خدا سے آیا		صِرف رحم رحم ھی کمال
میں کہتا ھوں جُھکا کے سر		ھی رحم سے یہہ سراسر ✣
خداوندا یہہ رحم تیرا	٣	اِنسان نہ چھینے نہ شیطان
ھی رحم پر بھروسا میرا		نت اُس پر میرا ھی ایمان
اُسکی تعریف میں کرتا ھوں		خواہ جیتا ھوں خواہ مرتا ھوں ✣
خداوند میری آنکھ ھی تجھ پر	٤	نہ اپنا رحم مجھ سے لے
جب مروں مجھے تُو قبول کر		مسیح کی موت کی خاطر سے
آسمان پر تیرے رحم کا		جی جان سے گیت میں گاؤنگا ✣

✣

(۲۰۹) دوسونواں گیت (209)

۱
ای مسیح خدایا میرے
مانونگا میں حکم تیرے
تو ہی میرا مددگار
ہونگا تیرا تابعدار +

۲
تو مسیحا عالم بالا
تو نجات کا دینیوالا
چھوڑ کے اُترا اُلفت سے
مجھے بھی نجات تو دے +

۳
تو گناہ کا ہی بخشندہ
میرا تو نجات دہندہ
میں ہوں تیرا تابعدار
میں نجات کا طلبگار +

(۲۱۰) دوسودسواں گیت (210)

۱
میرے دِل کون تیرا یار
کہا کِس کا مانتا ہی
میرے دِل کون تیرا یار
کِس پر ٹھہرا تیرا پیار
مالک کِس کو جانتا ہی
کِس پر ٹھہرا تیرا پیار +

۲
دنیا دیکھ ہی بےقرار
مت لگا آس ایسوں پر
میرے دِل کون تیرا یار
دوست اور دولت ناپائیدار
اِن پر تو نہ تکیہ کر
کِس پر ٹھہرا تیرا پیار +

۳
جو کچھ دنیا میں موجود
اُن پر دِل تو مت لگا
میرے دِل کون تیرا یار
سب کچھ ہی گناہ آلود
اُن سے اپنا ہاتھ اُٹھا
کِس پر ٹھہرا تیرا پیار +

۴
صرف خدا ہی باقیام
صرف مسیح ہی سچا یار
میرے دِل کون تیرا یار
صرف آسمان ہی جائے آرام
اَور سب کچھ ہی خوار ہی خوار
یسوع سے ہو تیرا پیار +

(۲۱۱) دوسوگیارھواں گیت (211)

۱
یسوع میرے جانی دوست
تیرے پاس میں بھاگتا ہوں
آندھی چلتی ہی سرسر
موجیں اُٹھتی ہیں پرشور

جب تک چلے یہ طوفان میری آڑ ہو خداوندا
آخر تو سلامتی سے میرا بیڑا پار لگا +

(۲) میری ہے تو جا پناہ میری جان کو رکھ بےڈر
تو نہ تنہا مجھے چھوڑ میری خاطر جمع کر
میرا تو بھروسا ہے میرا حامی اے خدا
تکیے اپنے پروں کے اپنے بندے کو بچا +

(۳) جو کچھ مجھے ہو درکار تجھ میں ہے موجود تمام
تو مجھ تھکے ماندے کو باربردار کو دے آرام
تیرا نام ہے راست اور پاک میں ناپاک ہوں اور مجبور
میں گناہ سے لدا ہوں پر تو فضل سے معمور +

(۴) اپنے بیحد رحم سے میرے سب گناہ کر معاف
روح القدس کے اثر سے کر تو میرے دل کو صاف
تو حیات کا چشمہ ہے زندگی کا ہے دریا
میرے اندر جاری ہو بہتا رہ لاانتہا +

(212) دوسو بارھواں گیت (۲۱۲)

(۱) مسیح کا نام ہے کیا شیریں سب مومنوں کے کان
دلگیر کو بخشتا ہے تسکین غمناک کو اطمینان +

(۲) دلاسا پاتے اور آرام جو تھکے اور زیربار
دور کرتا ڈر اور خوف تمام مسیح کا نام ہر بار +

(۳) وہ باندھتا دل کے زخموں کو بجھاتا دل کی پیاس
آسودگی بخشتا بھوکوں کو اور ننگوں کو لباس +

(۴) اے نام عزیز تو میری ڈھال پناہ ہے اور چٹان
تو فضل سے ہے مالامال خزانہ بےپایان +

(۵) یسوع تو میرا ہے بادشاہ نبی اور کاہن ہاں
تو ہے حیات اور حق اور راہ یار حامی اور چوپان +

اب دِل کی کوشش ہیں بے کار	۶	اور ناقص میرے غور
جب تیرا پاؤنگا دیدار		حمد ہوگی لائق طور +
اُس وقت تک تیرا پیار بیان	۷	میں کرونگا ہر دم
اور تیرے نام سے میری جان		سیراب ہو مرتے دم +

(213) دوسوتیرھواں گیت (۲۱۳)

ایک ہی صاحب کمال ہی	۱	دیکھ اُسکا پیار
اُسکی اُلفت بیمثال ہی		دیکھ اُسکا پیار
بے قیام ہیں دوست اِنسانی		پر مسیح کی مہربانی
اور محبت ہی لاثانی		دیکھ اُسکا پیار +
اُسکا گیان ابدی حیات ہی	۲	دیکھ اُسکا پیار
نعمتوں کی بہتات ہی		دیکھ اُسکا پیار
ہمکو ڈھونڈھنے کو وہ آیا		اپنے لہو کو بہایا
اپنے گلہ میں بھی لایا		دیکھ اُسکا پیار +
یسوع میرے دِل کی آس ہی	۳	دیکھ اُسکا پیار
رحمت اُسکی بیقیاس ہی		دیکھ اُسکا پیار
پاک کلام دِل خوش کراتا		وہ ہدایت نت فرماتا
میرے دِل تو کیوں گھبراتا		دیکھ اُسکا پیار +
اُسکے نام سے معافی پاتے	۴	دیکھ اُسکا پیار
دشمن سب ہٹائے جاتے		دیکھ اُسکا پیار
برکت بخشتا ہی روحانی		سفر بھر خوراک خیرفشانی
آخر کو میراث آسمانی		دیکھ اُسکا پیار +

(214) دوسوچودھواں گیت (۲۱۴)

مسیحا تو میرا پیارا	۱	تو میرے دِل کا ہی عزیز
ساتھ تیرے ہی سب کچھ گوارا		بن تیرے ہی سب کچھ ناچیز +

۲
خوبصورت تو ھی اور پاکیزہ
کلیسیا ھی تیری عزیزہ
میں تیرے ھی پیار سے مغلوب
کلیسیا کا تو ھی محبوب +

۳
سب دنیا بن تیرے ھی خالی
ساتھ تیرے ھی ہر کہیں خوشحالی
جہان ھی بن تیرے تاریک
دل خوش ھی جب تو ھی نزدیک +

۴
تو میرا آفتاب صداقت
حقانی ھی تیری رفاقت
دل میرے کو بخشتا ھی نور
میں اس میں نت رہتا مسرور +

۵
اے یسوع میں پیرو ھوں تیرا
جب دنیا سے کوچ ھووے میرا
پاس تیرے ھی میری نجات
بخش مجھے تب ابدی حیات +

(215) دو سو پندرھواں گیت (۲۱۵)

۱
ایک ھی پیارا ھی ہمارا
اس کی نسبت ساری الفت
دوست حقیقی یار عزیز
اس جہان کی ھی ناچیز +

۲
سچی عزت لائق حرمت
علم اور فہم حلم اور رحم
اس کی ذات میں شامل ھی
میرے یار کا کامل ھی +

۳
میرا آسرا اور بھروسا
دوسرا چارہ ھی ناکارہ
یسوع کی قربانی ھی
صرف مسیح حقانی ھی +

۴
جو لیاقت اور صداقت
سو لاثانی اور ربانی
اس کی موت سے صادر ھی
وہ نجات پر قادر ھی +

۵
اس کی الفت اور محبت
اپنے یار کی صبر اور پیار کی
میرے دل پر غالب ھی
میری جان نت طالب ھی +

(216) دو سو سولھواں گیت (۲۱۶)

۱
کیوں چھوڑوں میں اس یار کو
کب سمجھوں میں اس پیار کو
جو حافظ میرا ھی
جو یسوع تیرا ھی
میں دکھ میں گرفتار تھا
چشمہ حیات اور پیار کا
آرام وہ لایا ھی
یسوع میں پایا ھی +

میں کیوں نہ چاہوں اُسے	٢	بیحد ہی جسکا پیار
اور کیوں میں دُکھ دوں اُسے		جو میرا قادر یار
صلیب پر دُکھ اُٹھایا		اور سخت بے حرمتی
سہہ کہہ سب مجھے بُلایا		"کر میری پیروی" +
میں پیار کروں اُس یار کو	٣	جو دیتا ہی نجات
اور موت کے اختیار کو		توڑ بخشتا ہی حیات
وہ مرتے دم سب خوف سے		مجھے بچاویگا
آسمان کو اپنے ہاتھ سے		مجھے لیجاویگا +

(217) دوسو سترھواں گیت (٢١٧)

مسیحا گر تو میرا ہو	١	تو دین اور دنیا کی
ہر اچھی نعمت بندے کو		سب بے شبہہ ملیگی +
مسیحا گر تو میرا ہو	٢	جو مجھے ہی ضرور
یا دُکھ یا سُکھ یا جو کچھ ہو		سب مجھے ہی منظور +
مسیحا گر تو میرا ہو	٣	ستاوے بھی شیطان
تو اُس سے ڈروں کاہیکو		میں رہتا باامان +
مسیحا گر تو میرا ہو	٤	خوشدل میں رہونگا
عزیز بھی مجھے چھوڑیں تو		میں چُپکا سہونگا +
مسیحا گر تو میرا ہو	٥	کیوں ڈروں موت سے بھی
تب خوف نہ ہوگا بندے کو		کہ موت ہی زندگی +

(218) دوسو اٹھارھواں گیت (٢١٨)

کون آسمان پر میرا	١	یسوع مگر تو
نہ زمین پر کوئی میرا		دل بہاو ہی مگر تو
تیرے پاس بھرپوری		خوشی برکت اُلفت کی معموری +

اگر تو ہو میرا
رہونگا میں بندہ تیرا
تیرے پیچھے ہو لوں
جہاں تو ہی ہوتا
سب نعمتوں کا سوتا
بھائیوں سے مل جا کے

۲ چھوڑونگا سب کچھ
تجھے چھوڑ سب جانوں تچھ
چوڑی راہ پر بھیڑ کو جانے دیؤں +
۳ جہاں میرا گھر
تجھ میں پاتا سراسر
حمد کرونگا تیرے تخت کے آگے +

(219) دوسو انیسواں گیت (۲۱۹)

ایک سچا یار ہی یار آسمانی
اس دنیا میں تو سب بے ایمانی
سو میں یہہ جانتا برقرار
مصلوب وہ ہوا میرے لیئے
گناہ بھی میرے سب بخش دیئے
ہر حال میں وہ ہی مددگار
اُس یار نے میرے دل کو لیا
اُس یار نے آپ کو سب مجھے دیا
یہہ بات اب ہوئی برقرار

۱ زمین پر ہی سچائی کم
کثیر ہی پر وفائی کم
مسیح ہی سب سے اچھا یار +
۲ اور اپنا خون بہایا ہی
سب خطروں میں سہایا ہی
مسیح ہی سب سے اچھا یار +
۳ اُس یار سے ہوا میں وابست
وہ یار ہی موت پر زبردست
مسیح ہی سب سے اچھا یار +

(220) دوسو بیسواں گیت (۲۲۰)

الٰہی یہ پیار ہی کیا شیریں
کہ تجھ سے ہو بھرپور
کہ سمجھوں تیرا بڑا پیار
نجات اس پیار سے صادر ہی
اس پیار کی ہو سپاس
اُس کی لمبائی اور چوڑان

۱ دل میرا اس کا ہی شوقین
تو مجھے کر آزمودہ کار
ای یسوع فیض معمور +
۲ پاتال اور موت پر قادر ہی
اُس کی گہرائی اور اونچان
بالکل ہی بے قیاس +

۳
خدا خوب جانتا اپنا پیار
اور دِل میں جاری ہو
محبت پر میں راغب ہوں
کاش کہ وہ مجھ پر بھی آشکار
محبت کا میں طالب ہوں
کہ دِل میں جاری ہو ✠

۴
مسیح اُستاد کے پاؤں پاس
میں سدا ہوں خوشحال
پھر میری خوب آسودگی
مریم کی مانند لگا آس
آواز جب سنوں دولھے کی
اور خوشی ہے کمال ✠

(۲۲۱) دوسو اکیسواں گیت (221)

۱
شاہ پیار کا میرا ہے چوپان
پاس اُس کے پاتی میری جان
کیا کمی ہووے میری
تسلی خوشی سیری ✠

۲
وہ مجھے اپنے چشموں سے
میری ستھری چراگاہوں سے
آبِ حیات پلاتا
خوراک غیر فانی پاتا ✠

۳
بھٹکتا تھا نادانی سے
اور کاندھے پر محبت سے
وہ سب مجھے ڈھونڈنے آیا
اُٹھا کے گھر کو لایا ✠

۴
تو راہِ راست پر ہادی ہو
جب پہنچوں موت کی وادی کو
پکڑتا ہوں ہاتھ تیرے
خوف دور کر ہو ساتھ میرے ✠

۵
غنیموں سے خلاصی دے
اور برکت کے پیالے سے
تو دسترخوان بچھاتا
تو مجھے خوش کراتا ✠

۶
کرم تیرا دائم اور لطیف
عزیز چوپان تیری تعریف
زیست ساری ہو ساتھ میرے
نِت گاؤں گھر میں تیرے ✠

(۲۲۲) دوسو بائیسواں گیت (222)

۱
نجات دہندہ قادر یار
اُس کی اونچان چوڑان لمبان
محبت تیری ہے اپار
کون آدمی کریگا بیان ✠

۲
گناہ سے ہوا میں تباہ
ہاں تو نے میری خبر لی
تب تو نے مجھ پر کی نگاہ
اور مجھے نو پیدائش دی ✠

ای باپ تُو اپنے رحم سے کہ راستی پر چلانے کو	۳	روح کی ہدایت مجھے دے ہر وقت وہ میرا ہادی ہو +
جب میری منزل ہو آسمان نجات دہندہ قادر یار	۴	خوب گاونگی تب یہہ زبان محبت تیری ہی اپار +

(223) دوسو تئیسواں گیت (۲۲۳)

میں بھیڑی تھا گمراہ چوپان کی بات نہ مانتا تھا میں بگڑا فرزند تھا پر باپ کے گھر کو چھوڑ کر کے	۱	اور جھنڈ سے رہا دور سرکش تھا اور مغرور نہ رہا تابعدار تھا بڑا خطاکار +
اِس بھیڑ کے ڈھونڈھنے کو اور پیچھا کر کے پایا ہی ناچار میں اور کمزور پر کاندھوں پر مجھے اٹھا	۲	اب آیا ہی چوپان مجھہ کو در بیابان اور موت تک تھا اُداس وہ لایا جھنڈ کے پاس +
یسوع ہی وہ چوپان پاک خون سے دھو کے صحت دی اُس پاس آسودگی میں پاتا ہوں ہی ابد تک	۳	جان میری تھی بیمار دیکھہ اُس کا بڑا پیار اور ستھری چراگاہ وہ میری آرامگاہ +

(224) دوسو چوبیسواں گیت (۲۲۴)

چین و امان ہی تجھہ پاس تیرے پیار سے مجھے سُنو فرشتے گاتے اُن کی شیرین آواز سے	۱	یسوع عزیز چوپان ہی خوشی بے پایان آسمان سے خوش اِلحان دل میرا ہی شادمان +
گل دِل کی پریشانی دنیا کے اِمتحان سے	۲	خطرے اور سب گناہ تُو میری ہی پناہ +

ساری تکلیف اور دکھ کو		تو ہم سے کرتا دور
اور تھوڑی دیر تک رونا		ہم کو سہنا ضرور +
یسوع صلیب پر ہوا	۳	وہ میری ہے پناہ
وہی چٹان ہے میری		آسرا اور امیدگاہ
یہاں ایمان سے اس کا		کرتا ہوں انتظار
جب تک نہ دن کی روشنی		اوپر سے ہو آشکار +

(225) دوسو پچیسواں گیت (۲۲۵)

لاکھوں میں ایک میرا پریا	۱	ایک ہی میرا پریتا ہی
اس نے میرے من کو لیا		پریم کے بل سے لیا ہی +
پاپ کے بن میں تھا میں دھنسا	۲	دھرم ہین اور من ملین
دُشٹ کے جال میں تھا میں پھنسا		آسرا ہین اور دُشٹ آدھین +
میرا پریتم یسو آیا	۳	کھوجنے اور بچانے کو
مجھے پایا اور بچایا		اس کی ستتی سدا ہو +
پریئے پربھو من جو لیا	۴	بس تو سب کچھ تیرا ہی
تن اور دھن بھی سب تجھے دیا		پھر تو ہی پریتم میرا ہی +

(226) دوسو چھبیسواں گیت (۲۲۶)

یسوع ہی بنیاد حقیقی	۱	سنگ اور سرا کونے کا
رب کا چنا ہی اور قیمتی		جوڑ اور بند کلیسیا کا
پاک صیحون کا وہ ہی حافظ		جا پناہ اس کی سدا +
شہر پاک کے سب باشندے	۲	جو عزیز خدا کے ہیں
بلاناغہ حمد بزرگی		برہ کی سناتے ہیں
واحد میں ثالوث کو مانتے		خوشی خوشی گاتے ہیں +

اے آسمان زمین کے مالک	۳	اِس مکان میں آپ ہی آ
بندے کریں عبادت		اُن کی سُن اور کرم فرما
کامل برکت کُل نعمت		اِس کے اندر تُو برسا +
اِس ہی گھر میں جو کچھ مانگیں	۴	تیرے نام سے دے مُراد
جو عنایت اُنہیں ہوئیں		سو نہ کبھی ہوں برباد
آخر کو جلال میں رہیں		تیرے سب مُحِب آباد +
حمد بزرگی ہووے باپ کی	۵	حمد بزرگی بیٹے کی
حمد بزرگی روح پاک کی		ایک میں تین تین میں ایک ہی
ایکساں قدرت ایکساں عظمت		ہو ثالوث کی ابدی +

(227) دوسو ستائیسواں گیت (۲۲۷)

کلیسیا کی غیر فانی	۱	بنیاد مسیح مصلوب
آب اور کلام سے بنی		وہ نئی خلقت خوب
آسمان سے اُس نے آ کے		چُن لیا دولہن کو
اور اپنا خون بہا کے		خریدا ہی اُسکو +
ہر قوم کے بیچ ہی شاہد	۲	وہ برگزیدہ ذات
وِلادت ایک رب واحد		ایمان ایک ایک نجات
خوراک ایک ایک مبارک		نام اُس میں ہی معروف
اُمید میں بھی مُشارک		ہر فضل سے موصوف +
اب دِقت اور مشقت	۳	اور جنگ میں جو دشوار
وہ کرتی کامل راحت		اور چین کا اِنتظار
تب کامل ہی خوشحالی		کہ جنگ تب ہی تمام
کلیسیا جلالی		تب ہوتی پُر آرام +
پر یہاں بھی خدا سے	۴	رفاقت ہی اُسکی
صحبت شیرین آسمان کے		مقدسوں سے بھی

ھمیں توفیق اور طاقت
ھوں ھم اِس خوش رفاقت
بخش دے یا ربّ رحیم
اور میل میں مستقیم +

(228) دوسو اٹھائیسواں گیت (۲۲۸)

۱
اپنا پاک روح خداوندا
اور نعمت سے تُو اُنھیں بھر
اپنے چوپانوں پر بہا
صداقت سے ملبس کر +

۲
جب تیرے گھر میں ربّ رحیم
تُو ای کلیسیا کے سر
سُنائیں حق کی پاک تعلیم
آسمان سے اُنھیں روشن کر +

۳
بیار علم اور حکمت اوپر سے
تا تیرے جھنڈ کے نگہبان
زور اور سرگرمی اُنکو دے
چرا دیں بھیڑوں کو ھر آن +

۴
کہ ڈھونڈھیں کھوئے ھوؤں کو
ای بھیڑوں کے بزرگ چوپان
اور گلہ کی ترقی ھو
ساتھ اُنکے حاضر رہ ھر آن +

۵
یہاں جب اُنکا کام تمام
جب شان سے آویگا سردار
تب پاویں محنت سے آرام
جلال میں وے بھی ھوں تاجدار +

(229) دوسو اُنتیسواں گیت (۲۲۹)

۱
مبارک ھیں وہ لوگ
انجیل کی خوش آوازی کو
ای ربّ جو جانتے ھیں
اور دل سے مانتے ھیں +

۲
جمال کیونکہ جلوے میں
وہ خداترسی ھو چلینگے
تیرے پاک چہرے کے
کمال خوشنوقتی سے +

۳
تیری صداقت سے
وہ تیرے نام کے لینے سے
وہ ھوویںگے بلند
نت رھینگے خرسند +

۴
اور اُنکی قوت کی
وہ تیری مہربانی سے
شوکت ھی مرحبا
خوش رھینگے سدا +

۵
ای ربّ ھماری تُو
جو اسرائیل کا ھی قدوس
ھی سپر اور پناہ
ھمارا ھی بادشاہ +

مقدّسوں کی شراکت

(230) دوسو تیسواں گیت (۲۳۰)

کون وہ ھیں جو تخت کے سامنے
مثل تاروں کے چمکتے
ھلیلویاہ گاتے ھیں

۱

کھڑے ھیں جلیل تاجدار
ایک جماعت بے شمار
شاہ کی حمد سناتے ھیں +

اُن کے لباس ھیں جلالی
یہہ مسیح نے دیا ھے راستبازی
وہ پاک نذریں لائے ھیں

۲

اور لباس حسین اور پاک
جو غیرفانی ھے پوشاک
کہاں سے وہ آئے ھیں +

یہہ وہ ھیں جو ربّ کی خاطر
اور جو اُس کے نام کی خاطر
جنگ میں وہ دلاور تھے

۳

سب کچھ جانتے تھے نقصان
آخر تک تھے جان فشان
اب ھیں ساتھی برّہ کے +

سخت مصیبت سے وہ آئے
دُعا کرکے غالب آئے
اُن کی آنکھوں سے خدا

۴

سخت تھا اُنکا امتحان
ربّ میں ھوئے وہ توان
سارے آنسو پونچھیگا +

خدمت کرکے اُس کے آگے
اُس کے روبرو اب پاتے
اُس کے چہرہ کا پاک نور

۵

وہ مستعد تھے ھر آن
ابدی خوشی بے بیان
دیکھتے ھوتے ھیں مسرور +

(231) دوسو اکتیسواں گیت (۲۳۱)

مبارک ھیں پاک دل
اور جانتے ھیں خدا کا راز
زیست اور سلامتی

۱

وہ دیکھینگے اللہ
دل اُسکی جائے گاہ +

غریبی میں وہ ھوا ھی
فروتن دل میں ربّ
پاک دل میں اُسکا خاص مکان

۲

ربّ لایا از آسمان
نمونہ اور چوپان +

۳

آپ کو کرتا آشکارہ
اور تخت بھی ھی تیار +

رب تیرے پاک حضور
دے مجھے دل غریب اور پاک
۴ یہہ آرزو میری ھی
جو ھیکل تیری ھی +

تعریف میں شامل ھووں
باپ بیٹے اور روح پاک کی حمد
۵ زمین اور کل آسمان
کرو ابد الزمان +

(232) دوسو بتیسواں گیت (۲۳۲)

سن میری جان فرشتے پر سوز گاتے
کیسی شیرین بشارت دے سناتے
۱ پھیلتی آواز زمین کی ھر جاے گاہ
اس زیست آسمانی کی جو بے گناہ

نور کے فرشتے گاتے ھر بار
رات کے مسافر کا کرتے انتظار +

سفر کے وقت ھم سنتے انکی باتیں
رات میں سن پڑتیں کیسے شیرین آوازیں
۲ "ای تھکی جان یسوع بلاتا ھی"
انجیل کا نغمہ گھر بلاتا ھی

نور کے فرشتے وغیرہ +

یسوع بلاتا اپنی نرم آواز سے
اسکے کلام کو سن ھزاروں آتے
۳ سب لوگوں کو جو رھتے بیچ جہان
تو انکا حامی ھی عزیز چوپان

نور کے فرشتے وغیرہ +

راہ دور دراز ھو چین تو ھوگا آخر
منزل مقصود پر پاتا ھی مسافر
۴ پو پھٹتے وقت تاریکی ھوگی دور
اپنے آسمانی گھر کو پر سرور

نور کے فرشتے وغیرہ +

سناتے رھو ای عزیز فرشتو
جب تک نہ رونے کی یہہ رات تمام ھو
۵ ھمکو آسمانی خوش سرودیاں
جب تک نہ آویں دن کی خوشیاں

نور کے فرشتے وغیرہ +

(233) دوسو تینتیسواں گیت (۲۳۳)

سن آواز مقدسوں کی
ھلیلویاہ
۱ حق کے تخت کے روبرو
حمد کے لائق ھی صرف تو

قوم و فرشتے بیشمار ہیں
جامہ بھی سفید پہنکے
ذوالجلال کی راہ درست کر
شاہ رسول اور بزرگان بھی
پھر منّاد اور کُل مقدّس
بیکس بیوہ اور یتیم بھی
سخت مصیبت سے نکلکے
دھوکر برہ ہی کے خون سے
ٹھٹھا سہکے کوڑے کھاکر
اور اُنھوں نے موت شیطان پر
تجھ مصلوب پر نظر کرکے
تیرے پیرو تھے مسیحا
تیرے ساتھہ وے دُکھ اُٹھاکر
تجھ سے زندگی بھی پائی
اب جلال سے رونق پاتے
آبِ حیات کو مفت میں لیتے
تخت کے آگے وہ خدا کا
ہوئے دور سب دُکھ مصیبت
شاہِ جلال تو ہی مسیحا
تیرے نور میں ایماندار لوگ
کر عطا اپنی بھرپوری
باپ اور بیٹے اور روح پاک کی

رونق ہی ستاروں کی
ڈالی ہاتھ میں خرما کی +

۲ آبا نبی اور شہید
رب کی کرتے ہیں تحمید
نیک کنواری مستورات
سب ہیں دولہا کی برات +

۳ جامہ اپنا کیا صاف
ہوئے پاک حسین شفاف
بارے کوسنے گئے تھے
فتح پائی یسوع سے +

۴ بندے ہوئے ظفرمند
ای محبوب اور دلپسند
موت میں خوشی سے شریک
ای منجی اور رفیق +

۵ چلتے ہیں تجلّی سے
نور کے زندے چشموں سے
پاتے ہیں دیدار جلیل
حاصل ہوا تاج شکیل +

۶ اور سے نور عمانوئیل
چلتے پھرتے رکھتے میل
تاکہ عمر بھر ای رب
حمد ہم گائیں روز و شب +

مقدس پولس کا رجوع آنا

دو سو چونتیسواں گیت

(۲۳۴) (234)

۱
یسوع تو دمشق کی راہ پر
ظاہر ہوا اور چن لیا
اُسے تھا مخالف جو
کہ انجیل کا خادم ہو +

۲
ہر چند پیشتر تھا تاریکی
بلکہ تجھے تھا ستاتا
اور فریب میں گرفتار
تو نے اُسے کیا پیار +

۳
کھول آسمان اور اُتر آکے
اپنی روشنی اپنی خوبی
مُلکِ ہند کے لوگوں پر
اور محبّت ظاہر کر +

۴
جیسے تیرگی کے چھلکے
یوں اِس قوم پر رحم کر کے
ساؤل کی آنکھ سے گر پڑے
اُنکی آنکھیں بھی کھول دے +

۵
بخش کہ اب صلیب پاس آکے
تیز تلوار سا اُنکے دِل کو
وہ پُکاریں تیرا نام
چھیدے تیرا پاک کلام +

۶
ای خداوند اپنا بازو
اور اِس آخری زمان میں
قدرت سے اب جلد دِکھلا
جلدی سے ای یسوع آ +

مقدس اندریاس

دو سو پینتیسواں گیت

(۲۳۵) (235)

۱
اِس جہان کے رنج اور فکر
یسوع کہتا ای مسیحی
دُکھ تکلیف کے درمیان
میرا پیرو ہو ہر آن +

۲ سابق میں رسول یہہ سُنکے — گھوڑے هو دریا کنار
گھر اور مال خاندان عزیز چھوڑ کے — هوئے اُس کے تابعدار +

۳ دنیا دولت اور شیطان سے — رهیں هم سب خبردار
یسوع کہتا ای مسیحی — مجھ کو کرو زیادہ پیار +

۴ هو خوشحالی یا تنگحالی — محنت هو یا هو آرام
یسوع کہتا ای مسیحی — ایماندار رہ تا دوام +

۵ یسوع پیارے تو جو بُلاتا — دعوت تیری مانتا هوں
تیری خدمت میں بخوشی — اپنے تئیں گذرانتا هوں - آمین +

آسمان

(236) دو سو چھتیسواں گیت (۲۳۶).

۱ ای ملک عزیز دل میرا — هی شوق سے بے قرار
جب تیری یاد میں کرتا — تو رُوتا هوں بار بار +

۲ بیمار کو جیسی دوا — سو تیرا پیارا نام
کہ اُس سے هی دلاسا — تسلّی اور آرام +

۳ ای بے نظیر عمارت — ای فردوس دل آویز
تجھ میں نہ دکھ نہ رنج هی — پر خوشی غیر آمیز +

۴ پاک برّہ تیرا نور هی — مصلوب جو هوا تھا
حمد گاتا تجھ میں مجمع — سب خون خریدوں کا +

۵ بیشقیمت ساز سامان سے — تو بنا هی تیار
مسیح هی سنگ گوشہ — گھر اُسکے هیں دیندار +

۶ برّہ کے تخت کے آگے — سمندر هی شفاف
اور تازگی بخش چشمے — بلّور سے بھی هیں صاف +

۷ زمانوں کی چٹان پر — هی تیرا اِستحکام
تاج پاتے فتحمند جو — اور بیبہا اِنعام +

دو سو سینتیسواں گیت

(237) (۲۳۷)

یروشلم — زرین

۱
یروشلم زرین
دودھ شہد وہاں سب بہتے
کون کرے کُل بیان
کیا خوب ہی تیری شان +

۲
سب سمجھ سے ہی باہر
ہی رونق کی تجلی
نور تیرا اور کمال
اور خوبی بے مثال +

۳
شہیدوں کی جماعت
صیحون کے پاک محل میں
اور پاک فرشتگان
ہیں خوش اور ثناخوان +

۴
شاہزادہ بن داؤد ہی
اور خوشی سے للکارتے
بیچ اُن کے تخت نشین
سب اُسکے مومنین +

۵
کہ "فتح غالب ہوا"
"اُسی کی ہووے عزت
وہ گاتے تخت کے پاس
اور قدرت و سپاس" +

۶
اور فتحمند جو ہوئے
سفید پوشاکیں پاتے
وہ اپنے پیشوا پاس
اور خوشی بیقیاس +

۷
اہی مُلک عزیز مبارک
اہی مُلک عزیز مبارک
میراث حسین بّراق
دل تیرا ہی مشتاق +

۸
اُس خوش آرام کے مُلک میں
باپ بیٹے روح کی ہووے
پہنچا ہمیں بھی
ستائش ابدی +

دو سو اڑتیسواں گیت

(238) (۲۳۸)

۱
یروشلم اہی شہر پاک
میں داخل ہونگا تجھ میں کب
عزیز ہی تیرا نام
اور پاؤنگا آرام +

۲
تیرے دروازے سوتی ہیں
سڑکیں ہیں خالص سونے کی
دیواریں ہیں بلند
اور شہر دل پسند +

۳
تیری بارگاہ شاہانہ میں
عبادت وہاں دائم ہی
پہنچوں میں کس آن
اور سبت ہی ہر زمان +

۴ تو عدن سے خوشنما ہی
یروسلم کا دور ہی سے
ہمیشہ خوش بہار
میں کرتا ہوں دیدار +

۵ پس رنج اور موت سے ڈروں کیوں
مجھے تو گھر کو جانا ہی
کیوں ہوؤں میں حیران
گھر میرا ہی آسمان +

۶ رسول شہید اور نبی لوگ
اور ان میں ملنے جاتے ہیں
واں ہیں مسیح کے نزدیک
مسیح کے سب شاگرد +

۷ کب مجھے ملیگا آرام
جب دیکھونگا یروسلم
اور کب تسلی ہو
جاسے تجلی سکو +

(۲۳۹) دوسوانتالیسواں گیت (239)

۱ یروسلم [illegible]
مکان تو ہی جس کا
تو خوب حسین ہی
دل بنت شوقین ہی +

۲ نور تیرا برہ ہی
دروازے بارہ بھی
اور رات نہ ہوتی
ہیں بارہ موتی +

۳ دیواریں یشم کی
اور سڑکیں سونے کی
بلور سی صاف ہیں
شیشہ شفاف ہیں +

۴ بیت المقدس کو
اس لیئے ای مسیح
ایمان سے جانتے
ہم شکر مانتے +

۵ ہمارے دل کو کھینچ
مقدور بھر اس ہلل
کہ سب کچھ چھوڑیں
کی طرف دوڑیں +

۶ ایمان سے وہ جلال
تا آخر فضل سے
یقین اب لاویں
بھی دیکھنے پاویں +

(۲۴۰) دوسوچالیسواں گیت (240)

۱ یروسلم آسمانی
کون تیری شان اور شوکت
ای شہر پرجلال
بتاوے باکمال

تو دلہن سی آراستہ — پاکیزہ اور تیار
آسمان سے اُتر آ کے — ہوئی نمودار +

٢ پُر روشنی اور تجلّی — اور خالص سونے کی
بلّور سی جیسے یشم — شفّاف تو چمکیگی
موتی کے در جو بارہ — تعریف سے باہر ہیں
اور تیری بارہ نیویں — عجیب جواہر ہیں +

٣ پاک شہر تیرے اندر — شہید فرشتگان
تیرے جمال کو دیکھکر — حمد کرتے ہیں ہر آن
اُس پر جو تخت نشین ہے — وہ کرتے ہیں نگاہ
گرد اُسکے کھڑے ہوکے — وہ گاتے حمد اللہ +

٤ دیواریں تیری یشم — اور سڑکیں ہیں زرّین
جواہر ہی سی مانند — ہی تیرا نور حسین
تجھ میں کچھ رات نہ ہوگی — اور موت بھی ہوگی دُور
مسیح جو تخت نشین ہے — سو ہے حیات اور نور +

٥ تجھ میں رہائی پا کے — سب رنج اور آفت سے
مسیح کے لوگ بچ جا کے — مظفر ہووینگے
پیشوا کو اپنے دیکھکر — پاس اُس کے رہینگے
اور حمد اور پاک عبادت — تا ابد کرینگے +

٦ یروشلم مبارک — گھر برگزیدوں کا
تو مسکن ہے مسیح کے — سب خون خریدوں کا
مسیحا پہنچا ہیں — اُس عالی شہر کو
تمجید باپ کی اور بیٹے — اور روح القدس کی ہو +

(241) دوسواکتالیسواں گیت (٢٤١)

١ ایک ندی ہے بلّور سی صاف — جس میں حیات کا آب
برّہ کے تخت سے جاری ہو — کرتا فردوس شاداب +

اس ندی کی نفاست سے	۲	فرشتے ہیں مسرور
ایک بوندہی سے ہمارا دل		ہی خوشی سے بھرپور +
نہ آنکھ نہ کان نہ خیالوں سے	۳	انسان پر ہیں آشکار
جو چیزیں رب کے پیاروں کو		آسمان پر ہیں تیار +
پر خدا روح سے کرتا فاش	۴	ان عمدہ چیزوں کو
ایمان سے معلوم ہوتی ہیں		اس کے عزیزوں کو +
کاش کہ کبوتر کے سے اڑ	۵	ہم ہوں طوفان سے پار
ای خاوند اپنے ہاتھ بڑھا		وے اپنے پاس قرار +
اب کرو باپ اور برہ کی	۶	جو ہوا تھا سپاس
اور روح قدس کی آسی سے		آسمان ہماری آس +

(۲۴۲) دوسو بیالیسواں گیت (۲۴۲)

صرف آسمان ہاں صرف آسمان	۱	منزل ہے مقصود
جو کچھ چاہتے اہل ایمان		وہاں ہے موجود
زمین ہی پر		دکھ اور سکھ میں ہے تبدیل
اوپر ہے میراث جلیل		واں نظر کر +
پس آسمان پر تو ہر دم	۲	اپنا دل لگا
اس جہان کا دکھ اور غم		جلد تو گذریگا
اس دنیا پر		فانی چیز لذیذ مت جان
خزانہ بیچ آسمان		تو جمع کر +
تو آسمان پر آنکھ اٹھا	۳	غم سے جب ناچار
ہر وقت ہے رحیم خدا		تیرا خاطر دار
حیران مت ہو		جب یہہ سفر ہے تمام
پاویگا تو خوب آرام		آسمانی نسکو +

۴ دیکھ آسمان پر یسوع بھی ۔ گیا دکھ کی راہ
اسکا شاگرد ہو تو بھی ۔ چل وہ سکڑی راہ
صلیب اٹھا ۔ جتنے پیرو ہیں دیندار
ہیں ہم راہ اور ہم آزار ۔ ساتھ انکے جا +

۵ دیکھ آسمان میں آخر آن ۔ موت پہنچاتی ہی
ہرچند اس سے تیری جان ۔ وحشت کھاتی ہی
سہہ جا سہہ جا ۔ ابدی نور مٹاتا رات
باپ کے گھر میں تو حیات ۔ جبانہ پائیگا +

۶ جب آسمان میں داخل ہو ۔ آنکھ سے دیکھیگا
اپنے پیارے یسوع کو ۔ خوش ہو گائیگا
ہلیلویاہ ۔ وہ برہ سے تاجدار ہی جو
وہ غلبہ بخشتا ہی تجھکو ۔ ہلیلویاہ +

دو سو تینتالیسواں گیت (۲۴۳)

۱ ای پاک فردوس ای پاک فردوس ۔ کون چاہتا ہی آرام
وہ ڈھونڈھے ملک مبارک کو ۔ جو عمدہ ہی مقام
دینداروں کی ارواح ۔ اس ملک میں ہمیشہ پرلطف
خدا کی ہو مداح ۔ وے سدا ہیں مسرور +

۲ ای پاک فردوس ای پاک فردوس ۔ کون عالم فانی سکو
تیرے واسطے چھوڑیگا ۔ ہی گھر آسمانی جو
دینداروں کی ارواح وغیرہ +

۳ ای پاک فردوس ای پاک فردوس ۔ کاش کہ مسفید پوشاک
میں پاتا جس میں تیرے لوگ ۔ ملبس ہیں اور پاک
دینداروں کی ارواح وغیرہ +

ای پاک فردوس ای پاک فردوس جلد دیکھتا جو خداوند سنے	۴	کاش کہ اپنا مکان بنایا ھی پریشان

دینداروں کی ارواح وغیرہ +

یسوع مسیح فردوس کے شاہ مبارک ملک تک ھادي ھو	۵	تو پیار سے سب مجھے تمام جو کامل حبا آرام

دینداروں کی ارواح وغیرہ +

(244) دوسوچوالیسواں گیت (۲۴۴)

آسمان پر ھی چین اس منزل کے طالب ھو	۱	ای سب جو زیربار اور غمزدہ ھو آسمان پر ھی چین +
مبارک مکان اس دنیا کے وھم سے	۲	وہ خوشی ھی باھر سب فہم سے نہ رھیگا نشان +
یہہ سفر تمام سعادت اور خوشی تب	۳	سب دکھ اور مصیبت موقوف ھوں جب ھووینگی مدام +
سب آنسوؤں کو ڈنک موت کا نہ پائیگا	۴	خدا اپنے ھاتھ سے خود پونچھیگا یسوع کے بندوں کو +
سب دانش اور پیار سو بڑھیگا بادوام	۵	جو یہاں ھی ناقص اور ناتمام آسمان پر اپار +
ای وطن مطلوب اور سفر ھم کرتے ھیں	۶	زمین پر پردیسی پھرتے ھیں آسمان کو کیا خوب +
کیوں ھوؤں بے چین اور خوشی سے کھونگا	۷	اب صبر کے ساتھ سب میں سہونگا "آسمان پر ھی چین" +

(۲۴۵) دوسو پینتالیسواں گیت (245)

۱
کب میں جاؤں کب میں جاؤں
اُس کے پانو پر سجدہ کرنا
یسوع کو کب دیکھنے پاؤں
اُس کے روبرو ٹھہرنا
اپنے دِل سے چاہتا ہوں +

۲
خالص نور خالص نور
کب میں وہاں پہنچونگا
تو تاریکی کرتا دور
جہاں تیرا منہہ دیکھونگا
یسوع میری جان کے نور +

۳
کیا شیرین کیا شیرین
جو پرواز میں کرنے پاتا
ہے فرشتوں کی تحسین
جلد یہاں سے اُڑکے جاتا
کوہ صیحون کو بالیقین +

۴
پردیس پردیس
اپنے پاس ای یار آسمانی
تیرے پھل ہیں کیا نفیس
ہم کو بخش میراث آسمانی
اور خوشنما پردیس +

(۲۴۶) دوسو چھیالیسواں گیت (246)

۱
"ہمیشہ رب کے ساتھ"
میں اِس سے پاتا زندگی
اِس بدن میں اسیر
ایک منزل اپنے ڈیرے کو
آمین کہ ایسا ہو
اور ابدی خوشی کو
دوڑ دھوپ اُٹھاتا ہوں
روز بروز بڑھاتا ہوں +

۲
گھر باپ کا ہے آسمان
ایمان سے کبھی دیکھتا ہوں
آہ تب بدل و جان
پاک لوگوں کی جو ہے میراث
وہ میری جان کا گھر
اُس کے سنہرے در
ہوں اُس کا آرزومند
یروسلم بلند +

وہ ھمیشہ ربّ کے ساتھ"
تو اب بھی مجھ پر پورا کر
ھو میرے دہنے ھاتھ
سنبھال مجھے کر مرنے تک

۳ اے باپ گر مرضی ھو
اِس عمدہ وعدے کو
تو ھوویگا پائیدار
میں رھوں ایماندار ✠

اور جب اِس خیمے کو
تو موت کی تلخی کرکے دور
اور مجھے اپنے پاس
پاس تخت کے خوش ھو کہونگا

۴ تو توڑے مرتی آن
بچا تو میری جان
اُٹھاوے تیرا ھاتھ
وہ ھمیشہ ربّ کے ساتھ" ✠

(247) دوسو سینتالیسواں گیت (۲۴۷)

۱ جاے نور آسمانی سالیم
تیری ہی رونق بیقیاس ھی
تیری ہی رونق کے بیان میں
تجھ سے دل کو ھی قرار
تیرے محل ھیں شہوار
گاتے انبیا خوش گفتار ✠

۲ ھلیلویاہ وھاں گاکے
بلاناغہ اور لاآخر
سب کچھ پاک ھی اور مقدّس
سدا کرتے ھیں تمجید
کرتے ھیں خدا کی عید
کُل نجاست ھی بعید ✠

۳ وھاں سورج چاند نہ تارا
گرمی سردی رات نہ ھوتی
جس کے حُسنِ کمال سے
نہ چراغ کبھی ضرور
برّہ ھی اُس جا کا نور
سب باشندے ھیں مسرور ✠

۴ خاکی بدن بھی تب ھوگا
صحت طاقت نوجوانی
کامل عشرت پاک خوشنودی
پاک نورانی اور شکیل
اور خوبصورتی سے جلیل
اور آرام میں غیر تبدیل ✠

۵ پس فی الحال کا بوجھ اُٹھاکے
بعد اِس محنت کے آسمان پر
نور سے تب آراستہ ھوکے
رحمت باندھکے ھو بردبار
عجب تحفے ھیں تیار
بنیگا تو رونقدار ✠

آسمان

حمد و عزّت ھووے باپ کي حمد و عزّت روحِ پاک کي ذات و شان و تقدس برابر	۶	حمد و عزّت بیٹے کي پاک ثالوث خدا ایک ھي تا زمانُ الابدي ✣

(248) دوسو اڑتالیسواں گیت (۲۴۸)

کامل آرام اور دلي اطمینان	۱	اِس دنیا میں کیا اُس کا ھی اِمکان ✣
کامل آرام کي نیؤ ھی اِیمان	۲	وہ دِل و خیالوں کا ھی نگہبان ✣
کامل آرام گناہ سے جب حیران	۳	مسیح کے خون سے پاتي میري جان ✣
کامل آرام جب گھیریں مشکلات	۴	مسیح کي قُربت بخشتي ہہتات ✣
کامل آرام جب دُکھ سے ھوں مجبور	۵	گھبراھٹ اور تکلیف کو کرتا دُور ✣
کامل آرام سے دِل کو ھی قرار	۶	مسیح ھی تخت نشین اور قادِر یار ✣
کامل آرام کو بخشتا یہہ کلام	۷	کہ لکھا ھی آسمان پر تیرا نام ✣
کامل آرام جو باھر فہم سے	۸	مسیحا بخش تُو اپنے رحم سے ✣
کامل آرام دے مُجھ پردیسي کو	۹	عزیزوں کا اور میرا حافظ ھو ✣
پس اي مسیح جب سفر ھو تمام	۱۰	تُو اپنے پاس دے کامل خوش آرام ✣

(249) دوسو اُنچاسواں گیت (۲۴۹)

کون وطن ھی روح کا کون جائے آرام کیا دنیا میں ھی ایسي جائے پناہ ناھیں ناھیں یہہ ست مان	۱	وہ پاویگي کہاں پناہ کا مقام کہ جہاں پر آ نہیں سکتا گناہ کِس واسطے کہ وطن ھی اُوپر آسمان ✣
وہ وطن جو ڈھونڈھو تو چھوڑو زمین یروشلم اُوپر زریِنہ مقام سماں ھی ھاں آسمان	۲	وہ وطن ھی اُوپر جلیل خوشتریت وہ روح کا ھی وطن اور جائے آرام ھی روحوں کا وطن اور چین کا مکان ✣

مبارک آرام ھی مسیح کے حضور
کہ بربط اور بینوں کا میٹھا الحان
آرام خوشی خوشحال
یہاں مجھے ھووے جو دکھ اور جنجال
خاص تیرے ھي لوگوں میں ھوتا آرام
آ آ مجھ پاس آ

۳ دکھ موت اور گناہ سب ھیں وھاں سے دور
مقدس لوگ سنتے ھیں وھاں ھر آن
منجي کي گود میں تب ھوگا کمال +

۴ مسیحا پاس تیرے میں بہت خوشحال
تو بولتا ھی اپنوں کے دل میں "سلام"
پاس اپنے اي منجي تو مجھے بلا +

(۲۵۰) دو سو پچاسواں گیت (250)

۱ کیا تو تھکا ھی اور ماندہ
"مجھ پاس آکر ایک نے کہا
بالکل بے آرام
کر آرام" +

۲ تا اس مرشد کو پہچانوں
"زخموں سے ھیں ھاتھ اور پانو
کون سے ھیں آثار
نشاندار" +

۳ کیا وہ تخت نشین تاجدار ھی
"وھاں تاج رکھتا فی الحقیقت
حشمت ھی شہسوار
پر خاردار" +

۴ اسکے پیرو کو کیا جبرا
"غم مشقت دکھ اور آنسو
ملتي ھی یہاں
فراوان" +

۵ اگر اس سے لپٹا رھوں
"غم اور دکھ اور سفر ھونگے
ھوگا کیا انجام
سب تمام" +

۶ مجھے وہ قبول کریگا
"ھرگز نہیں بیمثال ھی
ھوگا نہ انکار
اسکا پیار" +

۷ گر تا آخر ایماندار ھوں
ایک منہہ ھو بہشتي بولتے
برکت ھی یقین
"بالیقین" +

مسیح کی دعوت

(۲۵۱) دوسو اکیاونواں گیت (251)

۱
مسیح نے یوں فرمایا ہے "سب تھکے اور زیر بار"
"پاس میرے آؤ اِطمینان وہ میں دونگا اور قرار"
یہہ سُن میں آیا یسوع پاس مغموم دِل تنگ بے حال
اور اُس میں پائی جاے آرام سو اب میں ہوں خوشحال +

۲
مسیح نے یوں فرمایا ہے "جو پیاسا ہے مجھ پاس
آبِ حیات مُفت پاویگا بُجھا لو اپنی پیاس"
یہہ سُن میں اُس پاس آیا جلد اور پیکے میری جان
اِس تازگی بخش چشمہ سے سیر ہوئی اور شادمان +

۳
مسیح نے یوں فرمایا ہے "جہان کا میں ہوں نور
جو میرا پیرو ہوویگا وہ ہی ظلمت اُس سے دور"
جب جاکے اُسپر نظر کی تب پایا نور اور زیست
پس سفر بھر میں چلونگا اِس نور میں تا بازیست +

(۲۵۲) دوسو باونواں گیت (252)

۱
ای تو جو مجبور اور دُکھ سے رنجور
ڈال بوجھ اپنا یسوع مسیح پر +

۲
ای تو جو حیران اور دِل پریشان
دے قادر رحمان کی دُہائی +

۳
وہ رحم سے معمور بوجھ سرکریگا دُور
شتاب اپنی قدرت کے ساتھہ سے +

وہ دِل سے حلیم ۴ ہمدرد اور رحیم
کلام اُسکا بخشتا دِلاسا +

وہ حافظ ھی پاس ۵ پس مت ھو اُداس
نہ دُکھ سے نہ موت سے گھبرا جا +

پیرو اُس کا ھو ۶ وہ دیگا تجھ کو
اِس زیست کے بعد راحت آسمانی +

پس صبر تو کر ۷ اور آس اُس پر دھر
تب چکھیگا خوشی کے چشمے +

دو سو تریپنواں گیت (253) (۲۵۳)

۱
ای یسوع تو ھی کھڑا
اور صبر کرکے چاھتا
سوچو سبھی یارو
کہ جسکا نام ھم رکھتے
دِل کے دروازے پر
کہ کھول ھم دیویں دَر
یہہ کیا ھی شرم کی بات
نہ چاھیں ملاقات +

۲
یسوع تو کھٹکھٹاتا
تو آنسو بھی بہاتا
ای بیحد مہربانی
یہہ بڑی ھی لاثانی
اور ھاتھ تو ھیں افگار
اور سر پر تاج خاردار
اور بیقیاس پیار
گر اُسکا ھو اِنکار +

۳
مسیحا نرم آواز سے
"میں موا واسطے تیرے
افسوس کر اور شرمندہ
عزیز نجات دِہندہ
تو ھم سے بولتا یوں
"وہ یہہ بدسلوکی کیوں"
ھم کھولتے دِل کا دَر
آ اُس میں رھا کر +

دو سو چونواں گیت (254) (۲۵۴)

۱
میں جیسا ھوں نہ عذر کر
اور تکیہ تیری دعوت پر
صرف تیرے خون پر آسرا دھر
تجھ پاس ای برّہ آتا ھوں +

۲
میں جیسا ہوں بلا تاخیر
گناہ کے لیئے ہی اکثیر
کہ تیرے لہو کی تاثیر
تجھ پاس ای برہ آتا ہوں +

۳
میں جیسا ہوں دل پریشان
اندیشوں سے بالکل حیران
گھبراہٹ قلق خوف گمان
تجھ پاس ای برہ آتا ہوں +

۴
میں جیسا ہوں ضعیف ناچار
مجھے تو دینے کو تیار
جو صحت طاقت ہی درکار
تجھ پاس ای برہ آتا ہوں +

۵
میں جیسا ہوں سو ای غفور
نجات اور پاکی ہی ضرور
قبول تیرا سرتا ہوں منظور
تجھ پاس ای برہ آتا ہوں +

۶
میں جیسا ہوں روک ٹوک تو سب
صرف تیرا ہوں ہاں تیرا اب
پیار تیرے سے ہیں دور ای رب
تجھ پاس ای برہ آتا ہوں +

۷
میں جیسا ہوں چوڑان لمبان
جہاں پہنچکر تب ہر آن
گہراؤ پیار کی اور اونچان
تجھ پاس ای برہ آتا ہوں +

(255) دو سو پچپنواں گیت (۲۵۵)

۱
منجی بلاتا ہی
”ای بھٹکے ہوئے لوگ
گمراہوں کو
کیوں بھولتے ہو“ +

۲
منجی بلاتا ہی
خدا کے قہر سے
”تو کر نگاہ
میں ہوں پناہ“ +

۳
منجی بلاتا ہی
اِس وقت خداوند کو
کان اُس پر دھر
تو سجدہ کر +

۴
روح آج فرماتی ہی
دروازہ کھلا ہی
”دیکھ یسوع کو
اب داخل ہو“ +

(256) دو سو چھپنواں گیت (۲۵۶)

۱
وہ بات مجھے سناؤ
کہ یسوع مہربان ہی
قدیم سے جو مشہور
اور پیار سے ہی معمور

وہ بات مجھے سمجھاؤ کہ بچہ ہوں نادان
گناہ سے ہوں آلودہ زیربار اور ناتوان
وہ بات مجھے سناؤ کہ یسوع ہی پُر پیار
کہ ہر ایک بات اور حال میں وہ رہتا سچا یار *

۲
بار بار مجھے سناؤ تا اُسے کروں یاد
کہ یہہ خوشخبری سُنکے ہوں دل اور جان سے شاد
نجات کا بھید بتاؤ کہ یسوع آیا تھی
اور اپنے قیمتی خون سے مجھے بچایا تھا

کورس

۳
مجھے تب یاد دلاؤ جب زار ہوں اور بیمار
اور غم اور دُکھ کے مارے بیکس ہوں اور لاچار
اِس پیار کی بات کو سُنکے تسلّی پاتا ہوں
اور یسوع نام کا لیکے میں شکر مانتا ہوں *

کورس

۴
وہ بات مجھے سناؤ جب آوے اِمتحان
اور غفلت سے جگاؤ سنبھالو میری جان
اور موت کا وقت جب آوے سناؤ وہی بات
کہ یسوع کے پاک خون سے ہی ابدی حیات

کورس

(۲۵۷) دوسو ستاونواں گیت (257)

۱
کِدھر جاتے جاتری لوگو کِدھر جاتے گیئے بھیش
جاتے ہم ایک دُور کی جاترا پایا راجا کا آدیش
جنگل پربت دیکھ اُٹھاتے اُس کے بھون کو ہم جاتے
جاتے ہیں ایک اُتم دیش *

پاؤگے کیا جاتری لوگو ۲ جاکے دور کے اُتّم دیش
آکے چلے بستر تیج کے مُکٹ پربھو دیگا پریم بشیش
نرمل امرت جل پیئینگے ایشور پاس سدا رہینگے
جاویں جب اُس اُتّم دیش ✣

چھوٹے جھنجھٹ ہو تم نہ ڈرتے ۳ کٹھن مارگ میں سونے دیش
نہیں پاس ہیں رہتر اندیکھے سورگی دوت ٹال دیتے کلیش
یسوع سوامی ساتھ چلیگا ہر جھلک اگوا آپ رہیگا
جانے میں اُس اُتّم دیش ✣

جاتری لوگو ہم بھی ساتھ ہو ۴ چلیں اُجّل اُتّم دیش
آؤ سبھی بھلے آئے بیچ ہمارے ہو پردیش
آؤ سنگ نہ چھوڑو کبھی یسوع ناتھ پرشنّت ہی ابھی
لانے کو اُس اُتّم دیش ✣

توبہ اور دعا

(۲۵۸) دوسو اٹھاونواں گیت (258)

مسیح ضرور ہی مجھے ۱ میں بڑا گنہگار
دل میرا ہی اندھیرا آلودہ اور بدکار
صرف مسیح کے خون سے دل کی صفائی ہی
اس سبب سے مسیح کی ہر وقت دہائی ہی ✣

مسیح ضرور ہی مجھے ۲ میں بہت ہوں کنگال
مسافر اور پردیسی غریب بھی اور تنگ حال
مسیحا تیرا کرم نت رہے میرے ساتھ
دے طاقت میرے پانو کو اور تھام لے میرے ہاتھ ✣

مسیح ضرور ہی سب مجھے	۳	وہ میرے دل کا یار
ہمدرد ہی میرے دل کا		آتا رہا میرا بار
سنبھالتا ہی وہ سب مجھے		جب دکھ کا ذکر ہی
میرے مسیح کے دل کو		نت میری فکر ہی +
مسیح ضرور ہی سب مجھے	۴	ہر روز وہ ہی ضرور
ای یسوع اپنے فیض سے		تو سب مجھے کر معمور
شکونت روح القدس کی		ہو مجھ میں عمر بھر
کہ سب مجھے خوب میں جانوں		ہدایت میری کر +
مسیح ضرور ہی سب مجھے	۵	ای یسوع پیارے تو
جلد سب مجھے دیکھ میں پاؤں		آسمان پر رو برو
تب جتنے تیرے لوگ ہیں		تیری گروہ شریف
میں ان میں ملکے گاؤں		حمد تیری اور تعریف +

(259) دوسوانسٹھواں گیت (۲۵۹)

یسوع خداوند میرا ہی	۱	وہی سبھوں کا مقبول
دردمند بھی گنہگار کا ہی		سب مجھے نہ دل سے بھول +
خداوند سب مجھے تو ابھار	۲	کہ میں ہوں خاک اور دھول
گناہ ہیں میرے بیشمار		سب مجھے نہ دل سے بھول +
تو قوی میں کمزور دلگیر	۳	کیجو میری عرض قبول
میں تیرا ہوتا دامنگیر		سب مجھے نہ دل سے بھول +
بیماری اور ہر حالت میں	۴	سب مجھے نہ دل سے بھول
وقت موت کے اور عدالت میں		سب مجھے نہ دل سے بھول +

(260) دوسو ساٹھواں گیت (۲۶۰)

یسوع ہے نجات دہندہ
اُس سے تم مت ہو شرمندہ
گنہگار کو

ہم گناہ کے بوجھ کے مارے
تُو اُٹھاکے بوجھ ہمارے
ای خداوند

یا مسیح بچا تُو مجھے
شافی جانتا ہوں میں سب تجھے
مددگار ہو

گنہگارو سب چلے آؤ
اُس کو اپنا دُکھ بتاؤ
ہلیلویاہ

۱ اپنا دِل تم اُس کو دو
اُسکی راہ پر قائم ہو
آیا وہ بچانے کو +

۲ ہوئے عاجز اور ناچار
مرا ہوکے فداکار
بے پایان ہے تیرا پیار +

۳ میرے سب گناہ مِٹا
صلح اور آرام دِلوا
ای مسیح خدا تیرا +

۴ آدمزادو کُل جہان
اُس پر لاؤ تم اِیمان
ہو تا ابد اُسکی شان +

(261) دوسو اکسٹھواں گیت (۲۶۱)

یہہ ربّ کا قول ہے دِلپسند
یہوواہ میرا ہے خاص نام
شکستہ دِل جو ہیں اِنسان
گناہ سے جو رنجیدہ ہیں
وہ لوگ تسلّی پاتے ہیں
گھٹاتے ہیں گناہوں سے
خداوندا ہم بندوں پر
تب تیرا شکر کرینگے

۱ آسمان ہے میرا تخت بُلند
بادشاہت میری ہے مُدام +

۲ اُن میں بھی میرا ہے مکان
سو میرے پسندیدہ ہیں +

۳ جو بدی سے پچھتاتے ہیں
اور پھرتے ہیں بد راہوں سے +

۴ تُو اپنے روح کو نازل کر
اور حکم تیرے مانینگے +

(262) دو سو باسٹھواں گیت (۲۶۲)

۱
اے ہمارے باپ آسمانی
تیری سلطنت ربانی
ہو مقدس تیرا نام
پھیلے قوموں میں تمام +

۲
تیری مرضی جو آسمان پر
سو زمین پر بھی بر آوے
ہوتی ہے فرشتوں سے
آج کی روٹی ہمیں دے +

۳
جیوں ہم بخشتے ہیں دیندار کو
امتحان میں ڈال نہ ہمیں
دین ہمارے بخش تو دے
اور چھڑا سب بدی سے +

۴
قدرت سلطنت بزرگی
ہے اور ابد تک رہیگی
تیری رب العالمین
ایسا ہوویگا ـ آمین +

(263) دو سو تریسٹھواں گیت (۲۶۳)

۱
تو مالک ہے خداوندا
تو مدد میری کر
مصیبت سے دل پریشان
اور چشمہ ساری خوبی کا
جب دکھ اور درد سے ہوں حیران
اے رب یاد میری کر +

۲
جب میرا دل ہو بے آرام
تو مدد میری کر
گناہ ستاوے اور شیطان
جب تیرے لیئے ہوں بدنام
جب مجھ پر آوے امتحان
اے رب یاد میری کر +

۳
کہ تیرا بندہ وفادار
تو مدد میری کر
وقت موت کے اور عدالت میں
اور آخر تک ہو ایماندار
ہر جگہہ اور ہر حالت میں
اے رب یاد میری کر +

(264) دو سو چونسٹھواں گیت (۲۶۴)

۱
خدایا اپنی راہیں
اور مجھے اپنے راستے
مجھ عاصی کو دکھلا
صداقت کے بتلا

تُو میرا ہی منجّی میں منتظر ہوں تیرا	٢	خداوندا رحیم تُو مجھے دے تعلیم +
کمال ہی تیرا فضل تُو اپنے علم کو یاد کر	٣	اور رحمت ہی عظیم جو مجھ میں ہی قدیم +
جوانی کی خطائیں سو اپنے نام کی خاطر	٤	جو میری ہیں خدا نہ کبھی یاد فرما +
تُو بخشنے میں گناہ کے تُو دیتا ہی غریب کو	٥	ہی عادل اور رحیم نجات کی خاص تعلیم +
صداقت اور محبت تُو اپنے نام کی خاطر	٦	ای رب ہی تیری راہ بخش میرے سب گناہ +

([illegible]) دوسو پینسٹھواں گیت (٢٦٥)

خدایا میری خبر لے ہر وقت ہر حال ہر طرح سے	١	اور میری مدد کر تُو میری مدد کر +
جو مال سے ہوں میں مالامال جو ہوؤں میں غریب تنگ حال	٢	ڈال میرے دل میں ڈر تُو میری مدد کر +
ہر غفلت سے خداوندا مجھے خطاؤں سے بچا	٣	میں بچوں عمر بھر تُو میری مدد کر +
سب جالوں پر اس دنیا کے مجھ عاصی کو تُو غلبہ دے	٤	شیطان کے پھندوں پر تُو میری مدد کر +
اور جسوقت میرا مرنا ہو تُو دے پناہ مجھ عاجز کو	٥	مٹا سب خوف اور ڈر اور میری مدد کر +

([illegible]) دوسو چھیاسٹھواں گیت (٢٦٦)

جب میں پکاروں ای خدا تُو میرے اوپر رحم کر	١	تب میری سُن تُو لے جواب درخواست کا دے +

۲ "تم میرے منہہ کے طالب ہو" جب تو نے یہہ کہا
تب میرے دل نے کہا بھی "وہ میں طالب ہونگا" +

۳ نہ کبھی تجھ سے ہو روپوش نہ منہہ تو مجھ سے موڑ
کر میری مدد ای خدا اور عاصی کو مت چھوڑ +

۴ گر میرا باپ اور میری ما کر دیویں مجھے دور
تو مجھے پروردگار سمبھالیگا ضرور +
مقدس خداوند کا ہم کریں انتظار
تقویت وہی دیویگا اور بخشیگا قرار +

(267) دوسو سڑسٹھواں گیت (۲۶۷)

۱ یسوع رحمت سے معمور چشمۂ حیات اور نور
خالق قدرت سے بھرپور ہم پر رحم کر +

۲ یسوع قوی اور رحمان مفلس ہوا جو انسان
برہ ہوا جو قربان ہم پر رحم کر +

۳ یسوع تخت پر اب نشین یسوع ربّ العالمین
اور سلطان السلاطین ہم پر رحم کر +

۴ یسوع بڑا منصف جو آویگا عدالت کو
سدا متوجہ ہو ہم پر رحم کر +

(268) دوسو اڑسٹھواں گیت (۲۶۸)

۱ کر مجھ پر رحم ای خدا تو مجھ پر رحم کر
بھروسا تیرے بندہ کا ہی تیری رحمت پر +

۲ ہر آفت میں تو ہی پناہ اور چھپنے کا مکان
میں تجھ پر چھوڑتا اپنی راہ تو کرتا بوجھ آسان +

تو جانتا ہے خداوندا	۳	کہ میں ہوں ناتوان
پس میری مدد تو فرما		اور تھام لے میری جان +
ایک دل بخش مجھے ای رحیم	۴	جو تجھے کرے پیار
جو تیرا گھر ہو ای کریم		اور تیرا تابعدار +
یہہ بخش کہ رہوں ایماندار	۵	اور تیری آمد کا
میں دل سے کروں انتظار		تب خوشی پاؤنگا +

(269) دو سو انہترواں گیت (۲۶۹)

بندے کو خداوندا	۱	کر قبول اور معاف فرما
پھر کر مجھ عاصی پر		میرے دل کو نیا کر +
بدی سے مجھے بچا	۲	حامی ہو اور رہنما
میرے دل میں فضل بھر		اپنی الفت جاری کر +
میں پلید پر تو رحیم	۳	تیرا فضل ہے عظیم
جتنے تیرے امیدوار		ہوتے ہیں نیکبخت ہر بار +
پیاروں میں تو پیارا ہے	۴	آسرا تجھ پر سارا ہے
رکھ تو مجھے اپنے ساتھ		سونپتا ہوں میں تیرے ہاتھ +

(270) دو سو سترواں گیت (۲۷۰)

جب دل گناہ کے زخموں سے	۱	ضعیف اور غافل ہے
مصلوب صرف تیرا زخمی ہاتھ		شفا کے قابل ہے +
جب دل ناچار غمزدہ ہو	۲	اور آنسو سے تھکا
صرف تیرا دل جو چھیدا تھا		دردمند ہے عاصی کا +
جب دل گناہ کے داغوں سے	۳	پچھتاکے روتا ہے
صرف سوتا تیرے لہو کا		ہر داغ کو دھوتا ہے +

یسوع کا خون صرف کرتا پاک
دل اسکا اسکا ھی دردمند
۴ ھاتھ اسکا بخشتا زور
جو غم سے ھیں کمزور +

تو اپنا زخمي ھاتھ بڑھا
بناہ ھم کو گناھوں سے
۵ کھول آسوتے صحت کے
تو اپنے دل میں دے +

(۲۷۱) دوسو اکہتروان گیت (271)

مسیحا تیرا فضل
نہ ھو شیطان سے دبیں
۱ رہے ھمارے ساتھ
اور پڑیں اس کے ھاتھ +

مسیحا تیرا کلمہ
وہ ھو ھمارا ھادي
۲ رت ھم بین قائم ھو
حق راہ بتانے کو +

مسیحا تیرے نور میں
اپنے کلام کي روشني
۳ ھم چلیں عمر بھر
ھم پر چمکایا کر +

مسیحا تیري برکت
اور سب روحاني دولت
۴ ھو تیرے بندوں پر
ھمیں عنایت کر +

مسیحا تیري آڑ میں
تب دنیا اور شیطان سے
۵ ھم رھیں ھر زمان
ھم رھیں با امان +

مسیحا تیري وفا
بخشش ھمیں وفاداري
۶ ھمیشہ رھیگي
اور ابدي زندگي +

(۲۷۲) دوسو بہتروان گیت (272)

اى باپ رحیم خدا غفار ۱ ھم تیرے بندے ھیں خاکسار
کر دل میں جاري اپنا پیار +

تو داتا ھی ھم ھیں فقیر ۲ تو ھی بزرگ ھم ھیں حقیر
ھم کچھ نہیں تو ھی کبیر +

۳ ظلمات ہی پاس پر تو ہی نور
تاریکی تجھ سے ہوتی دور
سب گناہ بخش دے ای غفور +

۴ ہم خالی ہیں کر تو معمور
ہم ہیں غمگین کر تو مسرور
ہم جاہل ہیں بخش دے شعور +

۵ ہم ہیں کمزور پر تو قدیر
پردیسی ہم تو ہو دستگیر
ہم ہیں ناچار ہو تو نصیر +

۶ پس تیری حمد ہو اور سپاس
پست حالی سے تو اپنے پاس
آسمان پر چین دے بیقیاس +

دوسو تہتّرواں گیت

(۲۷۳)

۱ جب تک ای میرے باپ خدا
تو مجھے کہنا یہہ سکھا
میں راس پردیس میں رہونگا
"باپ میرے تیری مرضی ہو" +

۲ عزیز جو ہی ہر طرح سے
تب کہوں میں "خداوند لے"
جب سے کہے تو "وہ مجھے دے"
"باپ میرے تیری مرضی ہو" +

۳ جب چھوڑنا ہو خاص دل کا یار
پھر اُسے دیکھوں آخرکار
میں جانوں تب کہ موت کے پار
"باپ میرے تیری مرضی ہو" +

۴ جو سخت بیماری آتی ہو
اور میرا جسم کھاتی ہو
یہہ بات مجھے سکھاتی ہو
"باپ میرے تیری مرضی ہو" +

۵ گر میرے ساتھ روح تیری ہو
اور دلوے زور روح میری کو
تو جو تکلیف بہتیری ہو
"باپ میرے تیری مرضی ہو" +

۶ تو میری مرضی زیادہ تر
اپنی مرضی کے تابع کر
کہ کہوں دل سے سراسر
"باپ میرے تیری مرضی ہو" +

۷ اور آخر کو جب میری جان
آزاد ہو چھوڑکر یہہ مکان
تب گاونگا جا بیچ آسمان
"باپ میرے تیری مرضی ہو" +

(274) دوسوچوهترواں گیت (۲۷۴)

۱
تو میرا هادی هو اے پاک پروردگار
کہ تیری راہ پر چلنے کو میں رهوں خبردار +

۲
زبان کی خطا سے تو بندے کو بچا
ساری بیہودہ گوئی سے میں دور هی رهونگا +

۳
جب دنیادار کے ساتھ مجھ میرا هووے کام
میں کروں دونی جو کسی اور منہ کو دوں لگام +

۴
اور ٹھٹھےباز کے ساتھ میں رهونگا خاموش
وہ سچ کو جھوٹھ کر ڈالتا هی گناہ سے هی مدهوش +

۵
لیکن جب موقع هو تو میں خدا کی راہ
اور اُس کے پاک کلام کا بھی دلاور هوں گواہ +

(275) دوسوپچهترواں گیت (۲۷۵)

۱
اے ربّ وہ کیسے هیں خوشحال جو تجھ پر ساری فکر ڈال
هیں خوبی سے آزاد کر تیری حکمت اور پیار
هیں کامل اے پروردگار وہ سدا کرتے یاد +

۲
دیکھ خوف جب آوے ناگہان گھبراهٹ سے دل پریشان
نہایت هوں اُداس کاش چھوڑیں سارے مددگار
تجھی کو جانیں اپنا یار جائے پناہ اور آس +

۳
کاش کہ هم اپنے دکھ کا حال دُعا کے ساتھ تجھی پر ڈال
دل کا پاویں قرار سنبھالتا ساری خلقت جو
همارا فی التحقیق سو هی باپ اور قادر یار +

۴
اے باپ همارے دل میں سے سب بےایمانی دُور کر دے
اور سب خودرائی کو هر حال میں مجھ پر هو نگاہ
اور مجھ کو سونپیں اپنی راہ باپ تیری مرضی هو +

(276) دوسو چھہترواں گیت (۲۷۶)

میں چاروں طرف پھندوں سے	۱	اور خوف سے گھبرا ھوں
میں تیري طرف دیکھ کرکے		دہائي دیتا ھوں +
میں رویا کرتا ھوں بار بار	۲	آنسو بہاتا ھوں
میں بندہ ھوں کمزور ناچار		خوف کر گھبراتا ھوں +
مدد خدایا میري کر	۳	کمزور کو زور تو دے
تا چلوں تیري راھوں پر		پاک روح کا فضل دے +
غنیم کے خوف کو تو کر دور	۴	ایمان امید بڑھا
اور آخر کو ای میرے نور		آسمان کو پہنچا +

(277) دوسو ستترواں گیت (۲۷۷)

الٰہي نور کر روشن یہہ دیجور	۱	تو رہبر ھو
رات ھی تاریک اور میں ھوں گھر سے دور		تو رہبر ھو
نہ چاہتا ھوں کہ دور تک دیکھوں راہ		پانو میرے تھامکے تو ھي ھو ھمراہ +
نہ آگے میري خواھش تھي کہ تو	۲	رہنما ھو
میں اپني راہ نکالتا تھا اب تو		رہنما ھو
آہ میں خود بین ھو کیسا بھٹکا تھا		تو گذرے دن کي بھول نہ یاد فرما +
اب تو ھی رہبر مجھے تیرا ھاتھ	۳	سمبھالیگا
راہ مشکل ھو کیا ڈر جو میرے ساتھ		تو رھیگا
ظلمات کے بعد میں بیچ فرشتگان		ابدي جلال میں ھونگا ثناخوان +

(۲۷۸) دوسو اٹھہترواں گیت (278)

۱
مجھ کو تو ہی اے خداوند
اُسے یاد ہمیشہ رکھوں
دِل اور جان سے
اپنے فضل کی راہ بتا
مجھے اپنی راہ چلا
اُس میں خوشی میں ہوؤنگا +

۲
اپنے پاک کلام کی طرف
مجھے ایسی آنکھیں بخش دے
اپنی راہ میں
میرے دِل کو مائل کر
دِل نہ لگے لالچ پر
رکھ تو مجھے عمر بھر +

۳
باطِل چیزیں میں نہ دیکھوں
بندے سے قول تو نے کیا
خوف کے ساتھ میں
بخش تو مجھے زندگی
اُسے کر تو وفا بھی
کروں تیری بندگی +

(۲۷۹) دوسو اناسیواں گیت (279)

۱
میں دیر تک رہا تجھ سے دُور
مجھ پاس نہ تھا آسمانی نور
پر اب میں آتا پُر قصور +

۲
توڑ دیئے میں نے کُل احکام
نہ مانتا تھا تیرا کلام
پر اب میں لیتا تیرا نام +

۳
محبت تیری بے نظیر
میں اکثر جانتا تھا حقیر
پر اب میں اُسکا ہوں اسیر +

۴
بیہودہ گو تھی یہہ زبان
اور باطل میرے تھے گمان
پر اب ہوں تیرا ثنا خوان +

(۲۸۰) دوسو اسیواں گیت (280)

۱
چھوڑ نہ مجھے پیارے یسوع
میری سُن فریاد
اوروں پر تو رحم کرتا
مجھ کو بھی کر یاد +

کورس۔

یسوع یسوع میری سن فریاد | تو جب اوروں کو بلاتا
مجھ کو بھی کر یاد +

۲	
مجھ کو اپنے فیض سے بخش دے	۲	برکت اب اِس آن
جھکتا ہوں میں کر کے توبہ		دے مجھ کو ایمان +

کورس۔

حامی جانتا ہوں میں تجھ کو	۳	چہرہ اب دکھلا
چنگا کر اِس زخمی روح کو		فضل سے بچا +

کورس۔

تو ہی راحت کا سرچشمہ	۴	جان سے بھی عزیز
تو ہی ہے زمین آسمان پر		مجھ کو دل عزیز +

کورس۔

دوسو اکیاسیواں گیت (۲۸۱)

نت دعا کر ای روح پاک خدا	۱	کمزور کو دعا مانگنا تو سکھلا +
نت دعا کر اور دعا کر ہر حال	۲	اور ساری فکروں کو خدا پر ڈال +
نت دعا کر گناہ کا مرض ہولناک	۳	مسیح کے خون سے دور ہی اور دل پاک +
نت دعا کر مسیح نے کھول دی راہ	۴	اب باپ کا تخت ہے تیری آرامگاہ +
نت دعا کر جب دل سے ہی رنجور	۵	دعا سے رنج اور دہشت ہوتی دور +
نت دعا کر تب پاتی تیری جان	۶	تقویت تازگی اور اطمینان +
نت دعا کر اور جب تو خوشوقت ہو	۷	تب تو مت بھول خدا کی نعمت کو +
نت دعا کر اور شکر کر سدا	۸	اور ظاہر کر جلال خداوند کا +
نت دعا کر اور ساتھ فرزندوں کے	۹	دل تازہ کر حیات کے چشموں سے +
دنیا ہی ہیچ اور فانی سراسر	۱۰	بقا کو ڈھونڈھ کے سدا دعا کر +

(282) دوسو بیاسیواں گیت (۲۸۲)

۱ یسوع پربھو ست اوتار
گرتا تیرے چرن پر
تو ہی میرا تارنہار
اپنے داس پر دیا کر +

۲ کس کے پاس میں جاؤنگا
مکتی ہی تو تیرے ہاتھ
کس سے مکتی پاؤنگا
پربھو یسوع کرپا ناتھ +

۳ بھیج پوتر آتما کو
جب وہ دل میں آتا ہی
جس سے نیا جنم ہو
مکت کا بھید کھل جاتا ہی +

۴ یسوع تجھے مانتا ہوں
کیول تو ہی ست اوتار
تجھکو اپنا جانتا ہوں
تو ہی میرا تارنہار +

مسیحی جنگ

(283) دوسو تراسیواں گیت (۲۸۳)

۱ ایک برج بلند اور جائے پناہ
ہمیں ہر آفت سے اللہ
خداوند ہی ہمارا
بخشش دیتا ہی چھٹکارا
ابلیس شریر غنیم
بزور طلسم بیشمار
مخالف ہی قدیم
ہیں اس کے ہتھیار
کون ویسا ہی زمین پر +

۲ ہماری طاقت ہی ناچیز
ہمیں ہمارا ایک عزیز
ہم ہارتے ہیں شیطان سے
بچاتا ہی نقصان سے
سب جانتو صاف صریح
جو لشکروں کا رب
وہ ہی یسوع مسیح
جانینگے اس سے سب
وہ سب پر غالب ہوگا +

۳
شیطان کی فوجیں بیشمار
ہم نہیں ہونگے بیقرار
اِس دنیا کا سردار
سر اُسکا جھکا ہے
ہمیں پھاڑ کھانے آویں
ہرچند وہ سب ڈراویں
اب ہوا ہے ناچار
حکم ہو چکا ہے
کلام سے ہار وہ جاتا ✣

۴
کلامُ اللہ ہے بے تبدیل
خداوند اپنا روح جلیل
لوگ بیویں مال مکان
جو اُن کی خوشی ہو
ہے جاویدان اور دائم
رکھیگا ہم میں قائم
نیکنامی بلکہ جان
کیا فائدہ ہے اُن کو
آسمان ہمارا ہوگا ✣

(۲۸۴) دوسو چوراسیواں گیت (284)

۱
رب میرا نور ہے اور نجات
یہوواہ میرا قلعہ ہے
میں ہوں کب ڈرنے کا
پس کون ڈراویگا ✣

۲
سب میرے دشمن سب شریر
گر فوج مخالفوں کی ہو
گر گرکے ہونگے پست
وہ کھائینگی شکست ✣

۳
ہے میری سپر اور پناہ
بھروسا میرا اُس پر ہے
پاک نام خداوند کا
پھر مجھکو کیا پروا ✣

۴
ستائش باپ اور بیٹے کی
جیسی کہ تھی اور ہے ابھی
اور روح قدس کی ہو
اور ہوگی سدا کو ✣

(۲۸۵) دوسو پچاسیواں گیت (285)

۱
یسوع ہادی ہو
تیری راہ پر قدم دھریں
جب تک مرتی آن
راہ بتانے کو
تیری پیروی ہم کریں
منزل ہو آسمان ✣

۲
جب ہم ہوویں تنگ حال — ہمیں تب سنبھال
دُکھ پہ دُکھ جو ہم اُٹھاویں — تو بھی ہم نہ گھبراویں
یہاں دُکھ تمام — وہاں بھی آرام ہے

۳
اپنا رنج جو ہو — غیر کا رنج بھی اجو
دونوں دُکھ سیں چھوٹ پڑے — جب کہ بھاری ہم پہ پڑے
تو تب فضل سے — ہمیں صبر دے +

۴
زندگانی جب سر — ہم پر نظر کر
روح کی مشکل ہو تنہائی — تب تو ہمیں دے دلیری
دوڑ جب ہو تمام — ہمیں بخش آرام ہے

(۲۸۶) دو سو چھیاسیواں گیت (286)

۱
تو میرا رہنما ہو — اے یہوواہ
تو آخر تک دستگیر ہو — اور دے پناہ
اکیلا چل نہ سکتا — ایک قدم بھی
سو تو کر نگہبانی — مجھ عاصی کی +

۲
کمزور پہ فضل کر کے — تو مجھے تھام
دل میرا ساکن کر کے — تو بخش آرام
کہ دیکھ اور ساتھ میں رہوں — میں تیرے پاس
سب حالت میں نت دھروں — تجھی پر آس +

۳
جب میری راہ اندھیری — ہو میرا نور
تو مجھے بخش دلیری — اور خوف کر دور
تو میرا رہنما ہو — اور دے پناہ
اور آخر تک دستگیر ہو — اے یہوواہ +

(۲۸۷) دوسو ستاسیواں گیت (287)

۱
میرا حافظ ہو القادر
خوار ناچار میں تجھ پاس آتا
میری نیکی
میں ہوں تیرا دامنگیر
تیرے در کا میں فقیر
تیرے سامھنے ہی تقصیر +

۲
تیرے بندوں کی شراکت
تجھ کو چھوڑ جو دوسرا مانتے
اُن کے میل سے
میرے دل کو ہو منظور
دکھ بڑھاتے ہیں ضرور
میرا دل نت رہے دُور +

۳
برکت کی میراث اور پیالہ
میرا حصّہ میرا بخرہ
فقط وہ ہی
رب میں باقی میری جان
ہی خداوند عالیشان
میرا منجی اور چوپان +

۴
ای خداوند ہو مبارک
صلح اور صلاح کے مالک
ہم تا ابد
ہی تو قوی میری آس
ہی نجات صرف تیرے پاس
تیری کرینگے سپاس +

(۲۸۸) دوسو اٹھاسیواں گیت (288)

۱
تو اپنی ساری فکر
پورا بھروسا کرکے
جو راستہ وہ نکالتا
تو تیرے لئے بھائی
اور دل کے دکھ کا حال
پروردگار پر ڈال
ہوا اور بادل کا
راہ بھی نکالیگا +

۲
جو تو یہہ سچ مچ چاہے
مضبوط بھروسا کرکے
ہزاروں فکریں کرکے
پر دعا مانگنیوالا
کہ خاطر جمع ہو
پکار خداوند کو
تجھ ہاتھ نہ آتا ہی
خدا سے پاتا ہی +

۳
ای میرے باپ آسمانی
هر وقت تو بخوبی جانتا
اور جو کچھ میرے لئے
سو تو ضرور هی دیگا
تو رحم سے معمور
جو مجھ کو هی ضرور
تو جانتا فائده‌مند
جیوں نہ تجھے هی پسند +

۴
خوشوقت اور خاطر جمع
هرچند اب غم کے غار میں
خداوند رحم کرکے
تجھے بچا بھی لیگا
اب هو ای میری جان
تو پڑی هی حیران
عین وقت کے آنے پر
تب تک تو صبر کر +

۵
تو اپنی فکرمندی
حیران جو تجھے کرتا
کیا انتظام جہان کا
سب پر حکومت کرتا
اور خوف اور شبہے چھوڑ
منہہ اپنا اس سے موڑ
آ گیا تیرے هاتھ
خداوند حلم کے ساتھ +

(۲۸۹) دوسو نواسیواں گیت (289)

۱
تجھ پاس خداوندا
تجھ پاس خدا
هرچند مجھ کو صلیب
دے پہنچا
تو بھی یہہ گاؤنگا
تجھ پاس خداوندا
تجھ پاس خدا +

۲
دنیا کے جنگل میں
اندهیرا هی
پر تو رحیم خدا
نور میرا هی
خوش هو میں چلونگا
تجھ پاس خداوندا
تجھ پاس خدا +

۳
تو مجھے صاف دکھلا
آسمانی راه
تب کرے میری جان
حمد خاطر خواه
میں جلدی جاؤنگا
تجھ پاس خداوندا
تجھ پاس خدا +

۴
خدایا اپنے پاس
دنیا کا بیابان
شادمان میں آؤنگا
سب مجھے بلا
تب چھوڑونگا
تجھ پاس خداوندا
تجھ پاس خدا +

(290) دوسو نوّیواں گیت (۲۹۰)

۱
ایمان خدایا سب مجھے دے
اُس سے تسلّی سب مجھے دے
مضبوط ایمان تو بخش
کلام کر دل میں نقش +

۲
کر مجھ پہ مہر کی نگاہ
جان میری تکتی تیری راہ
کہ میں ہوں ناتوان
تو میری ہی چٹان +

۳
کمزور ایمان کو تو بڑھا
کلام کو دل میں تو جما
کر سب مجھے پایدار
تا رہوں تابعدار +

(291) دوسو اکیانویواں گیت (۲۹۱)

۱
خدایا سب مجھے دے ایمان
کہ جس سے بچے میری جان
ایمان جو زندہ ہو
یہہ بخش تو بندہ کو +

۲
ایمان جو حق سے بے ریا ہو
یسوع کی نیک کمائی کو
نہ شک سو جگہہ دے
وہ اپنی ہی کر لے +

۳
ایمان جو خالی بات نہ ہو
حقیر جو جانے دنیا کو
جو پیار سے ہو کامگار
جو نیکی سے سرشار +

۴
جو آخر تک بچاتا ہی
اور موت پر غالب آتا ہی
اور دکھ اور امتحان
بخش سب مجھے یہہ ایمان +

۵
رحیم خدا مجھ عاجز کو
ہر وقت تو میرا حافظ ہو
تو بخش دے حق ایمان
اور میرا نگہبان +

(۲۹۲) دوسو بانویواں گیت (292)

یسوع مسیح کا فضل	۱	ہمارے ہو ہمراہ
ہم یہاں ہیں مسافر		اور دیکھتے اُسکی راہ +
تنگ راہ پر چل نہ سکتے	۲	ایک قدم بھی بیشک
گر فضل ساتھ نہ رہے		اوّل سے آخر تک +
وہ فضل ہی یقینی	۳	ہمارے سب ایّام
بوقتِ پریشانی		وہ بخشتا ہی قیام +
جس فضل سے باپ دادے	۴	تھے دُکھوں میں بُردبار
وہ ہمکو بھی سنبھالے		جو حال کے دُکھ بردار +
جو دُکھ زیادہ بڑھے	۵	پکاریں باایمان
دو تُو آتا ہی مسیحا		جلد آ منجی توان +
تا جنگ میں ہٹ نہ جاویں	۶	بخشش فضل فراوان
کہ ہم مردانہ لڑیں		باصبر اور ایمان +
جلد فتح حاصل ہوگی	۷	مسیح کے خون ہی سے
تسکین اور طاقت ملتی		جنجال میں اُسی سے +
خداوندا تُو کان دھر	۸	پکارتا ہوں تجھ کو
کہ تُو سب کے ساتھ ہو فضل		اور میرے ساتھ بھی ہو +

(۲۹۳) دوسو ترانویواں گیت (293)

یہ زندگی کوتاہ ہی	۱	چند روز ہی رنج اُس کا
پر یہ زندگی آسمانی		سب بے غم لاانتہا +
کتنی ہی مبارک جزا	۲	دُکھ تھوڑا سُکھ اپار
انسان کے واسطے جگہ		بہشت میں ہی تیار +

۳
اب لڑنا هی لڑائی
که ایماندار کو ملتا
تب کرینگے هم راج
جلیل غیرفانی تاج +

۴
اب دوڑنا هی اور جاگنا
که بابل کی اسیری
اور صبر هی درکار
صیحون کو هی دشوار +

۵
تب دیکھینگے به نظر
تب جانینگے بخوشی
اندیکھا جو پیارا هی
"مسیح همارا هی" +

۶
نور صبح کا هو روشن
اور دن کی مانند هوگا
تب کریگا رات دور
دینداروں کا ظهور +

۷
خدا کو اپنا بادشاه
اور سدا سجده کرتے
وے دیکھکر هیں مسرور
وے اُس کے پاک حضور +

(بحر [illegible]) دوسوچورانویواں گیت (۲۹۴)

۱
"تھوڑی دیر" مسیح نے کہا
یہاں سہروگے تم نالہ
"پر وه خوشی هوگی سدا
"تھوڑی دیر" میں آؤنگا
"وقت هی یهه مصیبت کا
"جب میں پھر کے آؤنگا +

۲
تھوڑی دیر" یهه عمده وعده
دکھ اور غم جو تجھ پر آتا
یہاں جو صلیب اُٹھاتا
یاد تو کر ای میری جان
اِس سے هوتا هی آسان
اُس کو ملتا تاج شان +

۳
"تھوڑی دیر" مسیحی یارو
"تھوڑی دیر" ای دکھیارو
"تھوڑی دیر" ای ایماندارو
سفر هوگا تب تمام
دکھ سے پاؤگے آرام
تب یقیناً نیک انجام +

۴
"تھوڑی دیر" اور کُل کلیسیا
"تھوڑی دیر" اور ساری دنیا
"تھوڑی دیر" تب هلیلویاه
دولها اپنا دیکھیگی
اُس کے تابع هووینگی
ساری خلقت گاویگی +

(۲۹۵) دو سو پچانویواں گیت (۲۹۵)

۱
اب رھی تھوڑی دیر
تب اُن کے ساتھ جو سوتے ھیں
اُس روز عظیم کو تُو
اور اپنے خون سے سب گناہ
اور عمر ھی تمام
ھم پائینگے آرام
تیار کر میری جان
تُو دھو دے ای رحمان +

۲
اب تھوڑی دیر آفتاب
تب جہاں یسوع ھی آفتاب
پھر سدا کو غروب
ھم گائینگے کیا خوب
اُس روز شاندار کو وغیرہ +

۳
اور تھوڑی دیر بزور
تب بندرگاہ میں پہنچینگے
یوں چلتا ھی طوفان
ھم پاوینگے امان
اُس روز سالیم کو وغیرہ +

۴
سب رونا اور دوڑ دھوپ
ھی تھوڑی دیر کا تب خدا
دُکھ درد اِس سفر کا
سب آنسو پونچھیگا
اُس روز سعید کو وغیرہ +

۵
تُو تھوڑی دیر میں ربّ
تُو مُوا تھا اور جیتا ھی
آسمان سے اُتریگا
تا جیویں ھم سدا
اُس روز جلیل کو وغیرہ +

(۲۹۶) دو سو چھیانویواں گیت (۲۹۶)

۱
آسمانی گھر سے دُور
مبارک روح تُو میری سُن
پردیسی ھوں اُداس
آرام دے باپ کے پاس +

۲
کاش کہ میں اُڑ سکوں
دل میرا تیرا ای صیحون
اور جاؤں اپنے گھر
مشتاق ھی سراسر +

٣
دوڑ دھوپ اُٹھاتا ہوں
کب داخل ہونگا تجھ ہی میں
ہیں بیچ اس بیابان
ای خوش اور پاک مکان +

٤
تُو سدا ہو ہمراہ
ہو میرا حامی سفر بھر
عزیز خداوندا
اور گھر کو پہنچا +

دوسو ستانویواں گیت (٢٩٧) (297)

١
مخالف بے شمار
ای میرے دِل ہو خبردار
سب تجھے ستاتے ہیں
وہ تجھ پر آتے ہیں +

٢
تُو جاگ اور مانگ دُعا
تُو ہاتھ کو جنگ سے مت اُٹھا
دِلیر ہو اور نڈر
پر جی سے لڑا کر +

٣
مت ڈھونڈھ تُو اب آرام
جو جنگی ہو فتحیاب
کہ یہہ ہی جنگ کی جا
تاج اُسکو ملیگا +

٤
تب تک ای میرے دِل
سردار جب حکم دیویگا
آرام کو جان حرام
تب ہوویگا آرام +

دوسو اٹھانویواں گیت (٢٩٨) (298)

١
دُعا کر اور ہو بیدار
دشمن بھی ہیں بے شمار
سُستی کی جا یہہ نہیں یار
جاگتا رہ +

٢
اپنی فوج کو لے ہمراہ
تیری غفلت پر نگاہ
کرتا ظلمت کا بادشاہ
جاگتا رہ +

٣
بکتر باندھکے باایمان
گھات میں بیٹھا ہی شیطان
دُعا مانگتا رہ ہر آن
جاگتا رہ +

٤
سُن جو ہوئے فتحمند
کہتے با آواز بُلند
جنگ اُن کی تمام ہر چند
جاگتا رہ +

٥
ربّ کا جس کو کرتا پیار
"دُعا کر" اور ہو بیدار
یاد کر یہہ کلام ہر بار
جاگتا رہ +

	٦	
جاگنا ہے ضروری کام		اگر تو چاہے نیک انجام
کر تو دعا بھی مدام		جاگتا رہ +

(299) دوسو ننانویواں گیت (٢٩٩)

میں آسمانی زندگانی	١	کرتا اختیار
جو ہے فانی اور جسمانی		کرتا ہوں انکار
جو کچھ روکے میرے تئیں		اُس کلام کو مانتا ہیں
دور کر تو پیچھا اُس سلسلہ کا		اُوپر جو تیار +
وہ بلاتا سو میں جاتا	٢	برہ کے حضور
ہوشیاری اور تیاری		مجھے ہے ضرور
کوئی دوڑے دوڑے خوب		ہو وہ تاج اسکو مطلوب
جو آسمانی اور غیر فانی		غفلت ہووے دور +
یسوع تیرا بہتیرا	٣	رحم اور پیار
رہنمائی توانائی		بخشش جب میں ناچار
لوگ پھسلاویں دے قیام		گر چڑھاویں بخش آرام
تو ہدایت کر عنایت		کر ہوں ایماندار +
کھینچ تو مجھے کر میں تجھے	٤	جانتا ہوں ملجا
پائیداری استواری		عطا تو فرما
پاک کلام تو زندہ ہے		روح حیات بخشندہ ہے
جب آسمان میں داخل ہوویں		گاویں حمد سدا +

(300) تینسواں گیت (٣٠٠)

جاگ میری جان سب ڈر ہٹا	١	دور کر سب خوف کے خیالوں کو
آسمانی دوڑ میں دوڑا جا		دلیر بھی اور دل چلا ہو +
پرُ خار تو ہے اور تنگ وہ راہ	٢	اور آدمی تھکتے ناتوان
پر اُن کا ہادی ہے اللہ		وہ اپنی قوم کا ہے چوپان +

۳

خدا کي قدرت بے پایان
گذرتے جاتے سال زمان
هی بے تبدیل اور لازوال
پر بے زوال هی اُسکا حال +

۴

خدا کمال کے چشمے سے
گھمنڈي اپني طاقت کے
هم سدا طاقت پاوینگے
سو گرتے مرتے جاوینگے +

۵

تیري دستگیري قوي سے
جوان هي کي تیزردي سے
نت بڑھیگي هماري جان
هم دوڑکے پاوینگے آسمان +

(۳۰۱) تینسو پہلا گیت (301)

۱

اُٹھ میرے دِل سب ڈر هٹا
روح کي تلوار پکڑنا هی
اور لڑ ساتھ حکمت کے
شیطان گناہ سے لڑنا هی
مسیح کي قدرت سے +

۲

بہشت کے دَر کي طرف چل
کہ تیرا دشمن هی شیطان
هو پیرو پیشوا کا
مخالف هی تمام جہان
مسیح کے ساتھ رہ جا +

۳

اور جو تُو غالب آویگا
تو تُو بہشت کو جاویگا
رهیگا اُسکے ساتھ
حیات کا تاج تُو پاویگا
خداوند هي کے هاتھ +

(۳۰۲) تینسو دوسرا گیت (302)

۱

صلیب کا میں سپاهي هوں
اُسکا اقرار نہ کروں کیوں
اور پیرو برّہ کا
میں کیوں شرماؤنگا +

۲

جب اور لوگ بازي پانے کو
کیا میں آسمان کے جانے کو
هیں دوڑتے چُستي سے
چل رهوں سُستي سے +

۳

هیں دشمن میرے بے شمار
حیات کي راہ تو هي پُرخار
پُر بدي هی جہان
اور دنیا بے ایمان +

جنگ کرنا ٹھہرا میرا کام تب دیویگا تیرا کلام	۴	خداوند حامی ہو تسلی بندہ کو ✢

(303) تینسو تیسرا گیت (۳۰۳)

آسمان پر لکھا میرا نام تو خوف اور شک سے ہی آرام	۱	گر سب مجھے یہ یقین اور دل ہی پر تسکین ✢
جب دکھ کا بڑا ہو طوفان کیا خوف مجھے کہ بیچ آسمان	۲	اور زور ہو موجوں کا مسیح پاس جاؤنگا ✢
وہاں نہلاؤں اپنی جان نہ دکھ نہ رنج ہی بیچ آسمان	۳	حیات کے چشموں میں پر کامل برکتیں ✢

(304) تینسو چوتھا گیت (۳۰۴)

مسیحا تیرا ہی یہ کام جو تیرا ہی سو ہی مدام پر دانہ گر نہ مریگا صرف موت سے ہوتا ثمر شاد یہ موت آزاد	۱	کہ جس میں ہم مصروف نہ ہو سکتا موقوف زمین میں بے پھل رہیگا جب خاکی ذات سے ہی آزاد خود غرضی سے آزاد ✢
صلیب اور موت کی راہ ای رب اور اسی راہ پر چلتے سب پس ہیں بھی اپنے نزدیک دریائے موت کے پار بڑھا نور میں چڑھا	۲	تو چلا ہی آسمان جو لاتے ہیں ایمان دکھ اور جلال میں کر شریک اور نور میں اپنے پاس چڑھا اس ظلمت سے چڑھا ✢

(305) تینسو پانچواں گیت (۳۰۵)

۱
مُسافروں کے گروہ
مسیح ہمراہ تمھارے
خوشوقت ہو اور شادمان
اور منزل ہی آسمان +

۲
مسیح نے کروس اٹھایا
اور اپنی قوم کے لیئے
آسمان پر اب تاجدار
راہ اُس نے کی تیار +

۳
پس روز صلیب اُٹھاکے
دُکھ سفر کا چند روز ہی
تم اُس کے پیرو ہو
پس صبر سیکھیئے +

۴
ایمان میں تم مضبوط ہو
محبّت میں بڑھ جاکے
اُمید میں پائیدار
خوشوقت تم ہو ہر بار +

۵
سب دُکھ اور غم تمھارے
جلال کو پیدا کرتے
تکلیف اور اِمتحان
لاآخر سب بیان +

۶
مُسافرو آسمان پر
تمھارے باپ کے گھر میں
تم کرو نت نگاہ
تیار ہی آرامگاہ +

(306) تینسو چھٹواں گیت (۳۰۶)

۱
یسوع راہ میں ساتھ لے چلتا
اُس کا پیار میں بیحد پاتا
میں آسمانی طاقت پاسکے
جو کچھ خطرہ مجھ پر آوے
مجھ کو اور کیا ہی ضرور
وہ ہی راہ میں میرا نور +
رہونگا نت ایماندار
یسوع ہوگا مددگار +

۲
یسوع راہ میں ساتھ لے چلتا
ہر تکلیف کو ہلکی کرتا
جب میں تھککے ٹھہر جاتا
تب چٹان سے پانی آتا
میری خبر لیتا ہی
من آسمانی دیتا ہی
دل جب ہانپا کرتا ہی
میری پیاس کو بھرتا ہی +

۳
یسوع راہ میں ساتھ لے چلے
تو کیا خوشی مجھ کو ملے
میں جب ہونگا غیرفانی
گاؤنگا تب باشادمانی
پریم سے بھرا سراسر
جاؤنگا جب باپ کے گھر
جب آسمان پر پہنچونگا
یسوع میرا ہادی تھا +

(307) تینسو ساتواں گیت (۳۰۷)

۱
یسوع آگے جا
ہم سے اور بلمب نہ پڑے
اپنا ساتھ بڑھا
سورگ کا مارگ دکھا
ہر ایک تیری ڈگ پر چلے
ہم کو کھینچ چلا +

۲
من میں ڈھارس ڈال
کہ جب سنکٹ ہم پر آوے
تنگ میں ہووے دھام
اُس کو تھانبھ سمبھال
کوئی نہ نراشش ہو جاوے
سورگ میں ہی بشرام +

۳
پربھو جیون بھر
ہم کو پھیرے تیری دیا
سورگ میں اپنے پاس
ہم پر دریشٹی کر
اور جب جیونکال بیت گیا
ہم کو دے نواس +

(308) تینسو آٹھواں گیت (۳۰۸)

۱
بندے کو خداوندا
مہر کر مجھ عاصی پر
کر قبول اور معاف فرما
میرے دل کو نیا کر +

۲
بدی سے سب مجھے بچا
میرے دل میں فضل بھر
حامی ہو اور رہنما
اپنی اُلفت جاری کر +

۳
میں پلید پر تُو رحیم
جتنے تیرے اُمیدوار
تیرا فضل ہی عظیم
ہوتے ہیں نیکبخت ہر بار +

۴
پیاروں میں تُو پیارا ہی
دل سے کر مجھے مسرور
آسرا تجھ پر سارا ہی
رکھ سدا اپنے حضور +

تقدیس

(309) تینسو نواں گیت (٣٠٩)

١
مسیح کا صدق اور لہو پاک
اِس جامہ میں ھونگا شادمان
ھیری نفیس جلیل پوشاک
جب شعلہ‌زن ھو کُل جہان +

٢
اُس روز سے میں ھوں بےپروا
مصلوب سب خوف اور سزا سے
کون مجھ پر دعوی کریگا
تُو نے بچایا ھی مجھے +

٣
مسیح کی راستی کی پوشاک
یہہ عالم خاک اور فانی ھی
ھی ابد تک نفیس اور پاک
پر وہ پوشاک غیرفانی ھی +

٤
ای یسوع مُردوں کو جِلا
کہ تیرا صِدق اور لہو پاک
اُسیری سے ھمکو چُھڑا
ھماری ھی جلیل پوشاک +

([illegible]) تینسو دسواں گیت (٣١٠)

١
میری زندگی تُو لے
لے تُو دِن اور وقت بھی سب
اپنی مُہر اُس پر دے
ثنا تیری ھو ای ربّ +

٢
کر قبول اِن ھاتھوں کو
پانو بھی کر تُو تابعدار
اِن سے تیری خدمت ھو
ھوویں تیز اور خوش رفتار +

٣
یہہ آواز بھی تیری ھی
میرے دِل کو بھی تُو لے
تیری حمد میں سیری ھی
اُس میں آکے رونق دے +

٤
عقل کی کُل طاقتیں
مرضی اپنی دیتا ھوں
کام میں تیرے صَرف ھوویں
تیری مرضی لیتا ھوں +

٥
اُلفت کا خزانہ بھی
مجھ کو لے سب سرتاپا
لاتا ھوں میں بخوشی
تیرا نت میں رھونگا +

(311) تینسو گیارھواں گیت (۳۱۱)

۱ میرے پاپ کیا دھوویگا — پربھو ہی کا لہو کیول
مجھے شدھ کیا کریگا — پربھو ہی کا لہو کیول

کورس۔ وہ کیسا سوتا ہی — ہو اُس کے گُن کی جَی
نہ دوسرا ہی آیا ہی — پربھو ہی کا لہو کیول +

۲ کیا دے سکتا نرملتا — پربھو ہی کا لہو کیول
کارن کیا ہی کشما کا — پربھو ہی کا لہو کیول +

۳ کارن ہی ملاپ کا کیا — پربھو ہی کا لہو کیول +
کچھ نہ میری یوگیتا — پربھو ہی کا لہو کیول

۴ یہہ ہی میری پوری آس — پربھو ہی کا لہو کیول
یہی دھرم میرے پاس — پربھو ہی کا لہو کیول +

ستائش اور شکرگذاری

(312) تینسو بارھواں گیت (۳۱۲)

۱ اے خدا کمال کے چشمہ — مجھ سے اپنی حمد کروا
تیری مہر ہی لاثانی — قائم دائم بےبہا
تیرا پیار ہی بےنہایت — لازوال بےانتہا
اُسکی مجھ سے اے خداوند — اب تعریف کا گیت گوا +

۲ ابن خدا تو مسیحا — ہوا میرا مددگار
تیرے فضل سے میں ہونگا — غم کے اِس دریا سے پار
تھا میں بھولی بھیڑ کی مانند — گلہ چھوڑ آرام بدون
تو اُنھیں کھوجنے اور بچانے — آیا بہایا اپنا خون +

۳
عمر بھر میں گاتا رہوں
اپنے کرم سے خداوند
تجھ سے پھرنے کو تو سدا
مہر کر تو میرے دل پر
تیرے فضل کی سپاس
رکھ تو مجھے اپنے پاس
امتحان بہتیرا ہے
ابد تک تو میرا ہے +

تینسو تیرھواں گیت (۳/۱۴)

۱
ملاؤ آواز
بجاؤ تم بین
نجات اور رہائی
پس اے ایماندارو
مسیحی اخوان
خدا ہے رحمان
نت بخشتا غفور
ہو خوش اور مسرور +

۲
وہ پروردگار
سیر کرتا ہے روز
کہ وہی چمکاتا
اور بارش سے تر کرتا
ہے رب الحیات
تمام مخلوقات
آفتاب اور ماہتاب
زمین کو سیراب +

۳
تم سجود کرو
جہان کا سلطان
ہزاروں فرشتے
جو چھیڑتے ہیں بربط
اے سب خلق اللہ
ہے قادر اللہ
ہیں اُسکے آسپاس
اور کرتے سپاس +

۴
غیر قومو تم سب
خداوند مسیح
خلاصی بخشندہ
گناہ کی معافی
اب لاؤ ایمان
ہے سچا چوپان
ہے اُسکا کلام
ہے اُس کا انعام +

۵
ستائش اور حمد
اب کرو بدل
وہ اپنوں کی سدا
پس خوش ہو اور خرم
مسیحی اخوان
خدا ہے رحمان
ہے ڈھال اور پناہ
اے قوم اللہ +

(3/14) تینسو چودھواں گیت (۳/۱۴)

۱
خداوند کو ای میری جان
تو اسکی نعمتیں نہ بھول
تو کہہ مبارکباد ھر آن
شکرانہ میں تو ھو مشغول +

۲
مسیح کی خاطر سے اللہ
اور دکھ بیماری سے تمام
معاف کرتا تیرے سب گناہ
وہ تجھے دیتا ھی آرام +

۳
ھلاکت سے وہ تیری جان
اور شفقت اور رحمت کا
بچاتا ھی ھر خوف کی آن
تاج تجھ پر رکھتا ھی خدا +

۴
وہ دیتا ھی ھر اچھی چیز
کہ جس سے ھوتی تیری جان
جو روح اور بدن کو عزیز
عقاب کی مانند نوجوان +

۵
ای میرے دل ای میری جان
تو کہے جا مبارکباد
خداوند کو ھر روز ھر آن
اور کر تعریف ابدالآباد +

(3/15) تینسو پندرھواں گیت (۳۱۵)

۱
ھر نعمت کے میں بدلے میں
خداوندا دوں تجھے کیا
جو تو نے مجھے دی
جو اتنی مہر کی +

۲
نجات کا پیالہ ای خدا
اور تیرا ھی مقدس نام
میں اب اٹھاؤنگا
میں دل سے گاؤنگا +

۳
پاک نذریں ادا کرنے کو
میں تیرے گھر میں آؤنگا
سبھوں کے روبرو
ھو میرا حامی تو +

۴
مبارک تیرے بندے ھیں
شکرگزاری کے ذبیح
خوشی سناؤنگا
میں اب گذرانونگا +

(316) تینسوسولھواں گیت (۳۱۶)

رب کا ای بھائیو | ۱ | نیا گیت گائیو
هلّیلویاه | | مجلس کے درمیان
گاؤ بجوش الحان | | دل سے خدا کي شان
وهي هي شاه +

ای بني اسرائیل | ۲ | منجي عمانوئیل
هووے محمود | | غیر قومیں آوینگي
صیحون کو جانینگي | | یسوع میں گاوینگي
سچّا معبود +

جو اُسکے ایماندار | ۳ | اُن سے خدا غفّار
هی رضامند | | وه سب جو هیں حلیم
اُن کو خدا رحیم | | بخشتا نجات عظیم
کرتا خرسند +

پاک لوگو عمر بھر | ۴ | اپنے پاک ورجوں پر
گاؤ هرگاه | | رب کي ستائش سے هو
بندو تم حاضر هو | | نیا گیت گائیو
هلّیلویاه +

(317) تینسوسترھواں گیت (۳۱۷)

اب خدا کو شاه آسماني | ۱ | کهه مبارک میري جان
رحمتوں کي فراواني | | دل میں رکھکے کر شکران
هلّیلویاه هلّیلویاه | | هو قیوم کي ثناخوان +
اُسکي شفقت بےنهایت | ۲ | نعمتیں هیں بیشمار
صبر برکت اور هدایت | | دینے کو وه هی تیار
هلّیلویاه هلّیلویاه | | هی یهوواه وفادار +

	۳	
مثل باپ کے وہ رحیم ہی		ستاتی حافظ اور غفور
گود میں لیکے جو سکون ہیں		دشمنوں کو کرتا دور
ہلیلویاہ ہلیلویاہ		رحمت سے وہ ہی معمور +
	۴	
ساجد ہو تم ای ملائک		پاتے رب کا تم دیدار
برگزیدے ہر اقوام کے		جھکتے ہو خدمتگذار
ہلیلویاہ ہلیلویاہ		ہم بھی شہر میں ہوں شمار +

(۸/۳) تینو اٹھارھواں گیت (۱۸/۳)

۱ آسمانی سب باشندو خوش الحان | اب لائق طور سے گاؤ حمد کے گان
لاآخر ہلیلویاہ +

۲ جو ابدی نور کے سامھنے حاضر ہو | ای قدرتوالو گاؤ قادر کو
لاآخر ہلیلویاہ +

۳ پاک شہر کے باشندو ہو خرسند | جواب میں کرو سب آواز بلند
لاآخر ہلیلویاہ +

۴ تم بھی جو پہنچے ہو منزل مقصود | اور غالب ہوئے گاؤ خوشنود
لاآخر ہلیلویاہ +

۵ آواز ملا سب گاؤ واں ہر گاہ | مسیح کو جانو اپنا شاہنشاہ
لاآخر ہلیلویاہ +

۶ سفر پردیسیوں کا جب تمام | یہہ حمد ہی اُن کی سیر ہی اور آرام
لاآخر ہلیلویاہ +

۷ تو جو سب چیزوں کا ہی کردگار | تعریف کر تیری سب ہوں خوش گفتار
لاآخر ہلیلویاہ +

۸ قادر مسیح ہم بندے آتے ہیں | تجھ پاس اور دل اور جان سے گاتے ہیں
لاآخر ہلیلویاہ +

(319) تینسو اُنیسواں گیت (۳۱۹)

خوشدلی سے گاؤ حمد ھلّیلویاہ
ھلّیلویاہ ھلّیلویاہ
گاتے سب خوش ھو ھو کر ھلّیلویاہ ھلّیلویاہ
گاتے ھیں خوش ھو کمال ھلّیلویاہ ھلّیلویاہ
اور ستارے بیشمار ھلّیلویاہ ھلّیلویاہ
ای گرج اور بجلی چمکدار
ای لہرو ای برف اور آندھیو
ای سایہ دار درختستان سُناؤ ھلّیلویاہ
تعریف میں گاویں خالق کی ھر بار ھلّیلویاہ ھلّیلویاہ
دُھراویں یہہ مقال ساتھ خلقت کے ھلّیلویاہ ھلّیلویاہ
اور وادیاں شیرین آواز سے گاویں ھلّیلویاہ
تم بّرِ اعظمو جواب میں گاؤ ھلّیلویاہ
ھر وقت اِس حمد کا نغمہ ھو ھلّیلویاہ ھلّیلویاہ
یہہ پاک سرود مسیح کو ھی منظور ھلّیلویاہ
شیرین آواز سے بچے بھی سُناویں ھلّیلویاہ
خداوند کی ھلّیلویاہ
روح بیٹے کے ھیں پرستار

اپنے بادشاہ کی تعریف گاوے اُمتِ شریف
مُغنّی عالم بالا پر
خُلد میں رھتے جو نہال
سب سیارے رونقدار
ای ابر اور نسیم بہار
سب آواز مِلا کے گاؤ ھلّیلویاہ
ای فضا صاف پالے اور گرمیو
پہلے پرند خوبصورت اور رنگدار
پھر سب چرند شیرین آوازوں سے
تب کوھستان بہ زور اور شور اُٹھاویں ھلّیلویاہ
سمندر کے گہراؤ تم مچاؤ ھلّیلویاہ
کُل عالموں کے خالق کو
یہہ گیت خدا کو پسند ھی ضرور ھلّیلویاہ
پس ھم بہ دِل اور جان یہہ راگ اُٹھاویں ھلّیلویاہ
اب گاویں سب اِنسان ھر گاہ
بہ ھلّیلویاہ ھم ھر بار
الحمد تثلیث مُقدس کو

ھلّیلویاہ ھلّیلویاہ ھلّیلویاہ ـ آمین +

(320) تینسو بیسواں گیت (۳۲۰)

یسوع کی میں بھیڑی ھوں
اچھا میرا ھی چرواھا
مجھے خوب چراتا ھی

پس میں خوشی کر رھوں
اُس نے مجھے دِل سے چاھا
نام سے لے بلاتا ھی +

ستھری میری چراگاہ
کیا لذیذ خوراک ہی میری
راحت کے چشموں کے پاس
۲ تجھہ پر اُس کی ہی نگاہ
اُس سے ہوتی روح کی سیری
وہ بجھاتا میری پیاس ✣

میں مبارک بھیڑی ہوں
مروں جو تو خوش سرود میں
وہاں خوشی ہی کمال
۳ کیا میں خوشی نہ کروں
جاؤنگا مسیح کی گود میں
وہاں میں ہوں مبارک حال ✣

(321) تینسواکیسواں گیت (۳۲۱)

۱ اب میں نے پایا اُس چٹان کو
مسیح کے زخموں میں یقیناً
نت قائم رہتی یہہ چٹان
جو ہی ایمان کی لنگرگاہ
جان میری پاتی ہی پناہ
جب نیست بھی ہوں زمین آسمان ✣

۲ ای باپ یہہ تیری دائم رحمت
قبول تو کرتا گنہگار کو
پدرانہ شفقت سے معمور
ہی باہر سارے فہم سے
نہایت گرم اور رحم سے
ہی تیرا دل عزیز غفور ✣

۳ کہ ہم ہلاک ہوں تو نہ چاہتا
نجات کو اُترا وہ زمین پر
وہ دل کے در پر آتا ہی
پر بیٹا بخشا پُر پیار
اور اب آسمان پر ہی تاجدار
اور زور سے کھٹکھٹاتا ہی ✣

۴ ای پیار الٰہی کیا عمیق ہی
ناراستی میری ڈھانپی گئی
مسیح کا خون ہمیشہ کو
سمندر سا اپار اتھاہ
مٹائے گئے سب گناہ
پکارتا "رحمت رحمت ہو" ✣

۵ اِس رحمت پر میں دل اور جان سے
ہر وقت ہر حال میں اِس چٹان پر
اِس بات سے سدا ہوں مسرور
تکیہ کرونگا مُدام
میں پاتا عمر بھر قیام
"خدا ہی رحمت سے معمور" ✣

(322) تینسو بائیسواں گیت (۳۲۲)

۱
ایک یار میں نے پایا
اور اُسی نے بچایا
خدا کی رحمت سے
سب مُجھے ہلاکت سے +

۲
گناہ میں نے کیا
پر اُس نے سب بخش دیا
قرض ہوئے بیشمار
اور ہوا مددگار +

۳
مجھ عاجز کو دیکھکر
کمزور پر ترس کھاکر
تسلّی اُس نے دی
پھر طاقت سب مجھے دی +

۴
سو میں بھی تن اور من کو
نجات وہ دیگا مجھ کو
اُسی کو سونپتا ہوں
کہ جنت خوشحال ہوویں ہم

(323) تینسو تیئیسواں گیت (۳۲۳)

۱
مژدۂ فضل کیسی بات شیریں
اُس کی خبر پھیلیگی
اُس سے دل کو ہی تسکین
ہر قوم اُسے سُنیگی +

۲
تاکہ آدمیوں کی ذات
فضل سے ہی انتظام
پاوے دوزخ سے نجات
تعریف اُسکی ہو مُدام +

۳
فضل راہ سکھاتا ہی
اگر فضل ہو ہمراہ
راستی بھی کرواتا ہی
پھر نہ ہووینگے گمراہ +

۴
تکیہ اُس پر جس کا ہی
فضل سے وہ بچیگا
قائم آسرا اُس کا ہی
اور آسمان میں پہنچیگا +

(324) تینسو چوبیسواں گیت (۳۲۴)

۱
خوشی کیسی خوشی
چھوڑتے بھٹکی بھیڑی
جب بُطلان کی راہ
لے آسمان کی راہ +

جب کہ ہوش میں آکے
اور چوپان کو پاکے
۲ وہ پچھتاتی ہی
جھنڈ میں آتی ہی +

ایک رجوع جب لاوے
پر ایک قوم جب آوے
۳ بڑی خوشی ہی
بیحد خوشی ہی +

لو چوپان بلاتا
کاش کہ ہر ایک آکے
۴ اپنے پاس سب کو
اُسکا پیرو ہو +

یسوع فقط سچا
اُس نے اُنکے واسطے
۵ بھیڑوں کا چوپان
دے دی اپنی جان +

تا اُنھیں بچاوے
اُن میں ہر ایک پاوے
۶ جان کی دے نجات
ابدی حیات +

یسوع حسب کر پورا
کر ایک گذریا
۷ اپنے وعدہ کو
اور ایک گلہ ہو +

عبادت

(325) تینسو پچیسواں گیت (۳۲۵)

خدا کے سرافین
کرتے بلند ترین
نورانی ہوکے گاتے ہیں
"قدوس خدا
۱ اپنی آواز شیرین
وہ اپنا منہہ چھپاتے ہیں
قدوس قدوس خدا
"خداوند فوجوں کا" +

کلیسیا یسوع کی
تعریف خداوند کی
اُس کی وہ ہوتی ثناخوان
"مصلوب کی حمد
۲ دل جان سے گاتی بھی
سلامتی کا جو ہی سلطان
برہ کی ہووے حمد
"برہ اور باپ کی حمد" +

بیٹا پھر آویگا
یہاں پھیلاویگا
پر مومن سر اُٹھائینگے
"ہلیلویاہ

۳ اور راج صداقت کا
تب دشمن دیکھ گھبراوینگے
خوش ہو کے گائینگے
"یسوع کو ہوشعنا" +

(۳۲۶) تینسوچھبیسواں گیت (326)

یسوع مالک زیست اور شان کے
تجھے ڈھونڈھتے دل اور جان سے
اپنی مہر سے

۱ تو آسمان سے نظر کر
یار بیکس کے کان تو دھر
ربّ رحیم ہمیں بچا +

دل کی سختی اور گناہ سے
سب مغروری حرص اور ڈاہ سے
اپنی مہر سے

۲ غفلت اور مکّاری سے
کینہ اور بدکاری سے
ربّ رحیم ہمیں بچا +

جس وقت ہم کو سخت آزماویں
حملہ کر ہم کو ستاویں
اپنی مہر سے

۳ دنیا جسم اور شیطان
اور نزدیک ہو امتحان
ربّ رحیم ہمیں بچا +

خواہ آسائش ہو ہماری
خواہ مصیبت اور بیماری
اپنی مہر سے

۴ صحت سیری اور سرور
اور تکلیف سے ہوں رنجور
ربّ رحیم ہمیں بچا +

مرتے دم ہمارے پاس ہو
تو ہماری جان کی آس ہو
اپنی مہر سے

۵ اور انصاف کے روز عظیم
اور پناہ ای ربّ رحیم
آخر تک ہمیں بچا +

(۳۲۷) تینسوستائیسواں گیت (327)

ای بھائیو ہم خداوند کے
ہم جاویں خوشی سے معمور

۱ گیت گاویں خوش آوازی سے
اور حمد سے اُسکے حضور +

۲ یہوواہ ہی برحق خدا
ہم بھیڑیں ہیں وہ ہی چوپان
ہی مالک دین اور دنیا کا
پروردگار اور نگہبان +

۳ اب جمع ہو اُس کے حضور
ہاں ثنا اور ستائش ہو
ہم اُس کی حمد سے ہوں مسرور
ہمیشہ تک خداوند کو +

۴ کہ اُسکا عدل ہی مدام
قول اُسکا رہیگا بیشک
اور اُسکا فضل بالدوام
زمانوں کے زمانوں تک +

(328) تینسو اٹھائیسواں گیت (۳۲۸)

۱ عبادت کو جب جاتے ہیں
شکر اور حمد بجالانے کو
حضور خدا کے آتے ہیں
اور برکت اُس سے پانے کو +

۲ کیا ہی مبارک اُس کا نام
جب اُس کے جاتے ہیں حضور
وہ ہی یہوواہ لاکلام
ادب سے جاتا ہی منظور +

۳ وہ جانتا ہی ہمارے خیال
پس ڈر کے ساتھ جھکاویں سر
وہ دیکھتا ہی ہماری چال
اور گریں اُس کے قدم پر +

۴ اسی ربّ موجود اِس وقت تو ہو
جو آپ کو جانتا حاجتمند
دے فضل اپنے بندوں کو
تو اُس کو کریگا سربلند +

(329) تینسو اُنتیسواں گیت (۳۲۹)

۱ ہم اِس وقت میں تیرے گھر
تیری بات کو سننے پر
باطل خیال ہم چھوڑکے آویں
حاضر ہوئے یسوع پیارے
مائل ہوویں دل ہمارے
تیری طرف رجوع لاویں +

۲ دل اور فہم بشروں کے
اپنے روح کی روشنی سے
سب قول خیال اور نیک اعمال
آپ سے آپ تو ہیں اندھیارے
کر تو روشن فہم ہمارے
رکھتا دل میں تو بحال +

۳
ذوالجلال خداوندا
اپنے روح سے تو کھلوا
گیت ہم دل اور جان سے گاویں
نور کے بانی یسوع پیارے
دل زبان اور کان ہمارے
وعظ نماز پر دل لگاویں+

(۳۳۰) تینسوتیسواں گیت (330)

۱
اہی دنیا دل سے پرے ہو
ہو میرا دل عبادتگاہ
اور فرصت دے عبادت کو
مسیحا مجھ پر رکھ نگاہ+

۲
دل کو اُبھار خداوندا
روح تیرا ہم میں حاضر ہو
پاک خواہشیں اسمیں اُگا
اور دے توفیق عبادت کو+

۳
نام تیرا یسوع کیا عزیز
نجات کی خوبی جتنی ہو
کلام کی لذّت کیا لذیذ
نامعلوم ہی فرشتوں کو+

۴
شکر تعریف اور ثنا ہو
ہاں سجدہ کریں آدمزاد
ہمیشہ تک خداوند کو
خداوند کو ابدالآباد+

(۳۳۱) تینسواکتیسواں گیت (331)

۱
دکھ سے جب ہم ہوں رنجور
آنسو بہیں فراوان
دل نہایت ہو مجبور
سن ای یسوع مہربان+

۲
تو نے پہنا جسم کو
تو غمزدہ تھا انسان
اور ہمارا ضامن ہو
سن ای یسوع مہربان+

۳
تو ہمارا عوضی
تا خلاص ہو میری جان
سہتا تھا بےحرمتی
سن ای یسوع مہربان+

۴
تو مصلوب بھی ہوا تھا
باپ کو سونپی اپنی جان
سر جھکا کے موا تھا
سن ای یسوع مہربان+

جب گناہ کے زخموں سے ھو ھمارا دل حیران	۵	اور شیطان کے حملوں سے سن ای یسوع مہربان +
جب اس فانی عالم سے تب تو تھام ھماری جان	۶	جانے کی تو رخصت دے سن ای یسوع مہربان +

(332) تینسو بتیسواں گیت (۳۳۲)

مبارک نوبت دعا کی میں اپنے باپ کے پاک حضور دعا سے دکھ اور غم کی آن آزمائش سے بھی بچتا ھوں	۱	جب چھوڑکے فکر دنیاوی سب اس سے مانگوں جو ضرور تسلی پاتی میری جان جب دعا کرکے جاگتا ھوں +
مبارک نوبت دعا کی یاد کر میں سوچتا اس کا پیار وہ تو میرے منہہ کا طالب ھو" اور اپنی فکر سراسر	۲	جب اپنے باپ کے وعدہ کی اور برکت کا ھوں امیدوار پھر سن میں ڈھونڈھتا اسی کو دعا میں ڈالتا اسی پر +
مبارک نوبت دعا کی ھو میری جب تک بیچ آسمان تب خاک سے اٹھکے یسوع پاس اور سدا اس کے روبرو	۳	اس سے تسکین اور تازگی میں پاؤں ابدی مکان نورانی پاؤنگا لباس خوشحال میں ھونگا ھوبہو +

(333) تینسو تینتیسواں گیت (۳۳۳)

اب رخصت کر خداوندا کر سب قصوروں کو معاف	۱	ھم سب پر برکت تو بہا کر دلوں کو کلام سے صاف +
ھم سب کے سب ھیں گنہگار اب بندگی قبول کر لے	۲	پر فضل تیرا ھی اپار اور رخصت کر سلامتی سے +

خدا کا کلام

(334) تینسو چونتیسواں گیت (۳۳۴)

خدایا منّت میري سُن	۱	اور میري مدد کر
کر تیرے پاک کلام کو سُن		حفظ کروں عمر بھر +
تُو غفلت اور دِل سختي کو	۲	کر مجھ سے دُور تمام
تا مجھ میں نہ بے اثر ھو		تیرا عزیز کلام +
سُننے کے کان خدایا دے	۳	پاک روح کي برکت بخش
تُو نرم دِل مجھے ایسا دے		کر اُس میں بات ھو نقش +
کر اُسے مجھ میں خوب پھلدار	۴	تا تیرا نام شریف
میں کروں عمر بھر آشکار		اور تیري پاک تعریف +

(335) تینسو پینتیسواں گیت (۳۳۵)

تیرا کلام ھی پاک اور راست	۱	اھی مھربان خدا
ھی سیح اور حق بے کم اور کاست		عزیز اور بے بہا +
میں تجھ سے منّت کرتا ھوں	۲	کلام کی دانش دے
اور جو میں اُس میں پڑھتا ھوں		وہ دِل میں دَر آوے +
کلام کے معنے تُو سِکھا	۳	نجات کے پانے کو
تُو مجھے اُس کا بھید بتا		اور میرا ھادي ھو +

(336) تینسو چھتیسواں گیت (۳۳۶)

بیبل ھی کلام اللہ	۱	ظاھر کرتي حق کي راہ
حق کے متلاشي پر		حق کو کرتي جلوہ گر +

۲
غافل کو جگاتی ہی
رب کی باتیں بولتی ہی
پھیر گمراہ کو لاتی ہی
بھید نجات کا کھولتی ہی+

۳
کرتی خوش اُداسوں کو
تیرگی کو کرتی دُور
کرتی سیر پیاسوں کو
آنکھوں کو وہ بخشتی نور+

۴
مجھے اپنے رحم سے
کر میں دل میں روشن ہو
اى خدا یہہ طاقت دے
سمجھ لوں پاک بیبل کو+

(337) تینسوسینتیسواں گیت (۳۳۷)

۱
خداوندا تیرا پاک کلام
اور تیرے سارے قول قرار
ہی ثابت اور برحق مُدام
ہیں بےتبدیل اور پائیدار+

۲
جب تیرا ہوا تھا فرمان
اور آج تک سب کچھ قائم ہی
خلق ہوئے تب زمین آسمان
کہ تیرا حکم دائم ہی+

۳
جب میرے تئیں اذیت ہو
اُس پر رت میری ہی نگاہ
تب سوچتا ہوں شریعت کو
ہلاکت سے وہ ہی پناہ+

۴
پھر تیری پاک انجیل کی بات
میں عاجز ہوں خداوندا
بتلاتی مجھے راہ حیات
میں طالب ہوں راستبازی کا+

۵
سب چیزیں ہونگی نیست نابود
پر بےپایان بےحد مُدام
سب چیزوں کی ہیں حد حدود
یہوواہ کا ہی پاک کلام+

(338) تینسواڑتیسواں گیت (۳۳۸)

۱
اى رب کھول میری آنکھوں کو
کلام اللہ کے پاک مضمون
کہ مجھے حق کی سمجھ ہو
کر ظاہر میرے اندرون+

۲
میں ہوں مسافر اى خدا
تیری شہادتوں کا بھی
نہ اپنی بات مجھ سے چھپا
ہر دم مشتاق ہی میرا جی+

طریقہ اپنے قاعدوں کا	۳	تو اپنے بندوں کو سمجھا
جو تیرے ھیں عجائب کام		میں سمجھونگا تب لا کلام +
تو میرا مردہ دل جلا	۴	اور مجھے نیا زور دلا
تب راہ میں تیرے حکموں کی		میں دوڑونگا باخرمی +

تینسو انتالیسواں گیت (339) (۳۳۹)

بیبل بیبل پاک کتاب	۱	تو خزانہ بے حساب
دیتی ھی تعلیم کمال		ظاھر کرتی میرا حال +
تنبیہہ دیتی ھی صریح	۲	صاف دکھاتی ھی مسیح
حق کی راہ چلاتی ھی		دل میں پیار اُگاتی ھی +
دکھ میں ھی تو میری یار	۳	تو بیمار کی مددگار
تو بتاتی وہ ایمان		جس سے بچے میری جان +
پاک بہشت کا حال عجیب	۴	دوزخ کا جو حال مہیب
سب بتاتی پاک کتاب		تو خزانہ بے حساب +

پاک شراکت

تینسو چالیسواں گیت (340) (۳۴۰)

ای بھوکے پیاسے جتنے ھو	۱	اب آؤ با ایمان
کر سب کے لیئے آتے جو		ھی بچھا دسترخوان +
لو اپنے ھاتھ پھیلاتا ھی	۲	مسیح مصلوب کر پیار
اور سبھوں کو بلاتا ھی		کہ پاس آؤ جو زیربار +
یسوع کا دل کشادہ ھی	۳	اور الفت سے بھرپور
وہ آپ ھی سے ملاتا ھی		گناہ سے جو رنجور +

۴ پس آؤ فرزندو خدا کے
اور رب کی بڑی اُلفت سے
اور چکھو برکت کو
تم دل سے شاکر ہو +

(341) تینسو اکتالیسواں گیت (۳۴۱)

١ آراستہ ہو اے میری جان
جانچ اپنے کو آراستہ ہو
کہ بچھا ہے اب دسترخوان
خداوند کی ضیافت کو +

۲ تو نے خدایا مہر کی
اے باپ رحیم تیرا فرزند
کہ پاک فرزندی مجھے دی
پاک عشا کا ہے آرزومند +

۳ اپنے نہایت فضل سے
بے ریا غم گناہوں کا
آراستگی تو مجھے دے
اور حق ایمان دے منجی کا +

۴ خداوند میرا تو حبیب
میں بھوکھا پیاسا آتا ہوں
میں تیرا بندہ ہوں غریب
آسودہ ہوا چاہتا ہوں +

۵ مسیح جو نعمت تیری ہے
آراستہ ہو اے میری جان
اُسی سے دل کی سیری ہے
دیکھ بچھا ہے اب دسترخوان +

(342) تینسو بیالیسواں گیت (۳۴۲)

١ آب زمانوں کی چٹان کا
لہو بھیڑوں کے چوپان کا
جو مسیح مصلوب سے آتا
صحت اور حیات دلاتا
برکت اور نجات کی دھار
شفا بخش اور تازہ کار
کرم اور رحمت سے معمور
وہی ہمکو ہے ضرور +

۲ مجھ بیمار اور گنہگار کو
اے مصلوب تو مددگار ہو
دسترخوان پاس جب میں جاؤں
سب گناہ کی معافی پاؤں
اپنے خون سے صحت دے
مجھے اپنی آڑ میں لے
فضل کر کہ میں تحقیق
تیرے خون سے اے رفیق +

تیرا تن ھی سچّا کھانا	۳	میری جان کی زندگی
تیرا خون ھی سچّا پینا		میری روح کی تازگی
کیا بیشقیمت یہہ رفاقت		میری بھوکھی پیاسی جان
اِس سے پاتی زور اور طاقت		ھو محمود عزیز چوپان +

(343) تینسو تینتالیسواں گیت (۳۴۳)

کامِل اِیمان سے آؤ اب نزدیک	۱	اِس پاک رفاقت میں تم ھو شریک +
یسوع کا بدن سچّی ھی خوراک	۲	جان کا نجات بخش اُسکا خونِ پاک +
برّہ خدا کا ھوا ھی ذبیح	۳	فسح کا برّہ ھوا ھی مسیح +
تا اپنے خون سے مول لے سب اِنسان	۴	یسوع آپ ھوا کاھن اور قربان +
کامِل قربان سے ھوا جو ایک بار	۵	کامِل ھو جاتے سارے ایماندار +
پس ای خداوند یسوع مہربان	۶	ھم آتے ھیں پاس تیرے دسترخوان +
تیرے پاک تن سے ذبح ھوا جو	۷	ھمارا بدن پاک اور زندہ ھو +
اپنے پاک خون سے دھو ھماری جان	۸	تو ھم میں ھو ھم تجھ میں ھوں ھر آن +
جیوں تیری موت میں ھوئے ھیں شریک	۹	تیوں ھم حیات میں تیرے ھوں شریک +
یسوع ھم سوچتے تیرا بڑا پیار	۱۰	تعریف اور شکر ھو ھزار ھزار +

(344) تینسو چوالیسواں گیت (۳۴۴)

ھلّیلویاہ دِل سے گاؤ	۱	یسوع تخت پر ھی بلند
ھلّیلویاہ اپنے زور سے		یسوع ھوا فتحمند
سُن صیحون کے خوش سرود کو	۲	بے شمار آوازوں سے
"یسوع نے خون سے خریدا		ھمکو ساری قوموں سے" +

ہللویاہ ہم نہ رہے	۲	آ گئے کو یتیم غمگین
ہللویاہ وہ نزدیک ہے		ہے یہ ایمان سے ہی یقین
گرچہ وہ آسمان پر چڑھ گئے		بیٹھا باپ کے دہنے ہاتھ
کیا ہم بھولیں اسکا وعدہ		"سدا ہوں تمھارے ساتھ" +
ہللویاہ تو حیات کا	۳	آب اور روٹی ہی اور راہ
ہللویاہ گنہگار کا		تو ہی آسرا اور پناہ
ای انسان کے شافعی میری		کر سفارش باپ کے پاس
جہان ساری قوم مقدس		گاتی تیری حمد سپاس +
ہللویاہ شاہ دوام کو	۴	تو ہی رب العالمین
ہللویاہ درمیانی		تو آسمان پر تخت نشین
پاکترین میں داخل ہو کے		سردار کاہن ہی پرشان
پاک رفاقت میں ہمارے		مسیح کا تو ہی قربان +
ہللویاہ دل سے گاؤ	۵	یسوع تخت پر ہی بلند
ہللویاہ اپنے زور سے		یسوع ہوا فتحمند
سن صیہون کے خوش سرود کو		بے شمار آوازوں سے
"یسوع نے خون سے خریدا		ہمکو ساری قوموں سے" +

([illegible]) تینسو پینتالیسواں گیت (۳۴۵)

روح میری پیاسی ہی	۱	تیری خداوندا
ای چشمۂ حیات		تو میری پیاس بجھا +
صلیب پر دیا ہی	۲	اپنے پاک بدن کو
تا موت کو کر کے نیست		حیات کی روٹی ہو +
اور تیرا خون پاک	۳	بیمار کو صحت دے
سب داغ سے کرے صاف		کمزور کو طاقت دے +

۴ چٹان کے پانی سے
مجھ پیاسے کو پلا
اور روح کو تازہ کر
مجھ مردہ کو جلا +

۵ درخت انگور کا تو
اور اپنے سے ملا
اپنی شیرینی کو
تو سب مجھے خوب چکھا +

۶ اِس سوکھے ملک میں تو
پرورش میری کر
گر راستہ مشکل ہو
دستگیری میری کر +

۷ میرے عزیز چوپان
سنبھال مجھ عاصی کو
ای چشمۂ حیات
تو دل میں جاری ہو +

(۳۴۶) تینسو چھیالیسواں گیت (۳۴۶)

۱ ای باپ آسمانی تیرا پیار عجیب
ہم یسوع کی صلیب میں پاتے ہیں
اور اُس کے خون خریدے بندے ہو
اِس پاک ضیافت میں ہم آتے ہیں
فقط مسیح قربانی ہی کمال
وہی ہماری راستی اور جمال +

۲ خداوندا مسیح پر نظر کر
اور ہم پر بھی اُس کے وسیلے سے
خطاؤں سے تو چشم پوشی کر
مُلبّس کر اُس کی صداقت سے
مسیح ہمارا درمیانی ہی
وہی کفّارہ اور قربانی ہی +

۳ اُسی کے نام سے عرض ہم کرتے ہیں
کہ سب عزیزوں کو تو برکت دے
بچالے اُنھیں ہر ایک آفت سے
اور اپنی قربت سے محفوظ کر دے
کر اُنھیں پاک ساری نجاست سے
روحانی قوّت ثابت قدمی دے +

۴ ہم آتے ہیں اب کر ہمیں قبول
ای صابر مُنجی تو ہی پُر وفا
اور اب اِس پاک روحانی غذا سے
ہر ایک کے جاں کی بھوکھ کو دے مٹا
تیری ہی خدمت میں خوش اور آزاد
ہمیشہ تجھ میں ملکر ہوویں شاد +

(347) تینسوسینتالیسواں گیت (۳۴۷)

۱
میں نہیں ہوں ہے پربھو لینے یوگ
مجھ میں تو بھرا سارے پاپ کا روگ
چور چار جو تیری میز سے گرتے ہیں
پر تیرے بچن سیکھتے رہتے ہیں +

۲
میں تیرا پتر بھی یوگ نہ ہونے کے
میں بہت بھٹکا ہوں دور تجھی سے
نہ بیٹھنے یوگ بھی تیری میز کے پاس
پر میل کروا کہ تو ہی میری آس +

۳
تو مجھے پربھو بولتا ایک ہی بات
وہ بات تو من میں ہو تو منش جات
میں کرنے یوگ اس جگ کے سامنا پھر
اور بہت کے سامنے میں ہورہا استھر +

۴
تیرا سوبھاؤ تو دیا کرنا ہی
تو پاپیوں کا مکتیداتا ہی
کرپا بھی تیری ہی انادی اننت
تیری ہی ستتی کہ تو ہی دیاونت +

۵
تو مجھ سے کہتا آ کے لے بشرام
تو سینت کھلاتا مجھے بنا دام
میں پانو پر گر کے آتا جلدی سے
اور پریم سے کہتا بھوجن کھا تو لے +

۶
پرارتھنا تو کرنا میری ستتی ہی
مجھ میں باس کر کے پربھو اس سمی
اس میں رل جاتا مجھ سے دین ناتھ
ساتھ کھانے دے اور کھا تو میرے ساتھ +

(348) تینسواڑتالیسواں گیت (۳۴۸)

۱
ہے پتا اپنے پریم سے
انڈیل ہمارے بیچ میں
کر ہر ایک پاپ سے چھوٹکے
اور ستتی کا بلی دھنی مانگے
تو ہمیں اب ہماری سُن
سب اپنے آتمک گن
ہم تجھ سے پریم رکھیں
چپ چڑھایا نت کریں +

۲
ہے یشو ہو ہمارا
پاس تیرے پہنچنگے
جیوں تو نے دی پرتگیا
تو یاتریوں کا بھوجن
سہایک آگوا
جو آپ ہی ہووے راہ
تیوں ہمیں دیتا جی
اور جیوندا تا ہی +

۳ ہے آتما سِرجنہار ہموں پر ورشٹی کر
ہمیں نوین بنا کے اُجالا ہم میں بھر
کہ تیرے آشیرباد سے ہم ڈھاونس باندھ رہیں
اور پربھو کے شریر کو بسواس سے کھا سکیں +

۴ ہے تین میں ایشر ایک ہی سناتن ایک میں تین
آس تجھ پر دھر ہم آتے تجھ بنا آسرا ہین
ایوگی ہم ہیں اور نربل آچیت ہیں اور اگیان
پر یہ ہم نشچے جانتے کہ تو ہی کشٹاوان +

پاک بپتسما

بچوں کا

تینسو اُنچاسواں گیت (349) (۳۴۹)

۱ لڑکوں کو تجھ پاس آنے دو اور اُنھیں منع مت کرو
کہ ایسوں ہی کا ہی آسمان یہہ ہی خداوند کا فرمان +

۲ مسیح ہمارا خوش نصیب کہ لڑکوں کا تو ہی حبیب
ہم اُنھیں لاتے تیرے پاس بخش اُنھیں فضل بیقیاس +

۳ اب پانی کے بپتسما پر عنایت اپنی برکت کر
روح قدس تو بخش اِس بچہ کو کہ اُسکی نو پیدائش ہو +

۴ تو نظر کر اِس بچہ پر ہم سونپتے ہیں قبول تو کر
اور اپنے بڑے فضل سے ہر وقت تو اُسکی خبر لے +

(350) تینسوپچاسواں گیت (۳۵۰)

مسیحا نذر کو اس بچے کو لاتے ہیں	۱	ہم تیرے پاک حضور تو اسے کر منظور +
حق فرزندی کا اور اپنے گھر کی نعمتیں	۲	اس کو عنایت کر بخش اسے عمر بھر +
جب تو زمین پر بسا اس بچے کو بھی ای یسوع	۳	تو تھا لڑکوں کا یار دکھا تو اپنا پیار +
ہر وقت ہر طرح سے اور آخرکار تو اسے دے	۴	رکھ اسے اپنے پاس آسمانی پاک لباس +

(351) تینسواکیاونواں گیت (۳۵۱)

تا آج سے کرے تو اقرار ہم کرتے تیرے ماتھے پر	۱	کہ تو مسیح کا ہو صلیبی مہر کو +
تا نہ شرماوے تو اس سے بدنامی واسطے یسوع کے	۲	ہم کھینچتے یہ نشان تو اپنا ننھا جان +
اور یسوع کا سپاہی ہو اور جھنڈے تلے لڑنے کو	۳	دلیر اور وفادار تو ہر وقت رہ تیار +
مسیح کے نقش قدم پر اس راہ پر تو آسمانی گھر	۴	صلیب اٹھاکے جا یقیناً پاویگا +
کاش ماتھے پر کہ جس پر آج آخر کو ہو آسمانی تاج	۵	ہم کھینچتے ہیں صلیب یہ اس کو ہو نصیب +

بالغوں کا

(352) تینسو باونواں گیت (۳۵۲)

۱ ساری کلیسیا کے سردار ۔ مسیح کا یہہ کلام
"آسمان زمین کا اختیار ۔ اب میرا ھی تمام" +
۲ "پھیلاؤ ساری قوموں میں ۔ نجات کی خبر کو
"اور پاک تثلیث کے نام ھی میں ۔ انھیں بپتسما دو" +
۳ "ایمان جو کوئی لاتا ھی ۔ نجات وہ پاویگا
"اور جو بپتسما پاتا ھی ۔ گناہ سے بچیگا" +
۴ خداوندا ان شخصوں پر ۔ اب فضل تو بہا
روح پاک انھیں عنایت کر ۔ اور سب گناہ مٹا +
۵ ھم سب کو اپنی برکت دے ۔ کہ چلیں تیری راہ
اور باپ اور روح اور بیٹے کے ۔ مشکور ھم ھوویں ھر گاہ +

(353) تینسو ترپنواں گیت (۳۵۳)

۱ اے خداوند دیکھ یہہ بھائی ۔ تیرے سامھنے آتا ھی
ظاھر کرنے کہ مسیح پر ۔ سچ ایمان وہ لاتا ھی
اور وہ اب سبھوں کے سامھنے ۔ کرنا چاھتا یہہ اقرار
جھوٹھے مذھب کو میں چھوڑکے ۔ ھوں مسیح کا ایماندار +
۲ اپنا روح تو فضل کرکے ۔ بندہ کو عنایت کر
کہ ایمان بھی اور اقرار بھی ۔ سچا ھو خداوند پر
جب بپتسما اسے ملے ۔ تب یہہ اس پر ظاھر ھو
کہ خداوند اپنی قوم میں ۔ گنتا ھی اس عاصی کو +

اور تو اُسے یہہ توفیق دے
اور ہر وقت تیار وہ رہے
ای خدا بخش اُسے طاقت
اور مسیح کے ساتھ وہ پاوے

۳

کہ مسیحی جنگی ہو
شیطان کا سامنا کرنے کو
راہِ راست پر چلنے کی
زندگانی ابدی +

(354) تینسوچوّنواں گیت (۳۵۴)

۱
خداوند اپنے فضل سے
جو اب بپتسما پاتے ہیں
ان شخصوں کو تو برکت دے
ایمان اب تجھ پر لاتے ہیں +

۲
ای روح القدس تو اُتر آ
تو اپنے نازل ہونے سے
اور دلوں میں اب نور چمکا
ان بندوں کو بپتسمہ پاوے +

۳
خاص تیری برکت ہی درکار
تو اِن کے دل کو نیا کر
ای روح القدس ای مددگار
کہ چلیں راہِ راستی پر +

۴
یہہ بخش کہ یہہ ہوں تابعدار
تو اپنے بڑے کرم سے
ہوں یسوع میں بہت میوہ دار
ان سبھوں کو قبول کر لے +

(355) تینسوپچپنواں گیت (۳۵۵)

۱
ہے پربھو یسوع منڈلیپت
دیکھ تیری منڈلی آئی ہے
ہمارے [illegible] مین ہو
بات تیری ماننے کو +

۲
اِس بھائی کا تو نے اوپر سے
تو جھوٹے مت کو تجتا ہے
جو کیا مَن پرکاس
کہ ہووے تیرا داس +

۳
وہ اب بپتسما پاویگا
اور اس کے سنگ تو کرپا سے
ہے منڈلی کے پردھان
دے اُسے آتما دان +

۴
اور منسا باچا کرمنا سے
میں بھرم کو چھوڑ کے ہوا اب
وہ کرے یہہ پرکاس
پربھو مسیح کا داس +

۵ شیطان جو آئے چاہتا ہو
تو اُسے آپ ہی تُو سنبھال
پاپ میں پھنسانے کو
تُو دھرم کا جودھا ہو +

۶ شیطان سے رہے جیون بھر
اور آنند میں جاوے تیرے پاس
بیکھٹکا اور نڑبھی
اور گاوے تیری جے +

لڑکوں کے

(356) تینسو چھپنواں گیت (۳۵۶)

۱ ایک چھوٹا بچہ ناتوان
نجات کو چاہتا ہوں نادان
غریب ناچار میں ہوں
نہ جانتا کیا کروں +

۲ تُو میرے لیئے ای مسیح
مجھ چھوٹے کے بچانے کو
ایک لڑکا ہوا ہی
صلیب پر مُوا ہی +

۳ اِس پیار کے عوض ای مسیح
اور تجھے راضی کرنے کو
میں تجھے دوں اب کیا
کیا کروں سو بتا +

۴ پر ای مسیح کیا بڑا کام
زورآور تُو ہی میں کمزور
ہو سکتا ہی تجھ سے
تُو مجھے مدد دے +

۵ تُو اپنے دل کو مجھے دے
ای رب تُو بالکل مجھے لے
بس حکم تیرا ہی
تُو مالک میرا ہی +

۶ تُو میرے دل کا حافظ ہو
کر روشن میری سمجھ کو
ناپاکی سے کر پاک
بخشش مجھے روح پاک +

۷ اِس دنیا سے میں جاؤنگا
اور خوشی کی پاک جگہ میں
سب تیری مرضی ہو
پہنچا مجھ لڑکے کو +

(357) تینسو ستاونواں گیت (۳۵۷)

یہاں دکھ ہم سہتے ہیں ۱ دل ایک ساتھ نہ رہتے ہیں
بہشت ہی میل کی جا تب ہم کریں خوشی
خوشی خوشی خوشی جب ہم سب ہی ملکے
پھر جدا نہ ہوویںگے +

سب جو چاہتے یسوع کو ۲ سو جب اُن کا مرنا ہو
بہشت کو جاویںگے تب ہم کریں خوشی
خوشی خوشی خوشی جب ہم سب ہی ملکے
پھر جدا نہ ہوویںگے +

خوشی تب مناویںگے ۳ جب ہم دیکھنے پاویںگے
مسیح کو تخت نشین تب ہم کریں خوشی
خوشی خوشی خوشی جب ہم سب ہی ملکے
پھر جدا نہ ہوویںگے +

تب ایک دل اور ایک زبان ۴ گاویںگے ہم ہر زمان
خداوند کی تعریف تب ہم کریں خوشی
خوشی خوشی خوشی جب ہم سب ہی ملکے
پھر جدا نہ ہوویںگے +

(358) تینسو اٹھاونواں گیت (۳۵۸)

بھیڑوں کے عزیز چوپان ۱ ہو تو میرا نگہبان
تیرے ہاتھ زورآور سے کون چھین سکتا ہی مجھے +

اپنی جان عزیز مسیح ۲ دے تو ہوا ہی ذبیح
تا پاپ سے پا چھٹکارا پاویں تیرا پاک نظارا +

۳ خون کا میں خریدا ہوں — پس میں تیرا سدا ہوں
تیری حمد میں گاؤنگا — تیری راہ پر جاؤنگا +

۴ ساتھ رہ ای عزیز چوپان — تیری نرم آواز کو مان
چلونگا میں سیدھی راہ — کبھی ہوؤں نہ گمراہ +

۵ اپنے نقشِ قدم پر — میری رہنمائی کر
تب آسمان میں آخرکار — تیرا پاؤنگا دیدار +

تینسو انسٹھواں گیت (۳۵۹) (359)

۱ یسوع مجھ کو کرتا پیار — بائبل سے یہہ ہی آشکار
لڑکوں کا وہ ہی رفیق — اور ہمارا ہی شفیق
کورس - ہاں یسوع یار ہی — ہاں یسوع یار ہی
یہہ بائبل سے آشکار +

۲ یسوع مجھ کو کرتا پیار — مجھ پہ تھا جان نثار
وہ گناہ کو دھوتا ہی — لڑکوں کو بلاتا ہی + - کورس -

۳ یسوع مجھ کو کرتا پیار — گرچہ ہوں کمزور ناچار
اپنے تخت سے دیکھتا ہی — میری خبر لیتا ہی + - کورس -

۴ یسوع مجھ کو کرتا پیار — وہ ہی میرا مددگار
جب یہاں سے جاؤنگا — اس کے پاس نت رہونگا + - کورس -

تینسو ساٹھواں گیت (۳۶۰) (360)

۱ یسوع پیارے پاک حلیم — ہو ہم لڑکوں پر رحیم
تیرے پاس ہم آتے ہیں — اپنے دل کو لاتے ہیں +

۲ چھوٹے ہیں ہم اور کمزور — دے تو ہم کو اپنا زور
ہو ہماری تو پناہ — لے چل ہم کو سیدھی راہ +

(362) تینسو باسٹھواں گیت (۳۶۲)

ہزارہا لڑکے کھڑے ہیں	۱	خدا کے تخت کے پاس
مُحبّت سے وہ بھرے ہیں		اور کرتے رہنت سپاس
گاتے ثنا ثنا ثنا		ثنا ہو خداوند کی +
پاک ہوکے سب گناہوں سے	۲	وہ رہتے ہیں خوشحال
پیارے ہوکے یسوع کے		وہ گاتے ہیں نہال
گاتے ثنا وغیرہ +		
کس طرح پایا لڑکوں نے	۳	وہ عمدہ پاک مُقام
وہ بچکے سب تکلیفوں سے		خوش رہتے ہیں مُدام
گاتے ثنا وغیرہ +		
اِس سبب سے کہ یسوع نے	۴	بہایا اپنا خون
وہ دھوکے اُس میں فضل سے		آسمان پر ہیں ممنون
گاتے ثنا وغیرہ +		
خداوند کو اِس دنیا پر	۵	پیار وہ کرتے تھے
سو اب ہمیشہ اُس کے گھر		وہ خُرّم رہینگے
گاتے ثنا وغیرہ +		

(363) تینسو تریسٹھواں گیت (۳۶۳)

روح القدس ای پاک مُعلّم	۱	میرے اوپر ہو کریم
آپ سے آپ میں کچھ نہ جانتا		دے مجھ لڑکے کو تعلیم
میرے ذہن کو کر روشن		کہ میں جانوں اپنے کو
تجھ سے روشنی پاکے دیکھوں		دل میں جو خرابی ہو +

۲
میرے دل کو کر اُجالا
بیبل کی مقدس باتیں
تا نجات کا بھید میں جانوں
آپ سے آپ میں کیونکر جانوں
جب میں پڑھتا پاک کلام
میرے دل میں کریں کام
روح القدس تو دے سمجھا
تو مجھ لڑکے کو سکھا +

۳
اور مسیح نے جو کچھ کیا
کیسا بولا کیسا چلا
مجھ سے کہہ کہ یسوع پیارا
اور کہ اپنے پیار کے ہاتھ کو
کام کلام محبت کا
سب کچھ مجھے تو بتا
مجھے بھی پیار کرتا ہی
سدا مجھ پر دھرتا ہی +

۴
اور یہہ بات بھی مجھ پر کھول دے
میں ہوں اُس کا وہ ہی میرا
روح القدس ای پاک معلم
آپ سے آپ میں کچھ نہ جانتا
یسوع میرا ہی بیشک
اب سے لے ہمیشہ تک
میرے اوپر ہو کریم
دے مجھ لڑکے کو تعلیم +

(364) تینسو چونسٹھواں گیت (۳۶۴)

۱
ایک باغ میں مَیں نے دیکھے
باغبان ایک بڑے غور سے
ہزاروں خوش رنگ پھول
ہر روز اُن میں مشغول +

۲
وہ اُن کی خبر لیتا
وہ ہر ایک کو روز دیتا
اور جو کچھ ہی درکار
تا پھولیں خوش بہار +

۳
اور مجھے بھی وہ لایا
باغ اپنے میں لگایا
دنیا کے جنگل سے
تا میری خبر لے +

۴
تو اپنے روح القدس سے
کر ایسا پودھا مجھے
کر پاک دل میرے کو
خوب پھولے پھلے جو +

۵
فروتنی پاک دلی
صداقت اور نرم دلی
سلامتی پیار
ہوں مجھ میں خوب پھلدار +

عزیز باغبان تو کرم سے آسمانی باغ میں لیکے	٦	جب تیری مرضی ھو لگا اِس پودے کو +

(365) تینسو پینسٹھواں گیت (٣٦٥)

چھوٹے لڑکوں کا ایک دوست ھی اور اُس کا پیار بیحدّ ھی دنیا کے دوست ھیں چنچل وھی رفیق ھی لائق	١	جو رھتا بیچ آسمان نت رھتا ھی ایکسان نہ اُن میں کچھ رقیام جس کا ھی یسوع نام +
چھوٹے لڑکوں کا ایک گھر ھی بادشاہ اُس کا ھی یسوع نہ کبھی وھاں رونا ھر ایک کے دل میں پیار ھی	٢	نفیس اور عالیشان بہشت ھی وہ مکان نہ دُکھ نہ چوٹ نہ ڈر اور خوشی سراسر +
چھوٹے لڑکوں کا ایک گیت ھی نہ گانیوالے تھکتے اُس گیت میں نہ فرشتے صرف آدمزاد گا سکتے	٣	راگ اُس کا کیا دِلسوز بچے گاتے ھیں ھر روز شریک ھوسکتے ھیں کہ یسوع منجی ھی +
چھوٹے لڑکوں کو ایک جامہ اور بین اور بربط لیکے خداوندا تو بخش دے سب یسوع کو پہچانکے	٤	آسمان پر ملتا ھی وہ گاتے رب کی جی کہ لڑکپن ھی سے دل اپنا دیں آپ سے +

(366) تینسو چھیاسٹھواں گیت (٣٦٦)

کنعان میں ھی سرسبز پہاڑ بیحد تکلیفات اُٹھاکر	١	جہاں مسیح محبوب تب ھوا تھا مصلوب +

۲
بیان ہم کیونکر کرینگے
پر سبب خوب ہم جانتے ہیں
اُس دُکھ اور الم کا
قصور ہمارا تھا +

۳
وہ مُوا تھا کہ آدمزاد
پھر زندہ ہوا تا ہمیں
یا جاویں پاک لباس
پہنچائے باپ کے پاس +

۴
ایک بھی نہ ملا ایسا نیک
فقط مسیح کھول سکتا تھا
کہ لائق عوضی ہو
آسمان کے پھاٹک کو +

۵
واہ اُس کا پیار ہی کیا عجیب
اور اُس کے پاک نمونہ کو
جس ہم بھی کریں پیار
ہم کریں اِختیار +

(367) تینسو سڑسٹھواں گیت (۳۶۷)

۱
ربّ فرماتا "وہ دِن آتا
"خاص خزانہ تاج شہانا
جب میرے لوگ ہونگے
"عزیز اور محبوب" +

کورس۔ اپنے یسوع میں کامل
تب ستاروں کی مانند
اور جلال میں ہو شامل
ویسے چمکینگے خوب +

۲
خون خریدے برگزیدے
نور پوشاک ہی گروہ پاک ہی
اُٹھے تب ہونگے
عزیز اور محبوب + جواہر +

۳
چھوٹے لڑکے چھوٹے لڑکے
ہیں خزانہ تاج شہانہ
جو ربّ کو پیار کرتے
عزیز اور محبوب + جواہر +

(368) تینسو اڑسٹھواں گیت (۳۶۸)

۱
ہم چھوٹے لڑکے ہیں صحیح
عزیز مسیح کی خدمت میں
نہ کچھ بھی قدر رکھتے ہیں
ہم لڑکے کیا کر سکتے ہیں +

۲
دیکھ بیتلحم کے بچوں نے
شہید اور صادقوں نے بھی
مسیح کی خاطر جان دے دی
نثار کی اپنی زندگی +

۳
اب قول قرار ہم کرتے ہیں
گر موت یا لڑنا نہ ضرور
دکھ سہنے کو ہم ہیں تیار
تو کیونکر ہم دکھاویں پیار +

۴
جب دل میں کینہ اُٹھتا ہی
اور ہاتھ تیار ہی مارنے کو
غرور اور غصہ حسد بھی
زبان پر بات شرارت کی +

۵
رکھ ہاتھ کو اپنے قبضہ میں
یوں ہوگا تو لڑائی میں
خاموشی سے زبان کر بند
مسیح کے نام سے فتحمند +

۶
خوش خُلقی اور محبت سے
سب تیری خاطر ای مسیح
ہم اپنے گھر میں ہوویں نور
جو کریں سو تو کر منظور +

۷
آ لڑکے ہم میں جو تو ہو
صلیب اُٹھا اور کام بھی کر
غریب یا چھوٹا ناتوان
مسیح کی خدمت اس کو جان +

(369) تینسو اُنہترواں گیت (۳۶۹)

۱
ذوالجلال مسیحا
جب ہم سجدہ کرکے
ہم پر فضل فرما
گاتے ہیں ثنا +

۲
ہم ہیں چھوٹے بچے
ہو ہمارا ہادی
ہوں نہ ہم گمراہ
تا نہ بھولیں راہ +

۳
مُنجی تو گناہ سے
تجھ سے اُلفت رکھیں
روز بروز بچا
دُور کر سب خطا +

۴
یسوع جب بلائے
خوشی سے ہم جاکر
ہم کو اپنے پاس
گاویں نت سپاس +

(370) تینسو سترواں گیت (۳۷۰)

۱
ای باپ ہمارے ای خدا
دل میں محبت تو بڑھا
جو حافظ دوست اور مددگار
کہ ہوں آسمان کے اُمیدوار +

هم لڑکے هیں کمزور ناچار
سکھلا کہ هم هوں تابعدار
۲ نہ جانتے تیری مرضی کو
راہ راست پر سدا چلنے کو ✤

مزاج مسیح کا هیں وے
دینداری میں ترقی وے
۳ حلیم فروتن اور عزیز
حکمت اور زور میں اور تمیز ✤

هم چلیں زمین پر ایسے
ستائش تیری هم کریں
۴ کہ ظاهر هو تیرا جلال
الفت دکھلائیں اور نیک چال ✤

(۳۷۱) تین سو اکہترواں گیت (۳۷۱)

تو جو رهتا بیچ آسمان
دیکھتا هی تمام جہان
۱ ظاهر کرتا اپنی شان
سن خداوند یسوع ✤

هم تو چھوٹے هیں ناچار
تو بھی هم هیں اُمیدوار
۲ دل میں بھی هیں گنہگار
سن خداوند یسوع ✤

لڑکوں کو تو کرتا پیار
مدد دینے کو تیار
۳ اُن کا دوست هی وفادار
سن خداوند یسوع ✤

تو نے چھوڑا تھا آسمان
تیرا پیار هی بے پایان
۴ یہاں هوا تھا قربان
سن خداوند یسوع ✤

جو ایمان سے آویگا
تو ضرور بچاویگا
۵ وہ رهائی پاویگا
سن خداوند یسوع ✤

جانچ همارے دل کا حال
پاک تو کر هماری چال
۶ گناہ اُن سے تو نکال
سن خداوند یسوع ✤

کام میں کھیل میں بھی هر بار
تیرے بھیں وفادار
۷ هوویں هم فرمانبردار
سن خداوند یسوع ✤

تو جو هی جہان کا نور
کبھی نہیں هوتا دور
۸ هی همارے پاس ضرور
سن خداوند یسوع ✤

اپني راه میں تُو چلا	۹	نگہبان هو سبھوں کا
آخر اپنے پاس بُلا		اُس خداوند یسوع +

تینسو بہتّرواں گیت (۳۷۲)

آج خوشي سے تم گاؤ	۱	بزور هلیلویاه
سُناؤ سب هوشعنا		مسیح کو جو بادشاه +
مناسب هي کہ چھوٹے	۲	مسیح کے هوں سپاه
اور اُس کي ثنا گاویں		جو اُن کا هي بادشاه
وه اُن کي هي سلامتي		زور فضل اور حیات
طِفلان کا مسیح ایک هي		مبارک شاه نجات +
اي لڑکو هو مسیح کے	۳	سب شُغل میں کارساز
کہ محنت میں مسیح بھي		همیشہ تھا ممتاز
اي لڑکو تم سناؤ		خداوند کي تحسین
تم لڑکیو ملاؤ		اپني آواز شیرین
اي لڑکیو تم یسوع		کہ صابر پیرو هو
اور بات اور فعل میں اُس کو		اپنا نمونہ لو +
جلد شہر زرّین میں	۴	خوش هوسنگے سب طِفلان
کہ وهاں رنج نہ هوگا		پر سُکھ اور چین هر آن
سب لڑکوں کو مسیحا		بہ فضل کر تیار
تا شہر زرّین میں		سب هوویں داخلدار +

اِستحکام

(373) تینسوتہتّرواں گیت (۳۷۳)

۱
رحیم خدا ان لوگوں پر آسمانی فضل اپنا کر
بخش دے کر بیج صداقت کے اُگیں اور پُر ہوں پھلوں سے +

۲
جو حاضر ہوا چاہتے ہیں اور اپنا قول دہراتے ہیں
ایمان میں اُن کو قائم کر اور روح کا فضل دِل میں بھر +

۳
جو اب وہ کرتے قول قرار سو دِل سے ہو نہ ظاہردار
تو اُنکو استواری دے تا چلیں چال ہوشیاری سے +

۴
تو اُن کو اپنے بندے کر اور اپنا جوآ اُن پر دھر
اور جب اِس زیست کی جنگ تمام فردوس میں پاویں جا آرام +

(374) تینسوچوہتّرواں گیت (۳۷۴)

۱
لے مجھے خداوندا تیرا ہی میں ہوں سدا
دِل اور جان تو اپنا کر مہر کر تو بندہ پر +

۲
تو ہی مجھے ہی ضرور تو ہی دِل کا ہی سرور
تو ہی حصّہ میرا ہو اب سے لے ہمیشہ کو +

۳
تو خوبصورت سبھوں سے بیدین ہونے تو نہ دے
اپنے گنے مجھے رکھ اپنا کر ہمیشہ تک +

۴
اُوپر دولت میری ہی دولت اُلفت تیری ہی
کون لے سکتا اُسکی تھاہ دِل سے ہووے حمد ہر گاہ +

(۳۷۵) تینسوپچھترواں گیت (375)

۱
خدایا میرے دل کو لے
تاکبھی تجھے ای چوپان
اور بالکل اپنا کر
نہ چھوڑوں عمر بھر +

۲
مسیح مصلوب سن میری عرض
جہان کی نسبت ہوں مصلوب
اور بخشش کر آگے کو
تو میرا سب کچھ ہو +

۳
تو میرے دل پر مہر کر
تا تخت کے سامنے سجدہ کر
روح پاک سے ای رحمان
میں دیکھوں تیری شان +

۴
خیال اور قول اور فعل بالکل
تجھے ای رب تب مرنا بھی
سپرد ہوں عمر بھر
آسمان کا ہوگا در +

۵
ستائش باپ خدا کی ہو
ستائش روح پاک کی ہو
ستائش بیٹے کی
زمان الابدی +

(۳۷۶) تینسوچھہترواں گیت (376)

۱
مرنے تک ہو ایماندار
تیرا دل نہ جدا کرے
کوئی دکھ مسیح مصلوب سے
راہ تنگ کر اختیار
مرنے تک ہو ایماندار +

۲
مرنے تک ہو ایماندار
آخر تک جو غالب آوے
زندگی کا تاج وہ پاوے
اپنے تئیں تو کر انکار
مرنے تک ہو ایماندار +

۳
مرنے تک ہو ایماندار
شہوت سے تو مانگ چھٹکارا
تو گھمنڈ سے کر کنارہ
دنیا سے ہو خبردار
مرنے تک ہو ایماندار +

مرنے تک ہو اِیماندار	۴	یسوع پر ڈال اپنا لنگر
سبھوں سے وہ ہی تونگر		کر تو اُسکا اِنتظار

مرنے تک ہو اِیماندار +

مرنے تک ہو اِیماندار	۵	نظر کر اُس تاج کی شان کو
سفر کر تو اُس مکان کو		برّہ پاس جو ہی تیار

مرنے تک ہو اِیماندار +

رہونگا میں اِیماندار	۶	تاکونگا ای یسوع سب تجھے
فضل بخش تو ہر وقت مجھے		کہ میں رہوں تابعدار

مرنے تک بھی اِیماندار +

(۳۷۷) تینسو ستترواں گیت (۳۷۷)

ای یسوع میں نے کہا	۱	اور کیا قول قرار
کہ تیرا ہی سپاہی		میں ہونگا وفادار
اگر تو ہو میری طرف		نہ خوف ہو خطروں کا
اگر تو ہو میرا ہادی		میں کیونکر بھٹکونگا +
ای سیاشش کر تیری قربت	۲	نت سب مجھے حاصل ہو
خاصکر جب بری نیت		اُبھارتی ہی مجھہ کو
جب دشمنوں کے ظلم سے		دل میرا ہو اُداس
مسیح مبارک حامی		تب رہ تو میرے پاس +
تیری آواز میں سنوں	۳	ملائم اور شیرین
جب دنیا کی تکلیف سے		دل ہوتا ہی غمگین
فرما عزیز مسیحا		طوفان ہو جائے بند
تسلی بخش تو مجھے		میں تیرا آرزومند +

۴
ای یسوع تُو نے کہا
کہ تیرے ساتھ جلال میں
اور میں نے وعدہ کیا
رہونگا تیرا پیرو
اور کیا قول قرار
میں ہونگا حصہ دار
کہ میں بھی عمر بھر
تُو میری مدد کر ✣

(۳۷۸) تینسو اٹھترواں گیت

۱
ہم نِت تیرے ہیں پریم ناتھ
سُن ہماری پرارتھنا
رکھ تُو ہم کو اپنے ساتھ
ہم کو بچا رکھ سدا ✣

۲
ہم نِت تیرے ہیں پران ناتھ
جیون سَت اور مارگ تُو ہی
لڑتے سمَے لئیو رہ ساتھ
دے ہم سب کو شکتی اکشی ✣

۳
ہم نِت تیرے ہیں دھن دے
تراتا رکشک سورگیہ میت
جو سنتشٹ ہیں تجھی سے
انت لوں کر رکھ ہمیں سنتپت ✣

۴
ہم نِت تیرے ہیں بچا
ہم تُو کانپتے ڈرتے ہیں
اپنی بھیڑوں کو سدا
کیول تجھ پاس مِلتا چین ✣

۵
ہم نِت تیرے ہیں دِکھا
ہو سہای پاپ کشما کر
اگوا ہو مارگ جیون کا
ہم کو سورگ میں کر دے گھر ✣

پاک نِکاح

(۳۷۹) تینسو اُناسیواں گیت

۱
جسے خداوند خوشی دے
جو کرے بیاہ خداوند میں
وہ سچ مچ ہی خوشحال
یقیناً مالا مال ✣

۲
اِن دونوں پر خداوند
ہم تجھ سے مِنت کرتے ہیں
جو کرینگے بیاہ
تُو اُن پر کر نگاہ ✣

۳ وہ بیوی شوہر ہونے کو اب کریں قول قرار
پر تجھ سے برکت پانے کو ہیں دونوں امیدوار +

۴ جہاں ہی دل کا اتحاد وہ سچی شادی ہی
جس گھر کو کرے تو آباد وہ خوب آبادی ہی +

۵ جیسے جلیل کے قانا میں تو بیاہ میں تھا مہمان
ویسے اس وقت بھی حاضر ہو اس بیاہ کے درمیان +

۶ اور تیری خاص حضوری سے ہوں دونوں خوشترین
جب وہ نکاح میں بولیں ہاں تب تو بھی کہہ آمین +

تینسواسیواں گیت (385) (۳۸۵)

۱ عدن میں تو نے خداوند پاک بیاہ کا انتظام
رحمت سے مقرر کیا تا انسان کا ہو آرام
جیسی تو نے برکت بخشی پہلے مرد اور عورت پر
ان دونوں پر اب ویسا ہی اپنی برکت نازل کر +

۲ قانا میں تو نے دکھائی اپنی قدرت اور جلال
اب بھی حاضر ہو کے ان کو فضل سے کر مالامال
ان کو تو پاکیزہ کر کے ایک کو دوسرے سے ملا
اپنی رحمت سے تو ان پر دولت فضل کی برسا +

۳ عمر بھر تو ان کے ساتھ ہو ان کی نت ہدایت کر
ساتھوں ساتھ وہ دکھ اور سکھ میں چلیں تیری راہوں پر
برکت سے انھیں معمور کر رہیں تیرے پاس سدا
ان کا سفر جب تمام ہو ازل وسے میراث خدا +

(381) تینسو اکیاسیواں گیت (۳۸۱)

ہے ایشور دیاساگر
اور آج ہماری بنتیا
دیال ہو ہمیوں پر
سن لے انگرہ کر *

۲ ہے پتا سروگیاسی
اور اس پُرش کے ہاتھ میں
تو • آپ اپسنتت ہو
سونپ دے اس دلہن کو *

۳ ہے یشو ہے جگبندھو
لیے اپنے ہاتھ جوڑینگے
تو بھی سہایک ہو
تو جوڑ دے منوں کو *

۴ اور ہے پوتر آتما
پریم کشل شانتی آنند
انھوں پر اُتر آ
تو دیا کر سدا *

۵ تو اِن کو رکشا کرکے
اور اپنے اُتم مارگ میں
سب ہانی سے بچا
اِن دونوں کو چلا *

۶ اِس لوک میں اِن کے گھر کو
پھر انت کو اپنے راج میں
بھرپور کر آشیش سے
سناتن جیون دے *

مسیحی دین کی ترقی

(382) تینسو بیاسیواں گیت (۳۸۲)

۱ اے مالک سارے عالم کے
اپنی انجیل مبارک کو
ہم کرتے ہیں اِلتجا
پھیلاکر ظلمات مٹا *

۲ شیطان تاریکی کا سردار
اور تیری عمدہ خلقت کو
مچائے ہے فساد
نت کرتا ہے برباد *

اے رب تو اپنی رحمت سے	۳	نجات کی کر تدبیر
تلوار کمان اور تیر کو توڑ		شیطان کو کر اسیر +
تو اپنا وعدہ یاد فرما	۴	جو کیا تھا ایک بار
کر اپنے پیارے بیٹے کو		کُل دیگا اختیار +
جلد لا اُس دن کو اے کریم	۵	پھر لوگ نہ ہوں تباہ
چھوٹے اور بڑے یسوع کو		سب جانیں شاہنشاہ +

(383) تینسو تراسیواں گیت (۳۸۳)

بادشاہت تیری اے مسیح	۱	جہان میں ہو مشہور
نجات کے علم سے صاف صریح		کر دُنیا کو معمور +
خلق تیری ہی سب قوم اور ذات	۲	تو اُن پر رحم کر
سُنوا اُنھیں انجیل کی بات		کر فضل قوموں پر +
آسمان کا تو ہی ہے سلطان	۳	مُقدّسوں کا شاہ
کر اپنے تابع سب جہان		اے شاہوں کے بادشاہ +

(384) تینسو چوراسیواں گیت (۳۸۴)

تیرے فرمان سے رب	۱	شروع میں ظلمت سب
	ہوئی ہی دُور	
روشن آرزو بندوں کی		جس جا نہ پہنچی
روشنی انجیل ہی کی		اب ہووے نور +
یسوع تو آیا ہے	۲	آسمان سے لایا ہے
	کرم سے معمور	
صحت اور مخلصی		روشنی اور زندگی
ہر قوم میں دنیا کی		اب ہووے نور +

۳ ای حق اور پیار کی روح
پاک زیست دہندہ روح
پھیلا تو نور
پھر ایک بار جنبش کر
اور تاریک دنیا پر
کرم سے ہو جلوہ گر
اب ہووے نور +

۴ ای پاک ثالوث محمود
جلالی غیر محدود
قادر غفور
تو اپنا بحر پیار
دنیا کے سب کنار
سبھوں پر کر آشکار
اب ہووے نور +

(385) تینسو پچاسیواں گیت (۳۸۵)

۱ گرینلینڈ کے ملکِ سرد سے
اور حبش سے جہاں چشمے
دریا میدان پہاڑ سے
لوگ منت کر یہ کہتے
اور ہند و چین سے بھی
بخشش دیتے تازگی
ہر قوم سے ہر زبان
دکھاؤ راہ آسمان +

۲ القادر نے بنائے
شیطان کے جال میں آئے
وہ نعمتیں ہزارہا
تو بھی تباہ آوارہ
انسان بے عیب راستکار
سب ہوئے گنہگار
مسیح سے پاتے ہیں
ایمان نہ لاتے ہیں +

۳ کیا ہم جو روشنی پاتے
اُن کو جو مرتے جاتے
پس خوشی سے پھیلاویں
سب قومیں سُننے پاویں
اور لاکھوں برکتیں
حیات کا نور نہ دیں
نجات کا خوش پیام
یسوع مسیح کا نام +

۴ کلامِ پاک پھیلاؤ
مسیح کا نام سُناؤ
پھیلاؤ سچا دین
ہر جگہہ روئے زمین

جب تک وہ لوٹ نہ آوے		جو برہ تھا پست حال
اپنی بادشاہت پاوے		راج کرے پُر جلال +

(۳۸۶) تینسوچھیاسیواں گیت (386)

مسیح کا دُکھ اور محنت	۱	ہی عاصی کی نجات
وہ ضامن ہوکے مُوا		تا پاویں ہم حیات
غنیم کو اُس نے مارا		کھول دیا ہی آسمان
پس ہلّیلویاہ گاویں		ہم سب بدل اور جان +
آسمان میں اور زمین پہ	۲	ہی اُس کا اختیار
وہ دشمنوں کے بیچ میں		ہی حاکم اور سردار
سب پورب پچھم اُتر		اور دکھن کے خاندان
بلواتا ہی تا آکے		وے اُس کے ہوں مہمان +
اِس دن تک سُنی جاتی	۳	بلاہٹ کی پکار
"تم جلد اب چلے آؤ		کہ سب کچھ ہی تیار"
سب قوموں سے گروہیں		کلام سن آتی ہیں
تجھ سے ای شاہ مسیحا		سلامتی پاتی ہیں +
اور جہاں موت کا سایہ	۴	اور ابلیس ہی بادشاہ
تہاں بھی روشنی ہوگی		اور یسوع شاہنشاہ
جلد اپنے لوگ مسیحا		سب قوموں سے بُلا
تا ایک ہو گڈریا		اور گلہ بھی یکتا +

(387) تینسوستاسیواں گیت (۳۸۷)

ای باپ آسمانی مالک تو	۱	ہی دین اور دنیا کا
زمین کی ساری قوموں میں		خوشخبری کو پھیلا +

۲
اے مالکُ السلام مسیح
تمام جہان میں تیرا نام
تُو گنجی فیض معمور
اور کام بھی ہو مشہور +

۳
اے روح القدس تسلی دہ
اور اِس اندھیری دنیا میں
سب دلوں میں تُو آ
حیات کا نور چمکا +

۴
اے تُو مبارک پاک ثالوث
کہ تیرے کام کلام کی بھی
دے طاقت بندوں کو
ہم سے ترقیا ہو +

(388) تینسو اٹھاسیواں گیت (۳۸۸)

۱
بنت صیحون یروسلم
تُو رب کی قدرت دیکھیگی
کیوں خاک میں پڑی ہی
کر کیسی بڑی ہی +

۲
جاگ قدرت سے ملبس ہو
اب آیا وقت رہائی کا
ہو خرم اور خوشحال
مقبولیت کا سال +

۳
زمین کی ساری قوموں سے
مسیح کی خبر سُن کرکے
لوگ چلے آتے ہیں
ایمان وہ لاتے ہیں +

۴
مسیح کہ جس نے قوموں پر
کب ہوگا سیر جب اپنوں کو
اب ہاتھ بڑھایا ہی
اُس نے سب پایا ہی +

۵
خدا کی چُنی ہوئی قوم
اور ساری اُمّت گاویگی
تب کریگی تحسین
حمد ربّ العالمین +

(389) تینسو نواسیواں گیت (۳۸۹)

۱
خدایا قوم کی قوم
اب تک شیطان کے ہیں اسیر
جو ہیں بر روئے زمین
بے دین و بے تسکین +

۲
اُن کی اسیری توڑ
انجیل کی بات کو موثر کر
اور روح کے اثر سے
انہیں رہائی دے +

منادیوں کو دیکھ
آنسو بہاتے بوتے بیج
اُن سے تیرہ کر دیا
وے محنت سے تب فارغ ہوں

۳ وہ بیج کو صبح شام
سُناتے خوش پیام +
۴ کہ جب کر چکے کام
اور پاویں بہشت آرام +

(390) تین سو نوواں گیت (۳۹۰)

اَے خداوند پاک کلام کو
اپنے پسندیدہ نام کو
اُمتوں میں

۱ سارے عالم میں چلا
اُمتوں ہیں جلد پھیلا
اپنے نام کو جلد پھیلا +

دُور کر ڈال سب بت پرستی
سب بیدینی اور ناراستی
نورِ حق سے

۲ سارا آسرا دیؤوں کا
نورِ حق سے جلد مٹا
سب تاریکی جلد مٹا +

واقف ہوں نجات کی راہ سے
پورب پچھم کے باشندے
ساری قومیں

۳ روشن ہوویں سب کی جان
لاویں تجھی پر ایمان
لاویں تجھی پر ایمان +

اَے خداوند تو آسمان کا
تو کلیسیا کا ہمیشہ
تا وہ سب تجھے

۴ اور زمین کا ہی مختار
ساتھی ہو اور مددگار
کرے سبھوں پر آشکار +

جہاں تیری ہو منادی
جہاں تک اِنجیل پھیل جاتی
کر تو قائم

۵ روح کی برکت نازل ہو
اپنی پاک بادشاہت کو
اپنے راج مبارک کو +

(391) تینسو اکیانویوان گیت (۳۹۱)

۱
دیکھ کلیسیا ای خداوند
یہہ تاریکی کب مٹیگی
چاروں طرف کھیت ہیں پکے
کیا مسیح بیفائدہ موا
انتظاری کر رہی
روشنی کب تک آویگی
کاٹنیوالے ہیں کہاں
غالب ہووےگا کیا شیطان ❊

۲
بعض ایک قوم کو شاگرد کرو
لاکھوں نے آج تک نہ پایا
یارو ملک بہ ملک میں جاکے
جب تک انتہائے دنیا
یہہ مسیح کا ہی کلام
الفت کا یہہ خاص پیغام
پاک انجیل کی خبر دو
کل مسیح کے تابع ہوں ❊

۳
تب مسیح کا راج ہو قائم
اپنے شاہ کے ساتھہ جلال میں
جائے تب سب رنج جدائی
دنیا کی بادشاہت سے نکلے
جنگ روحانی ہو تمام
ہو کلیسیا باآرام
جانی دشمن بھی مغلوب
آ جلد آ مسیح محبوب ❊

(392) تینسو بانویوان گیت (۳۹۲)

۱
ای روح القدس رب الحیات
تو اپنے فضل کی بہتات
روسے زمین کی قوموں پر
اور اپنی قوت نازل کر ❊

۲
گنہگاروں کے دل زبان
انجیل بھی داخل ہو جہاں
پاک محبت کے جوش سے کر لبریز
موثر ہو اور دل آویز ❊

۳
ظلمات ہو تیرے سامنے نور
کر رحمت سے سب غضب دور
ویرانی ہو آراستگی
ضعیف کو بخش تو تازگی ❊

۴
ای روح حق کر کل جہان
حیات کے نور سے سب انسان
خدا کے ملنے کو تیار
سچائی کے ہوں تابعدار ❊

۵
سب قوموں پر دور اور قریب
ھر ملک پر غالب ھو صلیب
تو ظاھر کر مسیح کا نام
تا رب کو مانیں کل اقوام +

(393) تینسو ترانویواں گیت (۳۹۳)

۱
سارے جگ کے مہاراجا
تیری نیت جو ستھاپت ھووے
پربھو عیسیٰ
تیرے راج کی ھووے جی
وشٹ کے راج کی ھووتی پچھی
راج تو کریگا نپیچی +

۲
دھرم اور پریم کا سندیا
جہاں وہ پرچارا جاوے
پربھو عیسیٰ
جگت میں پرسدھ کروا
اپنی سامرتھ بھی دکھا
اپنے راج کا تیج پرگٹا +

۳
دے سب سندیسیوں کو
جنتیں پرگٹ ھوھر دیس میں
پربھو عیسیٰ
تیر اور دھیر پرتیت اور پریت
مکت کا گیان اور بھگت کی نیت
تیری جی ھو جگ کے ہیت +

(394) تینسو چورانویواں گیت (۳۹۴)

۱
آوے پربھو تیرا راج
دیس کے دیس جو دھرم ہین
آوے پربھو تیرا راج
سارے جگت میں سراج
ھوویں تیرے سب آدھین
سارے جگت میں سراج +

۲
سب ھیں بھولے بھرم آدھین
مکت کی آس سے پرے ھیں
آوے پربھو تیرا راج
سب ھیں پاپی من ملین
نرک مارگ دھرے ھیں
سارے جگت میں سراج +

۳
تیرے پرن میں ابتیت
یسوع سب کا راجا ھی
آوے پربھو تیرا راج
ان پر میری ھی پرتیت
پربھو اور جگدیا ھی
سارے جگت میں سراج +

پھوں دیس کے دویپ اور دیس	۴	جانیں سب تجھے جگنریس
سب پرودھ کو کر تو ناش		اپنے تیج کو کر پرکاش
آوے پربھو تیرا راج		سارے جگت میں پراج

خیرات

تینسو پچانویواں گیت (۳۹۵)

ای مالک دونوں عالم کے	۱	تیری تعظیم ھو سبھوں سے
لائق تعریف کون کر سکے۔ خداوندا		
آفتاب کا نور باد بہار	۲	پھولوں اور پھل کے باغ گلزار
شان تیری کرتے ھیں آشکار۔ خداوندا		
آرام محبت صحت بھی	۳	کل نعمتیں و زندگی
تیری ھی بخشش ھیں سبھی۔ خداوندا		
تو ھی نے اپنے بیٹے کو	۴	بخشا کہ پاک کفارہ ھو
شکر ھمیشہ تیرا ھو۔ خداوندا		
تو نے پاک روح عنایت کی	۵	چشمۂ زور و تازگی
صفت گنا برکت ھیں اُس کی۔ خداوندا		
مخلصی تو نے کی عطا	۶	فضل و رحمت بے بہا
ای باپ ھم تجھے دیویں کیا۔ خداوندا		
جو کچھ ھم تجھے دیوینگے	۷	سو گنا پھر ھم پاوینگے
سو دیویں ھم سب خوشی سے۔ خداوندا		
آسمانی باپ قادر غفور	۸	تیرے ھم رھیں نت مشکور
ھماری نذریں کر منظور۔ خداوندا		

بحری مسافروں کے لئے

(۳۹۶) تینسو چھیانویواں گیت (396)

۱
اے ابدی باپ تو قادر ھے
وہ تجھ کو مالک جانتا ھے
پکارتے ھیں ھم اے خدا
سمندر بھی تابع ھے
اور اُس کی حد تو باندھتا ھے
مسافر بحری کے بچا *

۲
مسیحا تیرا جب فرمان
تو لہروں اوپر چلتا تھا
پکارتے ھم اے ابن اللہ
فی الفور تھم گیا تھا طوفان
اور بیچ سمندر سوتا تھا
مسافر بحری کے بچا *

۳
اے روحِ پاک تو پانی پر
گھبراھٹ اور تلاطم بھی
پکارتے ھم اے روح اللہ
اُس اگلے وقت میں جنبش کر
مٹا کے چین و راحت دی
مسافر بحری کے بچا *

۴
اے پاک ثالوث بچا سب کو
دشمن یا آتش یا طوفان
تب خشکی سے اور تری سے
خطرہ کے وقت میں حافظ ھو
ان سے نہ ھووے کچھ نقصان
تعریف کے گیت ھم گاوینگے *

شکرانہ

(۳۹۷) تینسو ستانویواں گیت (397)

۱
خدا کی اب تعریف
وہ نعمت بخشتا ھے
جب ما کی گود میں تھے
ھماری خبر لی
زبان اور دل سے گاؤ
سب اُس کا گیت سناؤ
اُس وقت سے تا ھنوز
اور لیتا ھے ہر روز *

ہماری عمر بھر
ہمیں خوشدلی دے
اور اُسکے فضل میں
اب ہمیں برکت دے

۲ خدا جو ہر کرامت
اور رکھے بہ سلامت
ہم رہیں کل اوقات
اور آخر کو نجات +

ہم شکر اور سپاس
باپ کی اور بیٹے کی
وہ ازل سے موجود
اب ہی اور ابد تک

۳ خدا کی بجا لاویں
اور روح کی حمد ہم گاویں
تین ایک برحق خدا
نت باقی رہیگا +

(۳۹۸) تینسواٹھانویواں گیت (398)

سب ملکے آج خوشدلی سے
اور اپنے ربّ القادر کے
کہ بڑا اُس کا نام
وہ سچا ہی خدا

۱ ستائش کے گیت گاؤ
نجات کے کام سناؤ
عجیب ہیں پیار کے کام
اور چشمہ فضل کا

اے قوموں سجدہ کرو +

پکارتے تھے تنگ حالت میں
پس اُسی پر ہر حالت میں
اُسکی تعریف کے گان
اور ساری خلق اللہ

۲ فریاد کو اُس نے سنا
کرو بھروسا پورا
ہم گاویں خوش زبان
نت ہے حمد اللہ

اے قوموں سجدہ کرو +

سب ملکے آج خوشدلی سے
اور اپنے ربّ القادر کے
کہ بڑا اُس کا نام
وہ سچا ہی خدا

۳ ستائش کے گیت گاؤ
نجات کے کام سناؤ
عجیب ہیں پیار کے کام
اور چشمہ فضل کا

اے قوموں سجدہ کرو +

فصل

(۳۹۹) تینسو ننانویواں گیت (399)

رب کا شکر هو | ۱ | وہ سب مخلوقات کا هی رزّاق
روزی سب کو دیتا هی خلّاق | | رب کا شکر هو
بادشاہ کا جو خبرگیر | | وہ فقیر کا هی دستگیر

منعم حقیقی کو حمد *

رب کا شکر هو | ۲ | وہ آسمان کے بالاخانہ سے
سرزمین خوش کرتا پانی سے | | رب کا شکر هو
جنگل باغ اور گل کوہ سار | | وهی کرتا هی گلزار

منعم حقیقی کو حمد *

رب کا شکر هو | ۳ | وہ سب برکتوں کا بانی هی
اُس سے هر ایک کو شادمانی هی | | رب کا شکر هو
کاش کہ هم بدل و جان | | اُس کے شاکر هوں هر آن

منعم حقیقی کو حمد *

فصل

(۴۰۰) چارسوواں گیت (400)

جب شروع میں تمام جہان | ۱ | اندھیرا تھا ویران سنسان
خدا نے کہا "روشنی هو" | | اور شکل بخشی دنیا کو *
اُس وقت سے مہربان خدا | ۲ | نعمتوں کا چشمہ تھا
اور اُس سے آتی هیں هنوز | | سب اچھی چیزیں روز بروز

*

۳ وہی چمکاتا ہی آفتاب — اور روشن کرتا ہی ماہتاب
وہ ٹپکاتا مینہہ اور باد بار بار — زمین کو کرتا ہی پھلدار ✣

۴ خداوند بخشتا سال کو تاج — وہ پیدا کرتا ہی اناج
سرسبز وہ کرتا ہی میدان — انسان تاثیر ہوں اور حیوان ✣

۵ ہمارا چین اور اطمینان — خیر و عافیت اور امان
سب زور و طاقت اور حیات — خداوند کی ہی عنایات ✣

۶ پس نعمتوں کے بانی کو — سب شکر حمد اور ثنا ہو
کہ جیسا ابتدا میں تھا — سو اب تک ہی اور رہیگا ✣

(401) چارسو پہلا گیت (۴۰۱)

۱ کرو حمد خداوند کی — گاؤ گیت یہ عاجزی
اُس کی رحمت ہی تمام — وافی قائم اور مُدام ✣

۲ سورج چاند اور کُل آسمان — ظاہر کرتے اُس کی شان
اُس کی رحمت ہی تمام — وافی قائم اور مُدام ✣

۳ وہی مینہہ برساتا ہی — اور اناج آگاتا ہی
اُس کی رحمت ہی تمام — وافی قائم اور مُدام ✣

۴ وقت پر کھیت کے حاصلات — پھل کی بخشتا وہ بہتات
اُس کی رحمت ہی تمام — وافی قائم اور مُدام ✣

۵ اور خوراک غیرفانی بھی — کامل بخشش ہی اُس کی
اُس کی رحمت ہی تمام — وافی قائم اور مُدام ✣

۶ ہو محمود ای فیض معمور — خلقت حمد کر ہو مسرور
اُس کی رحمت ہی تمام — وافی قائم اور مُدام ✣

(402) چارسو دوسرا گیت (۴۰۲)

۱
ھم جوتتے ھیں اور بوتے — زمین میں بیج بار بار
پر برکت کے ھم ھوتے — خدا سے اُمیدوار
وہ اوس اور مینھہ برساتا — تا کھیت کي نرمي ھو
وہ ھوا کو چلاتا — اور بھیجتا گرمي کو
ساري اچھي بخشش — آسمان سے آتي ھیں
پس شکر ھو ھاں شکر ھو — خداوند کو +

۲
چاند سورج اور ستارے — اور ساري موجودات
جو گرداگرد ھمارے — ھیں اُس کے مخلوقات
اناج اور سب آدھار کو — وھي اُگاتا ھي
انسان اور سب جاندار کو — وھي کھلاتا ھي
ساري اچھي بخشش وغیرہ +

۳
پس تیرا باپ آسماني — ھو شکر اور سپاس
ھي تیري مھرباني — بیحد اور بیقیاس
بہ عاجزي ھم آتے — اب تیرے پاک حضور
نذرانہ جو ھم لاتے — سو تجھے ھو منظور
ساري اچھي بخشش وغیرہ +

پروشنل

(۴۰۳) چارسوتیسرا گیت (403)

۱
یسوع کے سپاهي آگے قدم مار
کر صلیب هی آگے تیرے نمودار
تیرا شاهي پیشوا هی یسوع مسیح
اُس کے جهنڈے آگے چلتے هیں صریح
یسوع کے سپاهي آگے قدم مار
کر صلیب هی آگے تیرے نمودار +

۲
اِس نشان کو دیکهکے بهاگتا هی شیطان
آگے ای سپاهي فتح اپني مان
ثنا کي آواز سے دوزخ هی لرزان
بهائیو حمد اور ثنا اگاؤ خوش اِلحان
یسوع کے سپاهي - وغیرہ +

۳
لشکر سي کلیسیا جنگ میں چڑهتي هی
سابق کے بزرگ کو یاد میں رکهتي هی
هم ایک بدن بهائیو بیتفرقه هیں ایک
ایک تعلیم اور آسرا اُلفت میں بهي ایک
یسوع کے سپاهي - وغیرہ +

۴
تاج اور تخت هیں فاني راج هیں بیقیام
یسوع کي کلیسیا رهتي تا دوام
یہہ هی اُس کا وعدہ کر سب اِختیار
دوزخ کا نه غالب اور نه هو کامگار
یسوع کے سپاهي - وغیرہ +

پس سب قومو آؤ
گاؤ خوش آواز بجاؤ
بادشاہ کی تعریف میں
آدمی اور فرشتے

۵ جنگ میں شامل ہو
شاہانہ کو
یسوع جس کا نام
گاتے ہیں مقدم

یسوع کے سپاہی – وغیرہ +

گرجے کی بنیاد

(۴۰۴) چارسو چوتھا گیت (404)

۱ کریم خدا اس گرجے پر
باکثرت اپنی برکت دھر
جسکی بنیاد ہم ڈالتے ہیں
ہم تیری منت کرتے ہیں +

۲ تو گرجے کو بناویگا
لوگ اپنے پاس بلاویگا
اور آپ ہی اس میں آویگا
ان سبھے بزرگی پاویگا +

۳ اور وہ جو اب تک تجھ سے دور
وہ دیکھیں تیرے حق کا نور
اور سب تجھے نہ پہچانتے ہیں
حضور میں تیرے پاویں چین +

۴ یہہ بخشش کر ہم کو تیرا شکر
بھروسا رکھیں تجھی پر
دلپسند جا ہو ای خدا
پھل روح کے لاویں سو گنا +

۵ تعریف آسمان پر تیری ہو
زمین پر بھی حمد تیری ہو
فرشتوں سے جو بیشمار
ان سب سے جو ہیں ایماندار +

(۴۰۵) چارسو پانچواں گیت (405)

۱ ایمان سے ہم اس پتھر کو
گر تیرا ای رحیم خدا
اب دھرتے تا اس جا پر ہو
کامیابی کرم سے فرما +

۲
جب لوگ پکاریں ایک دل ہو
اور ڈھونڈھیں تیرے چہرے کو
تب اپنی مقدس خاص میں سے
تو مدد بھیج اور برکت دے ✣

۳
جب تیرے خادم کریں وعظ
اور کھولیں پاک انجیل کے راز
یسوع کی خاطر سے تو آ
اپ جھبے اور نشان دکھا ✣

۴
پس کیا یہوواہ اُتریگا
اور سدا اس میں رہیگا
مسیح اور روح القدس کی بھی
یہہ جائے سکونت ہوویگی ✣

۵
جلال تو اپنا اس میں بھر
بنا ہم سب کو اپنا گھر
سب دلوں میں ہو تخت نشین
اے یسوع رب العالمین ✣

خادم الدین کا تقرر

(406) چار سو چھٹواں گیت (۴۰۶)

۱
کلیسیا کے بزرگ چوپان
مسیحا عالی نگہبان
اس وقت تو ساری مجلس پر
اپنی روح پاک کو نازل کر ✣

۲
اس اپنے خادم پر اللہ
تو کر خاص رحم کی نگاہ
انجیل کی خدمت کرنے کو
اب اُس کا پاک تقرر ہو ✣

۳
تقرر پانیوالے کو
پاک روح کا مسح حاصل ہو
ہو اُس کے اُوپر مہربان
کہ ٹھہرے اچھا نگہبان ✣

۴
اور نگہبان کے گلہ پر
تو اپنے روح کو نازل کر
کہ گلہ بان اور گلہ کو
تجھی سے پوری برکت ہو ✣

موت اور دفن

(407) چار سو ساتواں گیت (۴۰۷)

۱
آدمی دھول ہے گھاس کا پھول ہے — جلدی وہ مرجھاتا ہے
آج وہ آتا کل وہ جاتا — پھول سا جلد کمھلاتا ہے +

۲
کیا امیر ہو کیا فقیر ہو — دونوں کو موت آتی ہے
نوجوان کو ناتوان کو — دونوں کو لے جاتی ہے +

۳
باپ آسمانی سب نادانی — دفع کر دل میرے سے
تو ہوشیاری اور تیاری — عاقبت کی بخش مجھے دے +

چار سو آٹھواں گیت ([illegible])

۱
یسوع میری امیدگاہ — میرا منجی ہوا زندہ
اس سے مجھے خوشی ہے — زندہ ہے نجات دہندہ
موت کی کیوں اندھیری رات — مجھ میں لاوے خوف کی بات +

۲
میرا منجی زندہ ہے — اس سے میں بھی زندہ ہونگا
شاہِ زندگی کے ہاتھ — میں بھی زندگانی لونگا
سر کیا اپنے بدن کا — کوئی عضو چھوڑیگا +

۳
مسیح امید کے بندھن سے — ہم مسیح میں جکڑا گیا
یسوع کی رفاقت میں — میں ایمان سے پکڑا گیا
روح کی یہ یگانگی — کبھی موت نہ توڑیگی!

۴
خاکی ہو کے خاک ہی میں — ملیگی تو میری قامت
پر مسیح کی قدرت سے — جی اٹھیگی روز قیامت
تب مسیح کے پاس بیٹھک — رہونگا میں ابد تک +

(۴۰۹) چار سو نواں گیت (۴۰۹)

۱
خدا کو پسند آیا
ایک چھوٹے کو اُٹھایا
کہ ایک کو رِحلت دے
ہمارے بیچ میں سے +

۲
فرشتہ اُس نے بھیجا
اور اُسے اچھی جگہہ
کہ آہستہ اُس سے لے
آسمان کے بیچ میں دے +

۳
اب وہ آسمان میں پاتا
تعریف اور حمد بجاتا
سُکھ چین اور اِطمینان
خداوند کی ہر آن +

۴
اب اُس کی لاش ہم بوتے
جہاں سب جِسم سوتے
زمین کی گود ہی میں
اُمّید قیامت میں +

۵
سو چین کر ابھی دُلارے
مسیح اپنے پیارے
نرسنگا پھونکیگا
ضرور جگا دیگا +

۶
وہ تیرا خاکی بدن
اور ایک جلالی بدن
تب بدل ڈالیگا
زمین سے اُٹھیگا +

(۴۱۰) چار سو دسواں گیت (۴۱۰)

۱
کیا سدا
نہیں وہ تو دھول میں پڑے
تن بِناش میں رہیگا
مرت کے موئی گھر میں سڑے
پر وہ پھر جی اُٹھیگا +

۲
گور کا دوار
جیون اور امرتا لایا
توڑ کے ہم کو کھرسٹ اُدّھار
کھرِسٹ نے ناشک کو ہرایا
ہے مرت تیری جَی کہاں +

۳
دھنی دِن
جب ہم دیکھ اور سب بیادھی
دیہہ کے اُتّھان کے دِن
امرت سرُن اور سمادھی
ترھی سُنکے چھوڑ دینگے +

